مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ ؕ

مِصباحُ العَوامِل

یعنی

مترجم اردو شرح مائۃ عامِل

مع شرح وترکیب بزبان اردو کامل

مع اضافہ مقدمہ وحل مطالب وغیرہ

از صاحبزادہ مولانا حامد میاں صاحب ابن شیخ الادب والفقہ
حضرت مولانا محمد اعزاز علی صاحب استاذ دار العلوم دیوبند

ناشر

میر محمد کتب خانہ آرام باغ، کراچی

مَاشَاءَاللّٰهُ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ط

مِصبَاحُ العَوَامِل

یعنی

مترجم اردو شرح مأتہ عَامِل

مع شرح وترکیب بزبان اردو کامل

مع اضافہ مقدمہ وحل مطالب وغیرہ

از صاحبزادہ مولانا حامد میاں صاحب ابن شیخ الادب والفقہ

حضرت مولانا محمد اعزاز علی صاحب استاذ دار العلوم دیوبند

ناشر

میر محمد کتب خانہ آرام باغ، کراچی

مقدمہ

مُشتمِل بر فوائد ضروریہ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ امّا بعد۔ مؤلفین کی عادت رہی ہے کہ کتاب کے شروع میں کچھ ایسی کار آمد باتیں بیان کر دیتے ہیں جن کے جان لینے سے متعلم (یعنی پڑھنے والے کو) اس کتاب دیکھنے اور ایسی بصیرت پیدا ہو جاتی ہے جس سے مطالب کتاب بڑی آسانی سے سمجھ میں آجاتے ہیں۔ ان ہی بیانوں کے ذکر کو اصطلاح میں مقدمۃ الکتاب کہا جاتا ہے۔ اس لئے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب کے شروع میں بھی مقاصد اور اغراض کا لحاظ رکھتے ہوئے کچھ ایسی مفید باتیں ذکر کر دی جائیں جو اس کتاب کے پڑھنے والے کے لئے کلام عربی کی ترکیب میں نفع بخش اور کار آمد اور موجب بصیرت ہوں وماتوفیقی الا باللہ وھو المستعان۔

لفظ عربی:۔ (وہ جو معنی کے لئے وضع کیا گیا ہو) یا مفرد ہوتا ہے یا مرکب۔

تعریف مفرد:۔ مفرد وہ لفظ ہے جو تنہا ہو اور ایک معنی پر دلالت کرے اس کو کلمہ بھی کہتے ہیں۔

اقسام مفرد:۔ مفرد یا کلمہ تین قسم پر ہے (۱) اسم جو معنی مستقل رکھتا ہو اور زمانہ پر دلالت نہ کرے جیسے زید عمرو وغیرہ (۲) فعل جو معنی مستقل رکھتا ہو اور زمانہ پر بھی دلالت کرے۔ زمانے تین ہیں۔ ماضی، حال، استقبال جیسے ضرب یضرب (۳) حرف جو معنی مستقل نہ رکھتا ہو جیسے مِن والیٰ۔

اقسامِ اسم:۔ پھر اسم کی دو قسمیں ہیں معرب اور مبنی۔ معرب وہ اسم ہے جو عوامل کے اختلاف سے بدلتا رہے اور مبنی وہ اسم ہے جو عوامل کے اختلاف سے نہ بدلے۔ معرب مرفوع اور منصوب اور مجرور ہوتا ہے۔

مرفوعات:۔ پس مرفوع یہ چیزیں ہیں۔ فاعل، مفعول مالم یسم فاعلہ، مبتدا، خبر مبتدا، اِنّ اور اس کے اخوات کی خبر۔ کان اور اس کی اخوات کا اسم۔ لائے نفی جنس کی خبر۔ ما۔ او لا مشابہ بلیس کا اسم۔

منصوبات:۔ اور منصوب یہ چیزیں ہیں (۱) مفعول مطلق (۲) مفعول بہ (۳) مفعول فیہ (۴) مفعول لہٗ (۵) مفعول معہ (۶) حال (۷) تمیز (۸) مستثنیٰ (۹) اِنّ اور اس کی اخوات کا اسم (۱۰) کان اور اس کی اخوات کی خبر (۱۱) لائے نفی جنس کا اسم اور (۱۲) ما و لا مشابہ بلیس کی خبر۔

مجرورات:۔ اور مجرورات صرف دو ہیں (۱) مضاف الیہ (۲) اور وہ اسم جس کے شروع میں حرف جر ہو

مرکب:۔ وہ لفظ ہے جو دو یا دو سے زیادہ کلموں سے مل کر بنے۔

مرکب کے اقسام اور ان کی تعریفات:۔ مرکب کی دو قسمیں ہیں (۱) مفید (۲) غیر مفید مرکب مفید

ایسا مرکب ہے کہ جب کہنے والا کہہ کر خاموش ہو جائے تو سننے والے کو اس سے کوئی خبر یا کوئی طلب معلوم ہو یعنی یہ معلوم ہو جائے کہ اس کلام سے متکلم کسی بات کی خبر دے رہا ہے یا پھر متکلم کسی کام کو طلب کر رہا ہے جیسے زید قائم کہ اس سے قیام زید کی خبر دے رہا ہے اور جیسے اضرب کہ اس سے فعل ضرب کو طلب کر رہا ہے۔

مرکب مفید کو مرکب تام اور مرکب اسنادی اور کلام اور جملہ بھی کہہ دیتے ہیں۔ اور مرکب غیر مفید وہ مرکب ہے کہ جس سے مخاطب کو کوئی خبر یا کوئی طلب معلوم نہ ہو۔

مرکب غیر مفید کے اقسام مع امثلہ:۔ مرکب غیر مفید کی تین قسمیں ہیں (۱) مرکب تقییدی جیسے غلام زید مرکب بنائی جیسے احد عشر اور مرکب منع صرف جیسے بعلبک۔

نوٹ ۔ مرکب غیر مفید ہمیشہ جملہ کا جزء ہوتا ہے جیسے غلام زید قائم ۔ عندی احد عشر درہما۔ جاء بعلبک

مرکب مفید کے اقسام اور ان کی تعریفات :۔ مرکب مفید یا جملہ دو قسم پر ہے۔ خبریہ اور انشائیہ جملہ انشائیہ وہ جملہ ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہہ سکیں جیسے اضرب انت اور جملہ خبریہ وہ جملہ ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہہ سکیں جیسے زید قائم اور ضرب زید پھر جملہ خبریہ چند قسم پر ہے۔ اسمیہ، فعلیہ، شرطیہ، ظرفیہ۔ اگر جملہ کا پہلا جزء اسم ہو جیسے زید قائم تو ایسے جملہ کو جملہ اسمیہ کہتے ہیں اور اس کا پہلا جزء مسند الیہ یا مبتدا کہلاتا ہے اور دوسرا جزء خبر یا مسند۔ اور اگر جملہ کا پہلا جزء فعل ہو تو اس کو جملہ فعلیہ کہتے ہیں جیسے ضرب زید اس میں پہلا جزء مسند ہے اس کو فعل کہتے ہیں اور دوسرا جزء مسند الیہ اسکو فاعل کہتے ہیں

نوٹ) مسند حکم ہے اور مسند الیہ وہ ہے جس پر حکم کیا جائے لہذا اسم مسند اور مسند الیہ دونوں ہو سکتا ہے اور فعل صرف مسند ہو سکتا ہے مسند الیہ نہیں ہو سکتا ہے۔ اور حرف نہ مسند اور نہ مسند الیہ۔ یہی وجہ ہے کہ کلام یا دو اسموں یا ایک اسم اور ایک فعل سے مرکب ہوتا ہے اور دو فعلوں اور دو حرفوں اور ایک فعل اور ایک حرف اور ایک اسم اور ایک حرف سے مرکب نہیں ہو سکتا۔ اور اگر جملہ کا پہلا جزء اسم ظرف یا جار مجرور ہو تو اس کو ظرفیہ کہتے ہیں جیسے عندی مال و فی الدار زید۔ یہ اخفش کی رائے ہے ورنہ سہیلی اس کو بھی اسمیہ کہتے ہیں۔

اور اگر جملہ کے پہلے جزء پر کلمہ شرط داخل ہو جائے تو اس کو شرطیہ کہیں گے جیسے ان جئتنی اکرمتک جملہ کی اور بھی بہت سی قسمیں ہیں جیسے معطوفہ، مستانفہ اور تفسیریہ وغیرہ۔

اصول جملہ :۔ لیکن جملہ کی تمام قسموں میں سے چار قسمیں اصل ہیں اسی لئے نحات فرماتے ہیں ان اصل الجملۃ اربعۃ اور جملہ کی باقی قسموں کو صفات جملہ کہتے ہیں اور فرماتے ہیں وصفۃ الجملۃ تسعۃ اور اگر ذرا غور سے کام لیا جائے اور نظر جلی سے دیکھا جائے تو اصل الاصول صرف دو ہی قسمیں ہیں کیونکہ جملہ ظرفیہ حقیقت میں یا فعلیہ ہوتا ہے یا اسمیہ جیسا کہ نحاۃ بصری و کوفی فرماتے ہیں۔ اور اسی طرح شرطیہ اصل میں جملہ فعلیہ ہے حرف شرط کے داخل ہونے کی وجہ سے اگرچہ اخفش نے اس کو ایک مستقل قسم قرار دیا ہے۔

نوٹ) جملہ کی دو قسمیں اور بھی کی جاتی ہیں ایک صغریٰ اور دوسری کبریٰ۔ صغریٰ ایسے جملہ کو کہا جاتا ہے جس کے

دونوں جز مفرد ہوں جیسے زید عالم اور ضرب زید۔ اور کبریٰ ایسے جملہ کو کہا جاتا ہے جس کا پہلا جزء اسم ہو اور دوسرا جزء جملہ ہو۔ پھر کبریٰ کی دو قسمیں ہیں۔ اگر دوسرا جزء کامل جملہ اسمیہ ہو جیسے بکر عمر ذاہب تو یہ جملہ ذات وجہ کہلائیگا۔ اور اگر دوسرا جزء کامل جملہ فعلیہ ہو جیسے خالد ضرب اخوہ تو یہ جملہ ذات وجہین کہلاتا ہے۔

صفات جملہ :۔ ابھی جو نحویوں کا قول صفۃ الجملۃ تسعۃ گذرا تھا اس کا مطلب یہ ہے کہ جملہ کی صفات کے اعتبار سے نو قسمیں ہیں۔ ان کی تفصیل ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

(۱) مستانفہ جس کا دوسرا نام ابتدائیہ بھی ہے اس کی دو صورتیں ہیں۔ ایک صورت تو یہ ہے کہ وہ جملہ شروع کلام میں واقع ہو اس سے پہلے کوئی جملہ نہ ہو جیسے تم اپنے کلام کو یوں شروع کرو " انت صدیقی (تو میرا دوست ہے) یا کہو ضربنی زید (مجھ کو زید نے مارا) تو اس کو مفتتحہ کہیں گے۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ وہ جملہ درمیان کلام میں اس طرح واقع ہو کہ اس کا کلام سابق سے کوئی تعلق نہ ہو جیسے مات فلان رحمہ اللہ یا جیسے باری تعالیٰ کا قول ہے لایحزنک قولھم ان العزۃ للہ جمیعًا۔ اس ثانی صورت کا نام مقطوعہ یا منقطعہ رکھتے ہیں۔

(۲) معترضہ ایسے جملہ کو کہا جاتا ہے جو ایسی دو متلازم چیزوں کے درمیان واقع ہو جن کے درمیان فصل بالاجنبی جائز نہ ہو پھر یہ جملہ معترضہ اس جملہ کیلئے تقویت کا کام کرتا ہے جس کے اجزا کے درمیان واقع ہوا ہے۔ اور یہ جملہ معترضہ فعل اور فاعل کے درمیان موصول اور صلہ کے درمیان موصوف اور صفت کے درمیان قسم اور جواب قسم کے درمیان اور شرط اور جزا کے درمیان اور مبتدا و خبر کے درمیان واقع ہوتا ہے ان الذین کفروا سواء علیھم ءانذرتھم ام لم تنذرھم لایؤمنون۔ (۳) جملہ تفسیریہ جس کو مفسرہ اور مبینہ بھی کہہ دیتے ہیں وہ جملہ ہے کہ جس سے پہلے کوئی کلام مبہم یا مجمل آیا ہو اور اس جملہ کو اس کی وضاحت یا تفسیر کے لئے لایا گیا ہو۔ اس کی دو صورتیں ہیں۔ ایک صورت تو یہ ہے کہ وہ حرف تفسیر سے خالی ہو جیسے قرآن مجید میں ان مثل عیسیٰ عند اللہ کمثل اٰدم کے بعد خلقہ من تراب جملہ تفسیریہ ہے لیکن حرف تفسیر سے خالی ہے۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ حرف تفسیر بھی موجود ہو جیسے زید کثیر الرماد ای ھو سخی (۴) جملہ معللہ وہ جملہ ہے کہ جس سے پہلے کوئی حکم مذکور ہو اور یہ جملہ اس حکم کی علت بیان کرنے کے لئے لایا گیا ہو جیسے لاتصوموا فی ایام الاضحی فانھا ایام اکل وشرب (یعنی قربانی کے دنوں میں روزہ نہ رکھو کیونکہ یہ ایام اللہ تعالیٰ کی طرف سے کھانے اور پینے کے لئے ہیں) اس مثال میں فانھا ایام اکل و شرب جملہ معللہ ہے کیونکہ پہلے کلام میں جو ممانعت روزہ کا حکم ہے اس کی علت بیان کر رہا ہے (۵) جملہ جواب قسم۔ جواب قسم وہ جملہ ہے جو قسم کے جواب میں واقع ہو جیسے والقراٰن الحکیم انک لمن المرسلین میں انک لمن المرسلین جواب قسم ہے اور پہلا جملہ والقراٰن الحکیم قسم ہے (۶) جملہ جواب شرط۔ جواب شرط وہ جملہ ہے جو شرط کا جواب ہو جیسے لو جئتنی لاکرمتک میں لاکرمتک جواب شرط ہے (۷) جملہ فصیحیہ اس کو جملہ نتیجیہ بھی کہہ دیا جاتا ہے۔ جملہ فصیحیہ ایسے جملہ کو کہا جاتا ہے جو کلام سابق سے پہلے پیدا ہوا ہو اور اس کلام کے لئے مثل نتیجہ کے ہو یہ بھی یاد رکھئے کہ یہ جملہ ہمیشہ شرط محذوف کی جزا بنا کرتا ہے جیسے نحوی فرماتے ہیں الخفض من خواص الاسم والجزم من خواص الفعل فلیس

فی الاسماء جزم وفی الافعال جر یعنی مجرور ہونا اسماء کا خاصہ ہے اور مجزوم ہونا افعال کا۔ پس نہیں ہے اسماء میں جزم اور افعال میں جر) اس کلام میں فلیس فی الاسماء جزم ولیس فی الافعال جر جملہ فصیحیہ ہے کیونکہ جملہ اولیٰ الخفض الخ سے پیدا ہو رہا ہے اور نیز یہ جملہ فلیس فی الاسماء جزم ولیس فی الافعال جر شرط محذوف کے جواب میں ہے۔ کلام تقدیر یہ ہوگی اذا اختص الخفض بالاسماء والجزم بالافعال فلیس فی الاسماء جزم ولیس فی الافعال جر اس فاء کو جو اس جملہ پر داخل ہوتی ہے فائے افصاحیہ کہتے ہیں اس لئے کہ یہ شرط مقدر کا افصاح یعنی اظہار کرتی ہے۔ (۸) جملہ معطوفہ وہ جملہ ہے جو اپنے سے پہلے کلام پر معطوف ہو جیسے زید عالم وبکر جاہل۔ (۹) صلہ موصول۔ وہ جملہ ہے جو کسی اسم موصول کیلئے صلہ بن رہا ہو اس کیلئے یہ شرط ہے کہ وہ جملہ خبریہ ہو اور مخاطب کو معلوم ہو اور جملہ میں ایک ضمیر بھی ہونا چاہئے لفظاً یا تقدیراً جو اسم موصول کی طرف لوٹ رہی ہو جیسے سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلاً من المسجد الحرام الی المسجد الاقصیٰ میں اسریٰ بعبدہٖ جملہ صلہ ہے اور خبریہ بھی ہے اور ایک ضمیر بھی ہے جو الذی اسم موصول کی طرف لوٹ رہی ہے (نوٹ) اسم موصول کے صلہ کا جملہ ہونا اس وقت ضروری ہے جبکہ الف لام بمعنی الذی اسم موصول نہ ہو کیونکہ اگر الف لام الذی کے معنی میں ہو کر اسم موصول بن رہا ہوگا تو اس وقت اس کے صلہ کا جملہ ہونا ضروری نہیں جیسے الدال علی الخیر کفاعلہ میں۔

علم نحو کی تعریف:۔ علم نحو ایک ایسا علم ہے کہ جس کے قوانین کلیہ کو جان لینے کے بعد انسان تینوں کلمہ کو یعنی اسم فعل حرف کو معرب اور مبنی ہونے کی حیثیت سے پہچان لیتا ہے اور نیز یہ بھی جان لیتا ہے کہ ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ کیساتھ کیسا تعلق ہے۔

علم نحو کی غرض وغایت:۔ اس علم کی غرض وغایت یہ ہے کہ انسان اس کو سیکھ کر اور اس کے قواعد کو کام میں لاکر کلام عربی میں غلطی سے محفوظ رہے۔

علم نحو کا موضوع:۔ ہر علم کا موضوع وہ شئی ہوتی ہے جس کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جاوے۔ بدیں وجہ اس علم نحو کا موضوع کلمہ اور کلام ہے کیونکہ ان ہی کے اغراض ذاتیہ سے بحث کی جاتی ہے۔

عوارض ذاتیہ کی تشریح:۔ عوارض شئی کے لئے چھ طرح کے ہوتے ہیں کیونکہ یا وہ اعراض لاحق ہوں گے شئی کو اسکی ذات کی وجہ سے یا اسکی جزء کی وجہ سے یا خارج کی وجہ سے اور خارج کی چار صورتیں ہیں یا خارج مساوی ہوگا یا اخص ہوگا یا اعم ہوگا یا مباین ہوگا۔ ان میں سے پہلے تین قسموں کو عوارض ذاتیہ کہتے ہیں اور بعد کی تین قسموں کو عوارض غریبہ۔

علم نحو کا موجد اوّل:۔ جب اللہ سبحانہ تعالیٰ نے اپنی کتاب قرآن مجید کو عربی زبان میں نازل فرمایا اور مسلمانوں کیلئے اسکو عملاً وتلاوۃً ضروری قرار دیدیا تو ہر ایک مسلمان کو اس کا پڑھنا اور اس پر عمل کرنا ضروری ہوا ادھر اسلام کی مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ اسلام عرب سے نکلکر عجم کی سرزمین میں پھیلتا جارہا تھا اور عجمی کثرت سے مسلمان ہو رہے تھے اور تلاوت قرآن اور مطالب قرآن سے اپنے دلوں کو منور کرنے لگے تو عربی قواعد نہ جاننے کی وجہ سے ان سے غلطی ہوئی اور یہ غلطی ہونا قدرتی بات بھی تھی اس لئے ضروری محسوس کی گئی کہ کلام عرب کی مدد سے عربی زبان کے قواعد کو مرتب کیا جائے تو اس ضرورت کی طرف سب سے پہلے توجہ کرنیوالے امیر المؤمنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ ہیں اور ان سے سب سے پہلے حاصل کرنیوالے ابو الاسود دؤلی ہیں۔ حضرت ابو الاسود دؤلی فرماتے ہیں کہ ایک روز میں حضرت علیؓ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے ان کے دست مبارک میں ایک رقعہ دیکھا

انہوں نے عرض کیا یا امیر المؤمنین یہ کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا کہ میں نے کلام عرب میں تامل کیا تو دیکھا کہ وہ شرح قوم کی مخالطت سے بگڑ گیا اس لئے اب میں نے یہ ارادہ کیا ہے کہ ایک ایسی شئی وضع کردوں کہ جس کی طرف لوگ بوقت ضرورت اگر رجوع کریں اور اعتماد کریں تو پھر غلطی سے بچ جائیں اور پھر وہ رقعہ آپ نے میری طرف بڑھا دیا میں نے دیکھا اس میں لکھا ہوا تھا الکلام کلہ اسم و فعل و حرف فالاسم ما انبأ عن المسمیٰ والفعل ما انبئ بہ والحرف ما افاد المعنی جس کا ترجمہ یہ ہے (پورا کلام اسم فعل حرف ہے پس اسم وہ ہے جس نے کسی مسمیٰ کی خبر دی اور فعل وہ جس کے ساتھ خبر دی گئی اور حرف وہ ہے جو معنیٰ کا فائدہ دے) پھر آپ نے فرمایا ھذا النحو واضف الیہ ما وقع الیک واعلم یا ابا اسود ان الاسماء ثلاثۃ ظاھر ومضمر ولا ظاھر ولا مضمر (یعنی آپ نے فرمایا اے ابو الاسود اس طریقہ پر چل اور جو تجھ کو معلوم ہے اس کو اس کے ساتھ ملا دے اور اے ابو الاسود اچھا اور جان لے کہ اسم تین قسم کے ہیں ظاہر مضمر اور ایک وہ جو نہ ظاہر ہے اور نہ مضمر مراد اس تیسرے سے ان کی اسم مبہم تھی۔ ابو الاسود فرماتے ہیں کہ میں نے سیدنا علیؓ کے فرمودہ میں اس طرح عمل کرنا شروع کیا کہ جب کوئی باب ابواب نحو میں وضع کرتا تو آپ کے سامنے پیش کر دیتا تھا یہاں تک کہ میں اس مقدار کے جمع کرنے میں کامیاب ہو گیا جو کافی تھی۔ تو پھر امیر المؤمنین سیدنا حضرت علیؓ نے فرمایا احسن ھذا النحو الذی نحوت یعنی کس قدر اچھا طریقہ ہے جو تو نے اختیار کیا اسی سبب سے اس علم کا نام نحو رکھا گیا۔

علم نحو کے موجد کے بارے میں عاصمؒ اور دوسرے حضرات کی آراء

حضرت عاصمؒ سے مروی ہے کہ علم نحو کا موجد اول ابو الاسود ہیں اور وجہ یہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ابو الاسود کے صاحبزادے نے عرض کیا احسن السماء ابو الاسود نے یہ خیال فرمایا کہ صاحبزادہ نے آسمان کی سب سے خوبصورت شئی کے متعلق سوال کیا ہے اسلئے جواب میں فرمایا نجومھا اس کے بعد صاحبزادے نے عرض کیا کہ ابا جان میرا مقصد خوبصورت ترین شئی کے متعلق معلوم کرنا نہ تھا بلکہ میں آسمان کی خوبی پر تعجب کا اظہار کر رہا تھا اس پر حضرت ابو الاسود نے جواب دیا کہ بیٹے اس طرح نہ کہئے بلکہ یوں کہئے ما احسن السما اس کے بعد ابو الاسود نے ضرورت کا خیال فرماتے ہوئے علم نحو کو وضع فرمایا اور سب سے پہلے جو باب قائم کیا وہ باب التعجب تھا۔

نیز موسیٰ ابن اسماعیل اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ بصرہ میں سب سے پہلے علم نحو ایجاد کرنے والے ابو الاسود ہیں۔ بعض کا یہ بھی خیال ہے کہ پہلے موجد نصر ابن عاصم ہیں۔ اور بعض یہ بھی فرماتے ہیں کہ پہلے موجد عبد الرحمٰن بن ہرمز اعرج ہیں مگر یہ قول صحیح نہیں کیونکہ عبد الرحمٰن بن ہرمز اعرج نے یہ علم یا ابو الاسود سے حاصل کیا یا پھر میمون اقرن سے حاصل کیا ہے۔ پس صحیح قول یہی ہے کہ اس علم کے پہلے موجد امیر المؤمنین سیدنا علی کرم اللہ وجہہ ہیں۔ چنانچہ مروی ہے کہ کسی نے ابو الاسود سے دریافت کیا کہ تم کو یہ علم کہاں سے حاصل ہوا تو انہوں نے جواب میں فرمایا کہ میں نے اس کی حدود حضرت علیؓ سے سیکھی ہیں۔ حضرت ابو عبیدہ نے بھی تصریح کی ہے کہ ابو الاسود حضرت علیؓ کے مصاحب رہے ہیں اور علم نحو میں آپ کے شاگرد بھی ہوئے ہیں حضرت ابو الاسود کی وفات ۶۹ھ میں مرض طاعون میں ہوئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مؤلف متن: اس کتاب کا متن جو مائۃ عامل کے نام سے موسوم ہیں اس کے مؤلف شیخ عبد القاہر جرجانی ہیں جن کی کنیت ابو بکر تھی اور جو اپنے زمانہ کے جید علماء میں شمار ہوتے تھے ان کی عظمت اس بات سے بھی صاف ظاہر ہے کہ انہوں نے علم حضرت سیرافی اور حضرت امام مازنی جیسے حضرات سے حاصل کیا جن کے اقوال کو علماء عربیہ بطور حجت اور دلیل پیش کرتے ہیں

شارح متن:- اور اس متن کے شارح یعنی شرح مائۃ عامل کے مؤلف صاحب مکنون محمد ماہ ابنؒ انور صاحبؒ کے قول کے مطابق مولانا عبدالرحمٰن جامی ہیں جو علم نحو کے مشہور و معروف عالم ہوئے ہیں اور شرح جامی جو کافیہ کی مشہور و معروف شرح ہیں وہ بھی آپ کی تصنیف ہیں۔ ان کی اس کتاب یعنی شرح مائۃ عامل کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں نحو کے تمام عامل آگئے اور نیز یہ بھی واضح ہوگیا کہ ان عاملوں کے ساتھ ان کے معمولین کو کس طرح ملایا جائے۔ فقط

بیان عوامل النحو وانواعها

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بعد توحید خداوند و درود مصطفیٰ — نعت آل پاک پیغمبر رسول مجتبیٰ
هست مدح خسرو غازی معین الدین حسین — حامی دین آفتاب معدلت ظل خدا
بر خلائق واجب و بر بندہ باشد فرض عین — چوں دعائے شاہزادہ سال و مہ صبح و مسا
نصرت و فتح و ظفر اقبال و جاہ و سلطنت — باد باقی ہر دو را تا ہست امکان بقا
عامل اندر نحو صد باشد چنیں فرمودہ اند — شیخ عبدالقاہر جرجانی پیر ہدا
معنوی از وے دو باشد جملہ دیگر لفظیند — باز لفظی شد سماعی و قیاسی اے فتا
زاں نود یک داں سماعی ہفت دیگر بر قیاس — آں سماعی سیزدہ نوع است بے روی و ریا

النوع الاول

نوع اول ہفدہ حرف جر بود میدان یقیں — کاندریں یک بیت آمد جملہ بے چون و چرا
باو تا و کاف و لام واو منذ مذ خلا — رب حاشا من عدا فی عن علیٰ حتے الیٰ

النوع الثانی والثالث

اِنَّ بِاَنَّ کَاَنَّ لیتَ لٰکِنَّ لعلَّ — نَاصب اسم اند و رافع در خبر ضد ما و لا

النوع الرابع

واؤ و یا و ہمزہ الا ایا وایے ہیا — ناصب اسم اند پس ایں ہفت حرف اے مقتدا

النوع الخامس

اَن و لن پس کی اذن ایں چار حرف معتبر — نصب مستقبل کنند ایں جملہ دائم انتقا

النوع السادس

ان و لم لما لام امر و لائے نہی نیز — پنج حرف جازم فعلند ہر یک بیدغا

النوع السابع

من و ما مہما و ای حیثما اذ ما متیٰ — اینما انّیٰ نہ اسم جازم آمد فعل را

النوع الثامن

ناصب اسم منکر نوع ہشتم چار اسم — ہست چوں تمیز باشد آں منکر بر کجا
اولیں لفظ عشر باشد مرکب با احد — ہم چنیں تا تسع تسعیں بر شمر ایں حکم را
باز ثانی کم چو استفہام باشد نے خبر — ثالث ایشاں کاین رابع ایشاں کذا

النوع التاسع

نہ بود اسمائے افعال کز ان شش ناصبند — دونک بلہ علیک حیہل باشد و ہا
پس روید باز رافع اسم را ہیہات داں — باز شتان ست سرعاں یاد گیر ایں مبتہا

النوع العاشر

نوع عاشر سیزدہ فعلند کایشاں ناقصند — رافع اسم اند و ناصب در خبر چوں ما ولا
کان صار اصبح امسی واضحی ظل بات — ما فتی ما دام ما انفک لیس باشد از قفا
ما برح ما زال افعالی کز ینہا مشتقند — ہر کجا بینی ہمیں حکم ست در جملہ روا

النوع الحادی عشر

دیگر افعال مقارب در عمل چوں ناقصند — ہست آں کاد کرب با وشک دیگر عسی

النوع الثانی عشر

دیگر افعال یقین و شک بود کاں بر دو اسم — چوں در آید ہر یکے منصوب سازد ہر دو را
خلتُ باشد با علمتُ پس حسبتُ با زعمتُ — پس ظننتُ با رأیتُ پس وجدتُ بحیطا

النوع الثالث عشر

رافع اسمائے جنس افعال مدح و ذم بود — چار باشد نعم، بئس، ساء، آنکہ حبذا

عوامل قیاسیہ

بعد ازاں ہفت قیاسی اسم فاعل مصدر ست — اسم مفعول و مضاف و فعل باشد مطلقا
پس صفت باشد کہ آں مانند اسم فاعل ست — ہفتم اسم تام باشد ناصب تمیز را

عوامل معنویہ

عامل فعل مضارع معنوی باشد بداں — ہم چنیں معنے بود عامل یقیں در مبتدا
دولت و اقبال و جاہ شاہزادہ بر کمال — در تضاعف باد دائم ختم کردم بر دعا

تمام شد

ته علم نحو میں مطابق اس طرز کے کہ جمع کیا ہے اسکو شیخ نے جو پیشوا ہیں برتر ہیں اپنے زمانہ کے تمام عالموں سے جن کا نام عبدالقاہر
ہے جو کہ بیٹے ہیں عبدالرحمن کے ایسے عبدالقاہر جو کہ جرجان کے رہنے والے ہیں۔ له بسم اللہ الخ با حرف جار اسم مضاف اللہ
موصوف الرحمن صفت اول الرحیم صفت ثانی اللہ موصوف اپنی دونوں صفتوں سے مل کر مضاف الیہ ہوا اسم مضاف کا اسم مضاف
اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا بے حرف جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق مقدم ہوا فعل مقدر اشرع یا اقرء کا اشرع یا اقرء فعل
اس میں انا ضمیر متکلم مستتر وہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر لفظاً جملہ فعلیہ خبریہ ہوا معنیً انشائیہ ہوا ۲ الحمد للہ
الخ الحمد مبتدا ل حرف جار اللہ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق اول ہوا ثابت مقدر کے علیٰ حرف جار نعماء مضاف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

الحمد للہ علیٰ نعمائہ الشاملۃ والآئہ الکاملۃ والصلوٰۃ علیٰ سید الانبیاء محمد المصطفیٰ وعلیٰ آلہ المجتبیٰ اعلم ان العوامل فی النحو علیٰ ما الفہ الشیخ الامام افضل علماء الانام عبد القاہر بن عبد الرحمٰن الجرجانی رح

ترجمہ: شروع کرتا ہوں اللہ کے نام کے ساتھ کہ جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔ تمام تعریفیں اللہ ہی کیلئے ثابت ہیں اسکی ایسی نعمتوں پر کہ جو شامل ہیں اور اسکی ایسی نعمتوں پر کہ جو کامل ہیں اور رحمت نازل ہو تمام پیغمبروں کے سردار پر کہ نام پاک آپ کا محمدؐ ہے جو کہ برگزیدہ ہیں اور رحمت نازل ہو آپکی اولاد پر کہ وہ بھی برگزیدہ ہیں جان تو کہ تحقیق عامل ع

ہ ضمیر مجرور راجع ہے اللہ کی طرف وہ اس کا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر موصوف الشاملۃ اس کی صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف الآء جمع الیٰ بمعنی نعمت مضاف ہ ضمیر مجرور راجع ہے اللہ کی طرف وہ اس کا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر موصوف الکاملۃ اسکی صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر معطوف ہوا معطوف علیہ کا معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور ہوا علیٰ جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ثانی ہوا ثابت مقدر کے ثابت صیغہ واحد مذکر بحث اسم فاعل ضمیر ہو مستتر وہ اس کا فاعل ثابت شبہ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے ملکر خبر ہوئی مبتدا الحمد کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر لفظاً جملہ اسمیہ خبریہ اور معنیً جملہ اسمیہ انشائیہ ہوا ۳ والصلوٰۃ الخ واؤ استینافیہ یا عاطفہ الصلوٰۃ مبتدا علیٰ حرف جار سید مضاف الانبیاء مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر مبدل منہ محمد موصوف المصطفیٰ اسکی صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر بدل ہوا مبدل منہ کا مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مجرور ہوا جار کا جار مجرور سے ملکر متعلق اول ہوا نازلۃ محذوف کا یا معطوف علیہ واؤ حرف عطف علیٰ حرف جار آل مضاف ہ ضمیر مجرور راجع ہے طرف محمد کے وہ اس کا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر موصوف المجتبیٰ اسکی صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور ہوا علیٰ جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر معطوف ہوا معطوف علیہ کا معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور ہوا علیٰ جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا نازلۃ کا نازلۃ صیغہ واحد مونث بحث اسم فاعل ضمیر ہی مستتر اس کا فاعل نازلۃ شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر لفظاً جملہ اسمیہ خبریہ ہوا اور معنیً جملہ انشائیہ اسمیہ معطوفہ ہوا ۴ اعلم الخ اعلم صیغہ واحد مذکر حاضر بحث امر حاضر معروف ضمیر انت اسمیں مستتر فاعل انّ حرف مشبہ بالفعل العوامل اس کا اسم فی حرف جار

بقیہ صفحہ ۹ النحو مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق اوّل ہوا العوامل کا علی حرف جار ما اسم موصول الف فعل کا ہ ضمیر منصوب متصل جو راجع ہے طرف ما موصولہ کے وہ مفعول بہ الشیخ موصوف الامام صفت اوّل افضل مضاف علما مضاف الانام مضاف الیہ علما مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر پھر مضاف الیہ ہوا افضل مضاف کا افضل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبدل منہ عبد مضاف القاہر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر موصوف ابن مضاف عبد مضاف الرحمن مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر پھر مضاف الیہ ہوا ابن مضاف کا ابن مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر صفت اوّل ہوئی موصوف کی الجرجانی صفت ثانی عبد القاہر موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر بدل ہوا مبدل منہ کا مبدل منہ اپنے بدل سے

ملکر صفت ثانی ہوئی الشیخ کی الشیخ

سَقَى اللّٰهُ ثَرَاهُ وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَثْوَاهُ
مِائَةُ عَامِلٍ لَفْظِيَّةٌ وَ مَعْنَوِيَّةٌ
فَاللَّفْظِيَّةُ مِنْهَا عَلٰى ضَرْبَيْنِ سَمَاعِيَّةٌ
وَقِيَاسِيَّةٌ فَالسَّمَاعِيَّةُ مِنْهَا اَحَدٌ وَّ
تِسْعُوْنَ عَامِلًا وَالْقِيَاسِيَّةُ مِنْهَا سَبْعَةُ
عَوَامِلَ وَالْمَعْنَوِيَّةُ مِنْهَا عَدَدَانِ وَ
تَتَنَوَّعُ السَّمَاعِيَّةُ مِنْهَا عَلٰى ثَلٰثَةَ عَشَرَ نَوْعًا

ترجمہ: سیراب کرے اللہ تعالےٰ انکی قبر کو اور کردے جنّت میں انکا ٹھکانہ ننو عامل ہیں بعض لفظی ہیں اور بعض معنوی ہیں پس عوامل لفظی ان میں سے دو قسم پر ہیں ایک سماعی اور دوسرے قیاسی پس سماعی ان میں سے اکانوے ۹۱ عامل ہیں اور قیاسی سات عامل ہیں اور معنوی عامل ان میں سے صرف دو ہیں اور منقسم ہوتے ہیں سماعی ان عاملوں میں سے تیرہ قسم پر ہیں۔ *

موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر فاعل ہوا سقی کا اللہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا موصول کا ما اسم موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور ہوا علی جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ثانی ہوا العوامل کا العوامل اپنے دونوں متعلقوں سے ملکر اسم ہوا ان کا مائۃ مضاف عامل مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی ان کی ان حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مفعول بہ ہوا اعلم کا اعلم فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

تشریح بسم اللہ کی ب اشرع اور ابتدار کے متعلق ہوگی اور یہ ابتدار اور اشرع بسم اللہ سے پہلے بھی نکالا جاسکتا ہے اور بعد میں بھی اس طرح سے بھی کہہ سکتے ہیں بسم اللہ الرحمن الرحیم اشرع یا ابتداء ب استعانت کیلئے ہے کہ اللہ کی مدد سے شروع کرتا ہوں اللہ ذات واجب الوجود مستجمع لجمیع صفات الکمال اسم ذاتی ہے باقی جو نام ہیں وہ اسما صفاتیہ ہیں اسکی اصل اِلٰہٌ تھی دونوں لاموں کے درمیان والے ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دیدی اور برائے تخفیف ہمزہ کو گرادیا اَللّٰہُ ہوگیا۔ رحمٰن ورحیم کے معنی بخشنے والے کے آتے ہیں اور رحمٰن ورحیم صفت مشبہ کے صیغے ہیں رحمٰن صرف خدا کیلئے مخصوص ہے خدا کے علاوہ دوسرے کو رحمٰن کہنا اور نام رکھنا جائز نہیں رحیم خدا کے علاوہ بھی بول سکتے ہیں رحمٰن کو رحیم پر مقدم لانے کی یہی وجہ ہے نعمآء نون اور الف ممدودہ کے ساتھ اسم جمع ہے نعمت کی جمع کہنا غلط ہے البتہ بعض لوگ معنی کے اعتبار سے جمع مانتے ہیں مراد نعماء سے مصدری معنی ہیں للعنۃ سید الانبیا سید سردار اور رئیس کے معنی میں آتا ہے جو تمام قوم افضل اور اشرف وسردار ہو تو سید القوم کہلاتا ہے آنحضورؐ نے ارشاد فرمایا اَنَا سَیِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَلَا فَخْرَ میں اولاد آدم اور انسانوں میں افضل اور ان کا سردار ہوں جس پر مجھے کوئی فخر و ناز نہیں ہے مصطفےٰ ومجتبیٰ دونوں مراد ہیں۔ (باقی بر صفحہ ۱۱)

[illegible]

(بقیہ صفحہ ۱) ۵ شیخ بوڑھے کو کہتے ہیں مگر علم نحو میں جس کتاب میں شیخ کا لفظ آئے اس سے مراد شیخ عبدالقاہر جرجانی ہی ہوتے ہیں مرادی معنی پیشوا اور امام کے ہیں یعنی علم نحو میں موصوف کو سرداری کا مقام حاصل ہے (نوٹ) لفظ ابن کے ماقبل اور مابعد متصلاً اگر علم مذکور ہو تو ابن الف کے بجائے صرف بن لکھا جاتا ہے ۶ جرجان گرگان کا معرب ہے یہ بستی خوارزم یا توابع استرآباد یا شیراز کی بستیوں میں سے ایک بستی کا نام ہے (حاشیہ صفحہ ۱۰) ۱ سقی اللہ: سقی صیغہ واحد مذکر غائب بحث اثبات فعل ماضی معروف اللہ اس کا فاعل ثراہ اسم مقصور مضاف ہ ضمیر مجرور متصل کی کر جو راجع ہے طرف عبدالقاہر کے مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ ہوا سقی کا سقی فعل

۱۱

اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ دعائیہ ہو کر معطوف علیہ واو حرف عطف جعل صیغہ واحد مذکر غائب بحث اثبات فعل ماضی معروف افعال قلوب میں سے ہے مقتضی دو مفعول کو اس میں ضمیر ہو مستتر راجع ہے اللہ کی طرف وہ اس کا فاعل مثواہ مضاف ہ ضمیر جو راجع ہے عبدالقاہر کی طرف مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول اول ہوا جعل کا الجنۃ مفعول ثانی ہوا جعل فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف ہوا معطوف علیہ کا معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر جملہ معطوفہ معترضہ ہوا۔ (نوٹ) ایک جملہ کے درمیان اگر کوئی دوسرا جملہ آجائے تو اسکو جملہ معترضہ کہتے ہیں۔ (نوٹ) جس طرح جملہ انشائیہ کی اور دوسری قسمیں ہیں اسی طرح جملہ دعائیہ بھی جملہ انشائیہ کی قسم ہے ۲ قولہ اللفظیۃ و المعنویۃ دونوں جزء ہیں اور مبتداء ان کا بعضہا جو کہ محذوف ہیں ترکیب اسطرح ہوگی بعض مضاف ہا ضمیر

[illegible] ۵ قولہ بما عرفتہ [illegible] مضاف الیہ سے ملکر مبتدا [illegible] جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واو حرف عطف [illegible] معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر جملہ معطوفہ ہوا [illegible]

[illegible] جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا الثابتۃ محذوف کے [illegible] اسم فاعل [illegible] الثابتۃ اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر صفت [illegible] مضاف اپنے مضاف الیہ [illegible] معطوف علیہ واو حرف عطف [illegible]

جو راجع ہے مائۃ کی طرف مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا اللفظیۃ اسکی خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واو حرف عطف بعض مضاف ہا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتداء معنویۃ اسکی خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ہوا معطوف علیہ کا معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر جملہ معطوفہ ہوا ۳ قولہ فاللفظیۃ [illegible] جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا الثابتۃ محذوف کے الثابتۃ اپنے متعلق سے ملکر صفت ہوئی اللفظیۃ موصوف کی موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا علی حرف جار فی بمعنی مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا ثابتۃ محذوف کے ثابتۃ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر ۴

[illegible] مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثابتۃ کے ثابتۃ صیغہ واحد مونث بحث اسم فاعل ضمیر ہی مستتر اس کا فاعل ثابتۃ اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی [illegible]

لـه قولہ النوع الاوّل الخ النوع موصوف الاوّل اسکی صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا حروف موصوف تجر صیغہ واحد مؤنث غائب بحث اثبات فعل مضارع معروف جر یجر سے ضمیر ہی جو اس میں مستتر ہے جس کا مرجع حروف ہے وہ اس کا فاعل الاسم مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت ہوئی حروف موصوف کی حروف موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **۲ـه** قولہ فقط اسم فعل ہے امر حاضر کے معنی میں یعنی بمعنی انت رک جا اور فا جو اس پر داخل ہے جزائیہ ہے کیونکہ یہ جزا ہے شرط محذوف کی جس کی لفظا اصل عبارت اس طریقہ پر ہے اذا جررت بها الاسم فانته عن عمل غیر الجر ترکیب اذا اسم ظرف بمعنی ان شرطیہ جررت فعل اس میں ضمیر انت مستتر فاعل بـ حرف جار ہا ضمیر مجرور جو راجع ہے حروف کی طرف جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا جررت کے الاسم مفعول بہ فعل اپنے فاعل او مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط فا جزائیہ قط اسم فعل بمعنی انت انته فعل انت ضمیر مستتر اس کا فاعل عن حرف جار عمل مضاف غیر مضاف الجر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر پھر مضاف الیہ ہوا عمل مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا عن حرف جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا انته کا انته فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جزا ہوئی شرط کی شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا **۳ـه** قولہ وتسمی الخ واو مستانفہ تسمی فعل مضارع مجہول ضمیر ہی مستتر نائب فاعل (مفعول مالم یسمّ فاعلہ) جو راجع ہے طرف حروف کے اور حروفا موصوف جارۃ اسکی صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول بہ ہوا تسمی کا تسمی فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا **۴ـه** ہی الخ واو مستانفہ ہی ضمیر مرفوع متصل (مرجع اس کا حروف ہے) سبعة عشر ممیز حرفا تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

النّوعُ الاوّلُ

حروفٌ[۱] تجرّ الاسم فقط[۲] وتُسمّی[۳] حروفًا جارّةً وهی[۴] سبعة عشر حرفًا[۵] الباءُ للالصاق وهو[۶] اتّصال الشئ بالشئ امّا حقیقةً نحو[۷] به داءٌ وامّا مجازًا نحو مررت[۸] بزیدٍ ای التصق مروری بمكانٍ یقرب منه زیدٌ وللاستعانة

ترجمہ: پہلی قسم ایسے حروف ہیں جو صرف اسم کو زیر دیتے ہیں اور نام رکھے جاتے ہیں وہ حروف حروف جارہ اور وہ سترہ حروف ہیں با الصاق کیلئے ہے اور وہ (الصاق) ملنا ہے ایک چیز کا دوسری چیز کے ساتھ یا تو حقیقی طور سے جیسے اسکے ساتھ بیماری ہے یا بطریقۂ مجاز جیسے گذرا میں زید کیساتھ یعنی مل گیا گذرنا میرا ایسی جگہ سے کہ قریب ہے زید اس مکان سے کہ وہ اور وہ استعمال کیجاتی ہے استعانت کیلئے

۵ـه قولہ الباء الخ فا برائے تفریع الباء مبتدا، ل حرف جار الالصاق مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر مبتدا متعلق مستعمل شبہ فعل کے اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **۶ـه** قولہ وہو الخ واو مستانفہ ہو مبتدا اتصال مصدر مضاف الشئ مضاف الیہ حروف جار الشئ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا اتصال مصدر مضاف کے اتصال مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے ملکر ممیز ہوا اما حرف تردید تفصیل وابیان کیلئے حقیقۃً معطوف علیہ واو حرف عطف اما حرف تردید مجازاً معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر تمیز ہوئی ممیز کی ممیز اپنی تمیز سے ملکر خبر ہوئی ہو مبتدا کی ہو مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **۷ـه** قولہ نحو بہ داء الخ نحو مضاف با حرف جارہ ضمیر مجرور متصل جو راجع ہے مریض کی طرف (آئندہ صفحہ پر)

نحو کتبت بالقلم[۱] و قد[۲] تکون

للتعلیل نحو[۳] قوله تعالیٰ اِنَّکُمْ

ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَکُمْ بِاتِّخَاذِکُمُ الْعِجْلَ

و للمصاحبة[۴] نحو اشتریت الفرس

بسرجه و للتعدیة[۵] نحو[۶] قوله

تعالیٰ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ و

نحو ذهبتُ بزیدٍ ای اذهبتُه

ترجمہ جیسے لکھا میں نے قلم کی مدد سے اور کبھی ہوتی ہے باؔ تعلیل کیلئے جیسے اللہ کا قول بلاشبہ تم نے ظلم کیا اپنی جانوں پر بوجہ بچھڑے کو اپنا معبود بنا لینے کے اور باؔ استعمال کیجاتی ہے مصاحبۃ کیلئے جیسے خریدا میں نے گھوڑے کو اسکی زین سمیت اور باؔ استعمال کیجاتی ہے متعدی کرنے کیلئے فعل لازم کو جیسے لے گیا اللہ تعالیٰ روشنی انکی اور جیسے گیا میں زید کے ساتھ یعنی لے گیا میں اس زید کو اور

بقیہ صفحہ ۱۲ جو قرینہ مقام سے معلوم ہے) جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا ملتصق شبہ فعل مقدر کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر مقدم دآ مبتدا موخر مبتدا موخر اپنی خبر مقدم سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۸؎ قولہ نحو مررت بزید الخ نحو مضاف مررت فعل تُ ضمیر بارز فاعل باؔ حرف جار زید مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مررت کے مررت فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مفسر ای حرف تفسیر التصق صیغہ واحد مذکر غائب بحث اثبات فعل ماضی معروف مرور مضاف یؔ ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر فاعل التصق فعل باؔ حرف جار مکان موصوف یقرب فعل مضارع معروف زید اس کا فاعل من حرف جار ہ ضمیر جو راجع ہے طرف مکان کے وہ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق یقرب کے یقرب فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت ہوئی مکان موصوف کی موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور ہوا باؔ جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا التصق کے التصق فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر تفسیر ہوئی مفسر کی مفسر اپنی تفسیر سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ۹؎ قولہ وللاستعانۃ الخ واؤ مستانفہ لام حرف جار الاستعانۃ (باب استفعال سے مصدر) مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا تستعمل مقدر کے تستعمل فعل مضارع مجہول ضمیر ہی مستتر جو (البا کی طرف لوٹتی ہے) وہ اس کا نائب فاعل تستعمل فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف البا کی مبتدا محذوف اپنی خبر سے ملکر جملہ خبریہ ہوا۔ **تشریح** تجرّ میں ضمیر جو کہ واحد مونث کی ہے حروف کی طرف لوٹا دی اسلئے کہ حروف جمع تکسیر ہے اور جمع تکسیر حکم میں واحد مونث کے ہوا کرتی ہے ... حروف کے اعلام یعنی نام البا، اللام یہ سب مونث ہیں اسلئے ضمیریں مونث کی لوٹیں گی باؔ الصاق کیلئے ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ باؔ یہ تبلاتی ہے کہ جو فعل مجھ سے پہلے آیا ہے وہ فعل جس اسم میں داخل ہوئی ہوں اسکے پاس سے ہوا جیسے مررت بزید میں مرور زید کے ساتھ یعنی پاس سے ہوا باؔ استعانت کیلئے مطلب یہ ہے کہ با یہ تبلاتی ہے کہ مجھ سے پہلے جو فعل آیا ہے وہ فعل میرے مدخول کی مدد سے ہوا اسی طرح تمام حروف جارہ کے دوسرے معنی کو یاد کرایا جاوے۔ **صفحہ ہٰذا ۱؎** نحو کتبت الخ نحو مضاف کتبت صیغہ واحد متکلم فعل با فاعل باؔ حرف جار القلم مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے (صفحہ ثانی)

(بقیہ صفحہ ۱۳) ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٢ہ قولہ وقد تکون الخ واو مستانفہ قد حرف تقلیل تکون فعل ناقص (مضارع ہے کان کا) اس میں ضمیر ہی جو راجع ہے طرف الباء کے وہ اس کا اسم لام حرف جار التعلیل مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعملۃ مقدر کے مستعملۃ صیغہ واحد مونث بحث اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی تکون فعل ناقص کی فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ٣ہ قولہ نحو الخ نحو مضاف قول مصدر مضاف ہ ضمیر ذوالحال تعالیٰ فعل ضمیر ہو مستتر فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ہوا ذوالحال کا ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ ہوا قول

١٤

مصدر مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر قول اَنّ حرف مشبہ بالفعل کُم ضمیر جمع مذکر حاضر کی منصوب متصل وہ اس کا اسم ظلمتم فعل با فاعل انفس مضاف کُم ضمیر مجرور متصل کی وہ اس کا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ ہوا بَ حرف جار تعلیل کے لئے اتخاذ مصدر مضاف کُم مضاف الیہ العجل اس کا مفعول اتخاذ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور مفعول بہ سے ملکر مجرور ہوا بَ جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل ظلمتم کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوئی اَنّ حرف مشبہ بالفعل کی حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہوا قول کا قول اپنے مقولہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٤ہ وللمصاحبۃ واو حرف عطف یا حرف استیناف لَ حرف جار المصاحبۃ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا ثابتۃ مقدر کے ثابتۃ صیغہ واحد مونث بحث اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٥ہ قولہ نحو الخ نحو مضاف اشتریت فعل ضمیر بارز متصل اس کا فاعل الفرس مفعول بہ بَ حرف جار (مع کے معنی میں) سرج مضاف ہ مجرور (جو فرس کی طرف لوٹتی ہے) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا بَ جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا اشتریت فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٦ہ قولہ وللتعدیۃ الخ لَ حرف جار التعدیۃ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ثابتۃ کے ثابتۃ صیغہ واحد مونث بحث اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف کی م

صہ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٦ہ قولہ نحو الخ نحو مضاف قول مصدر مضاف ہ ضمیر ذوالحال تعالیٰ فعل ضمیر ہو اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال ذوالحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ ہوا قول مصدر مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر قول زینب فعل انقذ اس کا فاعل مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے متعلق ہوا بَ حرف جار زید مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ ہوا قول مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف علیہ واو حرف عطف نحو ... فعل ضمیر بارز متصل اس میں فاعل بَ حرف جار زید مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر منصوب ای حرف تفسیر زینب فعل ہ ضمیر متصل اس کا فاعل ... منصوب ...

ای لما مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر تفسیر ہوئی نصر کی نصر اپنی تفسیر سے ملکر جملہ مفسرہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر معطوف ہوا معطوف علیہ کا معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا محذوف اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

تشریح عہ استعانت کرنا اور مدد چاہنا یعنی مدد ور ومن میں مجرور کا اپنے فاعل سے مدد چاہنا اور یہ با آلہ پر داخل ہوتی ہے اسلئے اس کو بار آلہ بھی کہتے ہیں اس با کو جار دمد الفعل اور با مکملۃ الفعل بھی کہتے ہیں اور کبھی کبھی آلہ کو سبب کا قائم مقام کرکے با استعانت کو با سببیہ پر داخل کرتے ہیں۔

(متعلقہ صفحہ ۱۵) سہ قولہ وللمقابلۃ واو مستانفہ لَ حرف جار المقابلۃ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا ثابتۃ مقدر کے فعل تقدیر اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی الباء مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ۱۲

وللمقابلۃ[۱] نحو[۲] اشتریت العبد بالفرس وَ للقسم[۳] نحو[۴] باللہ لافعلنّ کذا وللاستعطاف[۵] نحو[۶] ارحم بزیدٍ وللظرفیۃ[۷] نحو[۸] زیدٌ بالبلد وللزیادۃ[۹] نحو[۱۰] قولہ تعالیٰ ولاتلقوا بایدیکم

ترجمہ:۔ اور بَ استعمال کی جاتی ہے مقابلہ (عوض) کیلئے جیسے خریدا میں نے غلام کو گھوڑے کے عوض میں اور استعمال کیجاتی ہے قسم کیلئے جیسے خدا کی قسم میں ایسا کروں گا اور استعمال کیجاتی ہے مہربانی طلب کرنے کیلئے جیسے رحم کر تو زید پر۔ اور استعمال کی جاتی ہے ظرفیت کے لئے جیسے زید شہر میں ہے۔ اور استعمال کی جاتی ہے محض زیادتی کے لئے جیسے قول خدائے برتر کا اور مت ڈالو تم اپنے ہاتھوں کو (یعنی جان کو)۔۔

[۱] برصفحہ ملاحظہ ہو [۲] قولہ نحو الخ نحو مضاف اشتریت فعل ضمیر بارز متصل اس کا فاعل العبد مفعول بہ بَ حرف جار الفرس مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا اشتریت فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوا [۳] قولہ وللقسم الخ واو مستانفہ لِ حرف جار القسم مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا ثابتۃ متعلق مقدر کے فعل فاعل اور متعلق ملکر خبر ہوئی الباء کی جو مبتدا محذوف ہے مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [۴] نحو الخ نحو مضاف بَ حرف جار بمعنی قسم لفظ اللہ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا اقسم فعل محذوف کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر قسم لافعلنّ صیغہ واحد مذکر و مونث متکلم بحث لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ اس میں ضمیر انا مستتر اس کا فاعل کَ حرف جار (تشبیہ کیلئے) ذا اسم اشارہ مجرور۔ جار مجرور ملکر متعلق ہوا افعلن فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم اپنے جواب قسم سے ملکر جملہ قسمیہ ہوکر مضاف الیہ نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [۵] وللاستعطاف الخ واو مستانفہ لِ حرف جار الاستعطاف مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعمل مقدر کے مستعمل شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف الباء کی اور مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [۶] نحو الخ نحو مضاف ارحم فعل اسمیں ضمیر انت مستتر فاعل بَ حرف جار زید مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا ارحم کے ارحم اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [۷] وللظرفیۃ الخ واو مستانفہ لِ حرف جار الظرفیۃ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعمل شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف بآء کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [۸] نحو الخ نحو مضاف زید مبتدا بَ حرف جار البلد مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا ساکن شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [۹] للزیادۃ الخ واو مستانفہ لِ حرف جار الزیادۃ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہو مستعمل شبہ فعل کے (باقی برصفحہ ۱۶ پر)

بقیہ ﷺ شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف الباء کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ١١ نحو الخ
و مضاف قول مصدر مضاف ہ ضمیر ذوالحال تعالیٰ فعل ضمیر ہو فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال ہوا ذوالحال کا ذوالحال
اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ ہوا قول مصدر مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر قول واؤ زائد (یا مستانفہ) لا تلقوا فعل نہی
ضمیر انتم مستر اسمیں فاعل ب حرف جار ایدی مضاف کم مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا ب جار کا جار اپنے مجرور سے
ملکر متعلق اول ہوا لا تلقوا فعل کے لا تلقوا فعل الی حرف جار التہلکہ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ثانی ہوا فعل اپنے فاعل
اور دونوں متعلقوں سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقولہ ہوا قول کا قول اپنے

١٦

مقولہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (متعلقہ صفحہ ھذا)

إِلَى التَّهْلُكَةِ وَاللَّامُ[1] لِلْاِخْتِصَاصِ نَحْوُ[2] الْجُلُّ لِلْفَرَسِ وَلِلتَّمْلِيكِ نَحْوُ الْمَالُ لِزَيْدٍ وَلِلزِّيَادَةِ[3] نَحْوُ[4] رَدِفَ لَكُمْ اَىْ رَدِفَكُمْ وَلِلتَّعْلِيلِ[5] نَحْوُ[6] جِئْتُكَ لِإِكْرَامِكَ وَلِلْقَسَمِ نَحْوُ لِلّٰهِ لَا يُؤَخَّرُ الْاَجَلُ وَلِلْعَاقِبَةِ

ترجمہ:- ہلاکت میں اور دوسرا ان حروف جارہ میں کا لام ہے جو خصوصیت ظاہر کرنے کے لئے آتا ہے جیسے جھول گھوڑے کے لئے خاص ہے اور تملیک کیلئے آتا ہے۔ جیسے مال زید کی ملکیت ہے اور وہ لام زائد بھی ہوتا ہے جیسے وہ تمہارا ردیف ہے یعنی تمہارے ساتھ ایک گھوڑے پر تمہارے پیچھے سوار ہوا اور وہ لام استعمال کیا جاتا ہے علت بیان کرنے کیلئے جیسے میں تیرے پاس آیا تیری عزت کرنے کیلئے اور وہ لام قسم کیلئے آتا ہے جیسے اللہ کی قسم تاخیر نہیں کرتی ہے موت اور وہ لام انجام ظاہر کرنے کیلئے

١ اللام الخ ل حرف جار الاختصاص مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا ثابت فعل کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ٢ نحو مضاف الجل مبتدا ل حرف جار الفرس مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مختص شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٣ وللزیادہ الخ واو مستانفہ ل جار الزیادۃ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعمل شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف اللام کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٤ نحو الخ نحو مضاف ردف فعل ضمیر ہو مستتر فاعل ل حرف جار کم مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا

ردف فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسر ای حرف تفسیر ردف فعل ضمیر ہو مستتر اسمیں فاعل کم ضمیر منصوب اس کا مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تفسیر ہوئی مفسر کی مفسر اپنی تفسیر سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٥ وللتعلیل الخ واو مستانفہ ل جار التعلیل مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعمل مقدر کے مستعمل شبہ فعل اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی اللام مبتدا محذوف کی مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٦ نحو الخ نحو مضاف جئت فعل ضمیر بارز متصل فاعل ک ضمیر مفعول بہ ل حرف جار اکرام مضاف ک مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا ل جار کا جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل (آئندہ صفحہ پر)

(بقیہ ص١) اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٤ وللقسم الخ واؤ مستانفہ لام جار القسم مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعمل شبہ فعل مقدر کے شبہ فعل اپنے متعلق سے ملکر خبر اللام مبتدا محذوف کی مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ٥ نحو الخ نحو مضاف لل حرف جار لفظ اللہ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا اقسم فعل کے اقسم فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر قسم لا یؤخر فعل الاجل اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم اپنے جواب قسم سے ملکر جملہ قسمیہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٦ وللعاقبۃ الخ واؤ مستانفہ لام جار العاقبۃ مجرور جار اپنی مجرور سے مل کر متعلق ہوا مستعمل شبہ فعل مقدر کی۔ مستعمل اپنے متعلق سے مل کر خبر ہوئی اللام مبتدا محذوف کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

فائدہ: ـ ع لام جارہ جب ضمیر کے سوا کسی اسم پر داخل ہوگا تو مجرور ہوگا البتہ ندا میں جب داخل ہوگا تو مفتوح ہوگا جیسے یالزید اسی طرح جب ضمیر پر داخل ہوگا تو بھی مفتوح ہوگا۔

نحو لزم الشر للشقاوة ومن وهي لابتداء الغاية نحو سرت من البصرة الى الكوفة وللتبعيض نحو اخذت من الدراهم اي بعض الدراهم وللتبيين نحو قوله تعالى

جیسے لازم پکڑا بدی کو بدبختی کیلئے (اور تیسرا حروف جارہ میں سے) مَن ہے اور وہ مستعمل ہوتا ہے شروع مسافت کے معنی دینے کیلئے جیسے چلا میں بصرے سے کوفہ تک۔ اور (وہ من) مستعمل ہوتا ہے بعض کے معنی پیدا کرنے کیلئے جیسے لیا میں نے درہموں میں سے یعنی بعض دراہم کو اور (وہ من) مستعمل ہوتا ہے بیان کرنے کے لئے جیسے قول اللہ بزرگ کا

(متعلقہ صفحہ ہذا) ١ نحو الخ نحو مضاف لزم فعل ماضی معروف ضمیر ہو مستتر وہ اس کا فاعل الشر مفعول بہ لام جار الشقاوۃ مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا مقدر کی مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٢ ومن الخ واؤ مستانفہ یا معطوفہ لفظ من مبتدا واؤ اعتراضیہ ہی ضمیر مبتدا ثانی جو راجع ہے من کی طرف لام جار ابتدا مصدر مضاف الغایۃ مضاف الیہ مضاف و مضاف الیہ ملکر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا مستعمل مقدر کے مستعمل شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی ہی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معترضہ ہوکر خبر بدلی لفظ من مبتدا اول کی۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ یا معطوفہ ہوا ٣ نحو الخ نحو مضاف سرت فعل با فاعل من جار البصرۃ مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق اول ہوا فعل کا الی حرف جر الکوفۃ مجرور جار مجرور سے متعلق ثانی ہوا فعل کا سرت فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا مقدر کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٤ وللتبعیض الخ واؤ عاطفہ لام حرف جار التبعیض مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق مستعمل مقدر کے مستعمل اپنے مقدر سے ملکر عطف کی وجہ سے خبر ہوئی من مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٥ نحو الخ نحو مضاف اخذت فعل با فاعل من جار الدراہم غیر منصرف بوجہ جمع منتہی الجموع منصرف بوجہ دخول لام تعریف مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے (آئندہ صفحہ پر)

بقیہ صفحہ ۱۶ ملکر جملہ فعلیہ ہو کر مفسر ای حرف تفسیر بمعنی مضاف الدہ اسم مضاف مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے ملکر جملہ تفسیر یہ ہو کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنی مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا ف۵ وللتبیین الخ واؤ حرف عطف لام حرف جار التبیین مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر مستعمل مقدر کے متعلق ہوا مستعمل مقدر اپنے متعلق سے ملکر بنا بر عطف من مبتدا کی خبر ہوئی مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ معطوفہ ہوا ف۶ نحو الخ نحو مضاف قول مصدر مضاف ہ ضمیر مجرور متصل واحد مذکر غائب ذو الحال تعالیٰ فعل ضمیر ہو اس میں مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر حال ذو الحال اپنے حال سے ملکر مضاف الیہ ہوا قول مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر قول ف سببیہ اجتنبوا صیغہ جمع مذکر حاضر بحث امر حاضر معروف اس میں انتم ضمیر مستتر اس کا فاعل الرجس من حرف جار بیانیہ الاوثان جمع مکسر منصرف مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق مفعول بہ

ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ انشائیہ ہو کر مفسر ای حرف تفسیر الرجس موصوف الذی اسم موصول ہو ضمیر مرفوع منفصل جو راجع ہے الذی کی طرف مبتدا الاوثان خبر مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا موصول کا موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت موضحہ ہوئی الرجس موصوف کی موصوف اپنی صفت سے ملکر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے ملکر مقولہ ہوا قول کا قول اپنے مقولہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنی مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(تشریح) تبیین الخ یعنی من کی خاصیت یہ ہے کہ پوشیدہ بات کو ظاہر کرنے کیلئے آتا ہے جس کی پہچان یہ ہے کہ اسم موصول کو اس کی جگہ رکھدیا جائے تو کلام کے معنی درست رہیں جیسے مثال مذکور میں من الاوثان کی جگہ الذی ہو الاوثان کہنا صحیح ہے۔

(متعلقہ صفحہ ہذا) ف۱ وللزیادۃ الخ واؤ عاطفہ لام جار الزیادۃ مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعمل محذوف کے مستعمل مقدر اپنی متعلق سے ملکر عطف کی بنا پر خبر ہوئی من مبتدا کی مبتدا خبر سے ملکر

فاجتنبوا الرجس من الاوثان
ای الرجس الذی ھو الاوثان
وللزیادۃ ۱ نحو قولہ تعالیٰ ۲ یغفر لکم
من ذنوبکم ۳ والی لانتہاء الغایۃ
فی المکان نحو ۴ سرت من البصرۃ
الی الکوفۃ وللمصاحبۃ ۵ نحو

(ترجمہ) پس بچو تم گندگی سے بتوں سے یعنی اس گندگی اور ناپاکی سے کہ وہ بت ہیں اور (وہ من) مستعمل ہوتا ہے زیادہ آنے کیلئے (کلام میں) جیسے قول خدائے تعالیٰ کا معاف کرے گا اللہ تعالیٰ تمہارے گناہوں کو اور چوتھا حرف ان حروف جارہ کا الیٰ ہے مسافت کی انتہا بتانے کے لئے مکان میں جیسے چلا میں بصرہ سے کوفہ تک اور وہ الیٰ مستعمل ہوتا ہے معیت کے معنی دینے کے لئے جیسے

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ف۲ نحو الخ نحو مضاف قول مضاف ہ ضمیر ذو الحال تعالیٰ فعل ضمیر ہو مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر حال ہوا ذو الحال کا ذو الحال حال سے ملکر مضاف الیہ ہوا مضاف کا مضاف مضاف الیہ سے ملکر مقولہ ہوا قول کا یغفر فعل ضمیر ہو اس میں مستتر فاعل جو راجع ہے اللہ تعالیٰ کی طرف ل حرف جار کم ضمیر مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا یغفر فعل کے من جار زائدہ ذنوب جمع مکسر منصرف مضاف کم ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ثانی ہوا فعل کا فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے ملکر مقولہ ہوا قول کا قول اپنے مقولہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا فائدہ من بیانیہ یہ بتلاتا ہے کہ میرے ماقبل میں کچھ اجمال ہے من کے مدخول کے ذریعہ سے اس کی وضاحت ہو جاتی ہے اور من بیانیہ کی شناخت یہ ہے کہ من کو ہٹا کر الذی اسم موصول لے آئیں ف۳ واؤ عاطفہ یا مستانفہ لفظ الی مبتدا ل حرف جار انتہاء مضاف الغایۃ مضاف الیہ فی حرف جار المکان مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا انتہاء کے انتہاء مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے ملکر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعمل محذوف کے مستعمل اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا الیٰ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ف۴ نحو الخ نحو مضاف سرت فعل با فاعل من جار (آئندہ صفحہ پر)

(بقیہ ص۱۸) البصرة مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق اول ہوا سرت کا الی حرف جار الکوفة مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ثانی ہوا سرت فعل کا فعل با فاعل اپنے دونوں متعلقوں سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف مضاف الیہ ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

ؔ۵ وللمصاحبة الخ واؤ حرف عطف لام جار المصاحبة مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعمل کے مستعمل مقدر اپنے متعلق سے ملکر بنا بر عطف خبر ہوئی مبتدا الی کی مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ معطوفہ ہوا (شرح) اخفش اور کوفیوں کے ماسوا نحوی من کے زائد ہونے کیلئے دو شرطیں لگاتے ہیں پہلی شرط یہ کہ من ایسے کلام میں واقع ہو جس میں نفی نہی یا استفہام بذریعہ ھل کے ہو دوسری شرط یہ کہ من کا مجرور نکرہ ہو اور کوفی اور اخفش کوئی شرط نہیں لگاتے اور اسی آیۃ کو استدلال میں پیش کرتے ہیں ؔعہ الی انتہاء غائیت کے لئے آتا ہے یعنی حکم الی کے مدخل سے تجاوز نہیں کرتا۔ (متعلقہ صفحہ ہذا) ؔ۱ نحو قولہ تعالی الخ

قولہ تعالی ولا تاکلوا اموالھم الی اموالکم ای مع اموالکم وقد یکون ما بعدھا داخلا فی حکم ما قبلھا ان کان ما بعدھا من جنس ما قبلھا نحو قولہ تعالی فاغسلوا

ترجمہ:۔ قول خدائے تعالیٰ کا اور مت کھاؤ تم یتیموں کے مالوں کو اپنے مالوں کے ساتھ یعنی اپنے مالوں کے ساتھ ملا کر ان کے مال مت کھاؤ اور کبھی الی کا مابعد ما قبل کے حکم میں داخل ہوتا ہے اگر اس کا مابعد اس کے قبل کے جنس سے ہو جیسے اللہ تعالیٰ کا قول ہے پس تم دھوؤ . . . . . .

نحو مضاف قول مضاف ہ ضمیر ذو الحال تعالیٰ فعل ہو ضمیر اس میں مستتر وہ اس کا فاعل فعل فاعل سے ملکر حال ذو الحال حال مل کر مضاف الیہ قول مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر قول لا تاکلوا صیغہ جمع مذکر حاضر بحث نہی امر حاضر معروف اس میں انتم ضمیر مستتر وہ اس کا فاعل اموال جمع مکسر منصرف مضاف ہم ضمیر مجرور متصل جمع مذکر غائب راجع ہے الیتمٰی کی طرف (جس کا ذکر قرآن پاک میں گذر چکا ہے) مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ الی حرف جر بمعنی مع اموال مضاف کم ضمیر مجرور متصل جمع مذکر حاضر مضاف الیہ مضاف و مضاف الیہ ملکر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر مفسر ای حرف تفسیر مع مضاف اموال مضاف کم ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر پھر مضاف الیہ ہوا مع مضاف کا مع مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر تفسیر مفسر اپنے تفسیر سے ملکر متعلق ہوا لا تاکلوا کے لا تاکلوا فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقولہ ہوا قول کا قول اپنے مقولہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا مقدر کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ؔ۲ وقد یکون الخ واؤ حرف استیناف قد حرف تعلیل یکون فعل ناقص (جو کہ اسم مرفوع اور خبر منصوب کو چاہتا ہے) ما موصولہ یا موصوفہ بعد مضاف ہا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر ظرف ہوا وقع یا ثبت فعل محذوف کا وقع فعل ضمیر ہو مستتر اس کا فاعل جو راجع ہے ما کی طرف وقع فعل مقدر اپنے فاعل و ظرف سے ملکر صفت یا صلہ ہوا ما موصوفہ یا موصولہ کا۔ ما اپنے صلہ یا صفت سے ملکر اسم ہوا فعل ناقص کا داخلا شبہ فعل ہو ضمیر اس میں مستتر جو راجع ہے ما کی طرف وہ اس کا فاعل فی جار حکم مضاف ما موصولہ یا موصوفہ قبل مضاف ہا مضاف الیہ مضاف و مضاف الیہ ملکر ظرف ہوا وقع یا ثبت فعل مقدر کا فعل مقدر اپنے فاعل ضمیر اور ظرف سے ملکر صلہ یا صفت ہوا ما موصولہ یا ما موصوفہ کی ما اپنے صلہ یا صفت سے ملکر مضاف الیہ ہوا حکم کا حکم مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا داخلا شبہ فعل کے داخلا اپنے فاعل و متعلق سے ملکر خبر ہوئی یکون کی یکون فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر بصریوں کے نزدیک عوض جزا ہے یا مثل عوض جزا ہے جملہ آئندہ کی اور کوفیوں کے نزدیک یہ خود جزا ہے شرط مؤخر کی ان حرف شرط کان فعل ناقص ما موصولہ یا موصوفہ بعد مضاف ھا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر ظرف ہوا وقع فعل مقدر کا وقع فعل اپنے فاعل اور ظرف سے ملکر صلہ ہوا موصول کا یا صفت ہوئی موصوف کی موصول (باقی برصفحہ ۲۰)

(بقیہ ص ۱۹) صلہ سے ملکر یا موصوف صفت سے ملکر اسم ہوا کان کا من حرف جار جنس مضاف ما موصولہ قبل مضاف ہا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر ظرف ہوا وقع فعل مقدر کا وقع فعل اپنے ظرف سے ملکر صلہ ہوا موصول کا موصول صلہ سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا من جار کا جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا ثابت مقدر کے ثابت اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی کان کی کان فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط مؤخر ہوئی شرط اپنی جزا مقدم سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا۔ ۳ نحو الخ نحو مضاف قول مصدر مضاف ہ ضمیر مجرور ذو الحال تعالیٰ فعل ہو ضمیر اس کا فاعل جو اس میں مستتر ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر حال ذو الحال حال سے ملکر قول ہوا فا جزائیہ اغسلوا صیغہ جمع مذکر حاضر بحث امر حاضر فعل با فاعل وجوہ (جمع وجہ کی) مضاف کم ضمیر جمع مذکر حاضر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف ایدی مضاف کم ضمیر مجرور متصل جمع مذکر حاضر مضاف الیہ مضاف و مضاف الیہ ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مفعول بہ الی حرف جار المرافق مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا ہے شرط سابق الذکر اذا قمتم الی الصلوٰۃ کی۔ شرط و جزا ملکر مقولہ ہوا قول کا قول اپنے مقولہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

ترکیب:۔ اذا قمتم الی الصلوٰۃ۔ اذا حرف شرط قمتم فعل با فاعل الی حرف جار الصلوٰۃ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا قمتم فعل کے فعل با فاعل اپنے متعلق سے ملکر شرط ہوا (شرح) ع ہ الی کا مابعد ما قبل کے حکم میں داخل ہونے نہ ہونے کے بارے میں ایک قول یہ ہے کہ داخل ہونا اس کی حقیقت اور خارج ہونا مجاز ہے دوسرا قول یہ ہے کہ خارج ہونا حقیقت اور داخل ہونا مجاز ہے لہذ رضی کے بقول مرافق کا یدین میں داخل ہونا مجاز ہے تلویح نے اکثر نحات کا قول یہی نقل کیا ہے اور ایضاح نے کہا ہے کہ جمہور نحوی یہی کہتے ہیں

وجوهكم وايديكم الى المرافق ۱ وقد لايكون ما بعدها داخلا في حكم ما قبلها ان لم يكن ما بعدها ۲ من جنس ما قبلها نحو قوله تعالى ثم اتموا

(ترجمہ) اپنے چہروں کو اور ہاتھوں کو کہنیوں سمیت۔ اور کبھی اس کا مابعد قبل کے حکم میں داخل نہیں ہوتا اگر اس کا مابعد قبل کی جنس سے نہ ہو جیسے اللہ تعالیٰ کا قول پس تم پورا کرو۔۔۔۔۔۔

تیسرا قول یہ ہے کہ الی دونوں معنوں میں مشترک ہے یعنی داخل ہونا اور خارج ہونا دونوں الی کی حقیقت ہیں۔ چوتھا قول یہ ہے کہ الی دونوں معنوں پر دلالت نہیں کرتا جیسا مقام ہوگا ویسا ہی کام کرتا ہے۔ پانچواں قول کتاب میں مذکور ہے جس میں جنس و غیر جنس کی تفصیل ہے (متعلقہ صفحہ ہذا)

۱ وقد الخ واؤ عاطفہ قد حرف تقلیل لایکون فعل ناقص ما موصولہ بعد مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر متعلق ہوا وقع فعل محذوف کے وقع فعل محذوف اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر صلہ ہوا موصول کا موصول صلہ سے ملکر اسم ہوا یکون فعل ناقص کا داخلا صیغہ اسم فاعل فی حرف جار حکم مضاف ما موصولہ قبل مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر وقع فعل محذوف کے تعلق کے بعد صلہ ہوا موصول کا موصول صلہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا حکم مضاف کا مضاف مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا فی جار کا جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا داخلا کے داخلا اپنے متعلق سے ملکر خبر لایکون کی لایکون اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا مقدم ہوئی باعتبار کوفیوں کے مذہب کے بصریین اس کو عوض جزا کہتے ہیں اور اس شرط مؤخر کی جزا اس قرینہ کی بنا پر محذوف مانتے ہیں کہ حرف شرط صدارت کلام کو چاہتا ہے اور شرط کی مؤخر ہونے کی صورت میں صدارت کلام برقرار نہیں رہتی اس لئے اس کی جزا محذوف ہے ان حرف شرط لم یکن فعل ناقص ما موصولہ بعد مضاف ہا مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر وقع فعل مقدر کے متعلق ہوکر صلہ ہوا موصول کا موصول صلہ مل کر اسم ہوا فعل ناقص کا من حرف جار جنس مضاف ما موصولہ قبل مضاف ہا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر وقع فعل مقدر کے تعلق سے صلہ ہوا موصول کا موصول صلہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا جنس مضاف کا مضاف مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا من جار کا جار مجرور ملکر متعلق ثابتا کے ہوکر ظرف مستقر ہوکر خبر ہوئی (باقی بر صفحہ ۲۱)

(بقیہ صفحہ ۲۰) رہی لکن فعل ناقص کی لم یکن فعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر شرط موخر۔ شرط اپنی جزاء سے ملکر جملہ شرطیہ ہوا ٢ نحو الخ نحو مضاف تول مضاف کا ذوالحال تعالی فعل ہو ضمیر اس میں مستتر وہ اس کا فاعل فعل فاعل سے ملکر حال ذوالحال حال سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر قول ہوا ثم حرف عطف برائے تعقیب اتموا صیغہ جمع مذکر حاضر بحث امر حاضر معروف اس میں انتم ضمیر مستتر وہ اس کا فاعل الصیام مفعول بہ الی حرف جار اللیل مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا اتموا فعل کے اتموا فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر مقولہ ہوا قول کا قول اپنے مقولہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (متعلقہ صفحہ ہذا)

١ حتی الخ واؤ عاطفہ یا مستانفہ حتی بتاویل لفظ مبتدا ۔ آل حرف جار انتہا مصدر مضاف الغایۃ مضاف الیہ فی جار الزمان مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا انتہا مضاف کے مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے ملکر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعمل شبہ فعل مقدر کے مستعمل شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٢ قولہ نحو الخ نحو مضاف نمت فعل با فاعل البارحۃ مفعول بہ حتی جار الصباح مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٣ و فی المکان الخ واؤ عاطفہ فی جار المکان مجرور جار مجرور سے ملکر معطوف اور اس کا معطوف علیہ فی الزمان ہوکر انتہا کے متعلق ہے۔ پھر انتہا مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے ملکر مجرور ہوگا جار کا بعد از ان ترکیب حسب مذکور ٤ نحو سرت الخ نحو مضاف سرت فعل با فاعل البلد مفعول بہ حتی جار السوق مجرور

الصيام الى الليل وحتى[1] لانتهاء الغاية في الزمان نحو[2] نمت البارحة حتى الصباح و[3]في المكان نحو[4] سرت البلد حتى السوق وللمصاحبة[5] نحو[6] قرأت وردي حتى الدعاء

(ترجمہ) روزوں کو رات تک اور پانچواں ان حروف جارہ حتی ہے مسافت کی انتہا زمان میں بیان کرنے کیلئے آتا ہے جیسے سویا میں آج کی رات صبح تک اور مسافت کی انتہا مکان میں بیان کرنے کیلئے آتا ہے جیسے میں نے شہر کی سیر کی بازار تک اور حتی معیت کیلئے آتا ہے جیسے میں نے اپنا وظیفہ دعا سمیت پڑھا

جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا سرت فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٥ وللمصاحبۃ الخ واؤ مستانفہ آل جار المصاحبۃ مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق مستعمل شبہ فعل مقدر کے ہوکر خبر ہوئی مبتدا مقدر حتی کی۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مستانفہ ہوا اگر مستقل جملہ قرار دیا جائے ورنہ جملہ معطوفہ کی صورت میں اس کا عطف لانتہا الغایۃ الخ پر ہوگا ٦ نحو الخ نحو مضاف قرأت فعل با فاعل ورد مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ حتی جار الدعاء مجرور جار مجرور سے ملکر مفسر ای حرف تفسیر مع مضاف الدعاء مضاف الیہ مضاف و مضاف الیہ مل کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے ملکر متعلق ہوا قرأت فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (تشریح) ١ حتی میں ایک لغت بجائے حا کے عین کے ساتھ عتی بھی ہے حضرت ابن مسعود رضی نے عتی پڑھا ہے حتی تین معنوں میں استعمال ہوتا ہے (١) عاطفہ۔ جارہ ہونے کے ساتھ انتہا کے معنی بھی دیتا ہے لیکن اس کے مدخول میں بطور جزء کے داخل ہونا ضروری ہے جیسے مات الناس حتی الانبیاء (٢) حتی ابتداء کے لئے آتا ہے اس کا دوسرا نام حتی استینافیہ اور حرف ابتداء بھی ہے گویا اس کے مابعد کلام مستانف ہوتا ہے اور اعراب کے لحاظ سے اپنے ماقبل سے جدا ہوتا ہے البتہ معنی ماقبل سے متعلق ہوتا ہے (باقی بر صفحہ ٢٢)

(بقیہ صفحہ ۲۱) (۳) حتی جارہ کتاب میں اس جگہ حتی جارہ ہی مراد ہے ھ۵ نمت ماضی واحد متکلم ہے اصل میں نَوِمْتُ تھا واؤ پر کسرہ دشوار تھا نقل کرکے ماقبل کو دیدیا دو ساکن جمع ہوئے التقاء ساکنین کی وجہ سے واؤ کو گرادیا نمت ہوگیا (متعلقہ صفحہ ہذا) ھ۱ و مابعدہا الخ واؤ مستانفہ ما موصولہ یا موصوفہ بعد مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر ظرف ہوا ثبت یا وقع فعل مقدر کا فعل مقدر اپنے فاعل یعنی ضمیر ظرف سے ملکر صلہ یا صفت ہوئی ماکی ما اپنے صلہ یا صفت سے ملکر مبتدا قد حرف تقلیل یکون فعل ناقص ضمیر ہو اس میں مستتر ہے جو راجع ہے ما کی طرف وہ اس کا اسم داخلاً شبہ فعل فی جار حکم مضاف ما موصولہ یا موصوفہ قبل مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر وقع فعل مقدر کا ظرف ہوکر صلہ یا صفت ہوئی ماکی ما موصولہ یا موصوفہ اپنے صلہ یا صفت سے ملکر مضاف الیہ حکم مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے

اي مع الدعاء وما[ھ۱] بعدها قد يكون داخلا في حكم ما قبلها

نحو[ھ۲] اكلت السمكة حتى راسها

وقد لا يكون داخلا فيه

نحو[ھ۳] المثال المذكور وهي[ھ۴] مختصة بالاسم الظاهر

(ترجمہ) یعنی مع دعا کے اور اس کا مابعد کبھی ماقبل کے حکم میں داخل ہوتا ہے جیسے میں نے مچھلی کو اس کے سر سمیت کھایا اور کبھی حتی ماقبل کے حکم میں داخل نہیں ہوتا جیسے مذکورہ مثال میں (یعنی نمت الخ) اور حتی کا دخول اسم ظاہر کے ساتھ خاص ہے۔ . . . .

ملکر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر داخلاً کا متعلق ہوا داخلاً شبہ فعل اپنے نائب فاعل ضمیر مستتر اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی یکون کی یکون فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف قد حرف تقلیل لایکون فعل ناقص ہو ضمیر جو اس میں مستتر ہے جو مابعد کی طرف راجع ہے وہ اس کا اسم داخلاً شبہ فعل فی جارہ مجرور مل کر متعلق ہوا داخلاً کے داخلاً اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی لایکون فعل ناقص اسم اور خبر سے ملکر جملہ ہوکر معطوف معطوف علیہ معطوف مل کر خبر ہوئی مابعد مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا ھ۲ نحو الخ نحو مضاف اکلت فعل با فاعل السمکۃ مفعول حتی جار راس مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل و مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا مقدر کی۔ مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ھ۳ نحو الخ نحو مضاف المثال موصوف المذکور صفت موصوف و صفت ملکر مضاف الیہ نحو مضاف کا نحو مضاف و مضاف الیہ ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا و خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ھ۴ وہی الخ واؤ استینافیہ ہی ضمیر مرفوع منفصل جو راجع ہے حتی کی طرف مبتدا مختصۃ اسم مفعول شبہ فعل ضمیر ہی اس میں مستتر وہ اس کا نائب فاعل تب جار الاسم موصوف الظاہر صفت موصوف صفت سے ملکر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق اول ہوا شبہ فعل کے تب حرف جار خلاف مضاف الی مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا جار کا جار مجرور سے ملکر متعلق ثانی ہوا مختصۃ شبہ فعل کا۔ مختصۃ شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر خبر ہوئی ہی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا

شرح:۔ حتی کا استعمال لغت عرب میں تین طرح ہوا کرتا ہے کہیں حتی عاطفہ ہوتا ہے اور کہیں استینافیہ اور کہیں جارہ تفصیل اس مقام کی شرح جامی بحث حرف سے معلوم ہوجاوے گی۔

بخلاف الی فلایقال حتاہ و یقال الیہ وعلی للاستعلاء اما حقیقۃ نحو زید علی السطح وعلیہ دین وقد تکون بمعنی الباء نحو مررت علیہ بمعنی مررت بہ واما مجازا وقد تکون

(ترجمہ) برخلاف الی کے پس حتاہ نہیں کہا جاتا اور الیہ کہا جاتا ہے اور چھٹا علیٰ ہے جو برتری (بلندی) بے ظاہر کرنے کیلئے آتا ہے یا حقیقۃً جیسے زید چھت پر ہے یا مجازاً برتری کیلئے آتا ہے جیسے اس پر میرا قرض ہے اور کبھی حتی ب کے معنی میں آتا ہے جیسے مررت علیہ کے معنی مررت بہ کے ہیں۔ میں اس کے قریب سے گذرا اور کبھی مستعمل ہوتا ہے - - - - - - -

ا؎ فلایقال الخ ف بیانیہ یا جزائیہ لایقال نفی فعل مضارع مجہول حتی حرف جارہ جا مجرور سے ملکر بتاویل لفظ نائب فاعل ہوا لایقال کا فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف علطف یقال فعل مضارع مثبت مجہول الی حرف جار ہ مجرور جار مجرور سے ملکر بتاویل لفظ نائب فاعل ہوا فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جزا ہوئی شرط محذوف کی۔ اگر فا جزائیہ ہو اور شرط محذوف اذا کان الامر کذا ہے جس کی ترکیب اس طرح ہوگی اذا حرف شرط کان فعل ناقص الامر کان کا اسم کاف بمعنی مثل مضاف ذا اسم اشارہ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی کان کی کان اپنے اسم اور خبر سے ملکر شرط ہوا شرط اور جزا ملکر جملہ شرطیہ ہوا ۲؎ وعلی للاستعلاء الخ واؤ مستانفہ علی مبتدا لام حرف جار الاستعلاء ×جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعمل مقدر کے مستعمل شبہ فعل اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا لفظ علی کی مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۳؎ نحو الخ نحو مضاف زید مبتدا علی جار السطح مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستقر شبہ فعل مقدر کے مستقر اپنے نائب فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف علی جار ہ ضمیر مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق عامل مقدر کے ہوکر خبر مقدم دین مبتدا مؤخر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۴؎ وقد تکون الخ واؤ مستانفہ قد حرف تقلیل تکون فعل ناقص ضمیر ہی اس میں مستتر جو راجع ہے علی کی طرف وہ اس کا اسم ب جار معنی مضاف الباء مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا جار مجرور متعلق مستعملۃ مقدر کے مستعملۃ اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی تکون فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۵؎ نحو مضاف مررت فعل با فاعل علی جار ہ ضمیر مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا مررت فعل کے فعل اپنے فاعل ومتعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر ذوالحال ب جار معنی مضاف مررت فعل با فاعل ب جار ہ ضمیر مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ ہوا معنی مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا جار کا جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا کائنۃ شبہ فعل مقدر کے کائنۃ اپنے متعلق سے ملکر حال ذوالحال حال سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا مقدر کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۶؎ وقد تکون الخ واؤ حرف عطف یا استیناف قد حرف تقلیل تکون فعل ناقص ضمیر ہی اس میں مستتر وہ اس کا اسم ب حرف جار معنی مضاف فی مضاف الیہ اپنے مضاف سے ملکر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعملۃ مقدر کے مستعملۃ شبہ فعل اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی تکون کی تکون اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا اور اگر جملہ معطوفہ ہو تو یہ معطوف ہوگا اور اس کا معطوف علیہ وقد تکون بمعنی الباء ہوگا

(شارح) عہ الی جب ضمیر پر داخل ہوتا ہے تو وہ الف جو اسم غیر متمکن کے آخر میں واقع ہو اس اسم پر جب ضمیر داخل ہوتی ہے (باقی بر صفحہ ۲۴)

× [illegible]

(بقیہ صفحہ ۲۳) تو یہ الف یا سے بدل جاتا ہے جیسے الیہ۔ علیہ اور لدیہ حتی کے ضمیر پر داخل ہونے نہ ہونے میں مختلف اقوال ہیں۔ کوفی حتی کے ضمیر پر داخل ہونے کو جائز مانتے ہیں جیسے شاعر نے حتاک کا لفظ اپنے اس شعر میں استعمال کیا ہے متی حتاک یا ابن ابی زیاد لیکن جمہور اس استعمال کو شاذ کہتے ہیں ان کے نزدیک حتی حرف اسم ظاہر پر داخل ہوتا ہے ضمیر پر نہیں جمہور کی دلیل یہ ہے کہ الی اصل ہے اور حتی اس کی فرع ہے اس لئے چونکہ مرتبہ میں کم ہے لہٰذا ضمیر پر داخل نہیں ہوگا۔ اگر کبھی ضمیر پر داخل ہوگا تو اس کا الف یا سے بدل جائے گا جیسے حتیہ عہ بالفاظ دیگر الی حرف جار ہے اور اسی طرح علی بھی حرف جار ہے لدی اسم ظرف ہے لیکن سوال یہ ہے کہ ضمیر پر جب ان کو داخل کیا جاوے تو الاہ اور علاہ اور لداہ نہیں ہوتے بلکہ الیہ اور علیہ اور لدیہ ہو جاتے ہیں جواب یہ ہے اسمائے متمکنہ اور حروف

۲۴

جار جب ضمائر کے ساتھ لگتے ہیں تو کچھ نہ کچھ تغیر ضرور ہوتا ہے ہر وہ اسم متمکنہ کہ جو اسم مقصور ہو اور ہر وہ حرف کہ جس کے آخر میں الف ہو اگر اس کے بعد ضمیر آئے گی تو وہ الف ی سے بدل جائیگا۔ رہ گیا معاملہ حتی حرف جار تو اس کے ضمیر پر داخل ہونے کے سلسلہ میں اختلاف ہے جو لوگ اس کے داخلہ کو ضمیر پر جائز قرار دیتے ہیں وہ حتیہ کہینگے اور جو لوگ داخلہ اس کا ضمیر پر جائز قرار نہیں دیتے ان کے یہاں کچھ سوال پیدا نہیں ہوتا حتیہ کہنے کا (متعلقہ صفحہ ہذا)

بمعنی فی نحو[1] قوله تعالى ان كنتم على سفر اى فى سفر وعن[2] للبعد والمجاوزة نحو[3] رميت السهم عن القوس وفى[4] للظرفية نحو[5] المال فى الكيس ونظرت فى الكتاب وللاستعلاء[6] نحو

(ترجمہ) فی کے معنی میں جیسے حق تعالیٰ کا قول اگر تم سفر پر ہو یعنی سفر میں ہو۔ اور ساتواں عن ہے دوری اور تجاوز کرنے کے لئے مستعمل ہے جیسے میں نے تیر کو کمان سے پھینکا۔ اور آٹھواں فی ہے ظرفیت کے لئے آتا ہے جیسے مال تھیلی میں ہے اور میں نے کتاب میں نظر کی اور ... فی برتری کیلئے مستعمل ہے جیسے ...

لہ نحو الخ نحو مضاف قول معدد مضاف ہ ضمیر ذو الحال تعالیٰ فعل ضمیر ہو اس میں پوشیدہ وہ اس کا فاعل فعل فاعل سے ملکر حال ذو الحال حال سے ملکر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر قول ہوا۔ ان حرف شرط کنتم فعل ناقص ضمیر بارز متصل مرفوع اس کا اسم علی جار سفر مجرور جار مجرور سے ملکر مفسر ای حرف تفسیر فی جار سفر مجرور جار مجرور سے ملکر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے ملکر ظرف مستقر متعلق کائنۃ خبر کنتم فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ شرطیہ ہو کر مقولہ ہوا قولہ کا قول اپنے مقولہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے خبر مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۲ہ وعن للبعد الخ واؤ مستانفہ عن مبتدا لام جار البعد معطوف علیہ واؤ حرف عطف المجاوزۃ معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق مستعملۃ شبہ فعل مقدر کے ہو کر خبر ہوئی عن مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۳ہ نحو الخ نحو مضاف رمیت فعل با فاعل السہم مفعول بہ عن جار القوس مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۴ہ وفی للظرفیۃ الخ واؤ مستانفہ فی سے مراد لفظ فی مبتدا لام حرف جار الظرفیۃ مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق مستعملۃ کے ہو کر خبر ہوئی مبتدا لفظ فی کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۶ہ وللاستعلاء الخ واؤ عاطفہ لام جار الاستعلاء مجرور جار مجرور سے ملکر مستعملۃ کے متعلق ہو کر معطوف اور اس کا معطوف علیہ الظرفیۃ ہے یا خبر ہوئی فی مبتدا کی مقدر کی مبتدا و خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (ثناء ح) عہ وعلیہ دین اس پر قرض ہے یہ مجازی استعلاء کی مثال ہے۔ ایک اور مثال استعلاء کی بیان کی جاتی ہے دکان علی ربك حتما مقضیا اللہ تعالیٰ حقیقۃ (باقی بر صفحہ ۲۵)

ص ہ ۵ہ قولہ نحو الخ نحو مضاف المال مبتدا فی جار الکیس مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا موجود شبہ فعل مقدر کے موجود اپنے متعلق سے ملکر خبر المال مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ نظرت فعل با فاعل فی جار الکتاب مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا نظرت کے نظرت فعل اپنے فاعل و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا مقدر کی ... مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ۱۲

(بقیہ صفحہ ٢٤) ہر شئی پر بلند و بالا اور مالک و خالق ہیں ہر شئی ان کی قدرت و اختیار میں ہے اور ان کے حکم و ارادہ کے تابع اور لاشئی محض ہے اس لئے باری تعالیٰ کے استعلاء کے کوئی معنی نہیں لہٰذا مذکورہ مثال استعلاء مجازی کی قرار دیجائے گی۔ (متعلقہ صفحہ ہذا) ١ نحو قوله تعالى الخ نحو مضاف قول مصدر مضاف ہ ضمیر ذو الحال تعالیٰ فعل با فاعل حال ذو الحال حال سے ملکر مضاف الیہ ہوا مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر قول ہوا واؤ عاطفہ لاصلبن فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ ضمیر مرفوع متصل واحد متکلم اس میں مستتر وہ فاعل کم ضمیر منصوب متصل جمع مذکر حاضر مفعول بہ فی حرف جار بمعنی علیٰ جذوع مضاف النخل مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا لاصلبن فعل کے فعل اپنے فاعل و مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مقولہ

قوله[1] تعالى ولاصلبنكم في جذوع النخل والكاف[2] للتشبيه نحو[3] زيد كالاسد وقد[4] تكون زائدة نحو[5] قوله تعالى ليس كمثله[6] شئ اى ليس مثله شئ وقد[7] تكون بمعنى الاسم

(ترجمہ) حق تعالیٰ کا قول اور البتہ ضرور بالضرور میں تم کو سولی دونگا کھجور کے تنوں میں اور ساتواں کاف ہے جو تشبیہ دینے کیلئے آتا ہے جیسے زید شیر کی طرح ہے اور کبھی زائد ہوتا ہے جیسے حق تعالیٰ کا قول اس کی مثل کوئی شئی نہیں ہے یعنی اس کی مانند کوئی چیز نہیں ہے اور کاف اسم کے معنی میں آتا ہے - - - - - - - - - - - -

ہوا قول کا قول اپنے مقولہ سے ملکر مضاف الیہ مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٢ والکاف الخ واؤ مستانفہ الکاف مبتدا لام جار التشبیہ مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعمل شبہ فعل مقدر کے مستعمل اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٣ قوله نحو الخ نحو مضاف زید مبتدا ک جار برائے تشبیہ الاسد مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا کائن مقدر کے کائن شبہ فعل اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا مقدر کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٤ وقد تکون الخ واؤ مستانفہ قد حرف تقلیل تکون فعل ناقص ضمیر ہی مستتر جو راجع ہے ک کی طرف اس کا اسم زائدۃ خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ٥ نحو الخ نحو مضاف قول مصدر مضاف ہ ضمیر ذو الحال تعالیٰ فعل با فاعل حال ذو الحال حال سے ملکر مضاف الیہ ہوا قول مضاف کا قول مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر قول لیس فعل ناقص ک جار مثل مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق کائنا مقدر کے ہوکر خبر مقدم ہوئی لیس فعل ناقص کی شئی اسم مؤخر لیس اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مقولہ ہوا قول کا قول اپنے مقولہ سے ملکر مضاف الیہ نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٦ ای الخ ای حرف تفسیر لیس فعل ناقص مثل مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر لیس کی خبر مقدم شئی اسم مؤخر لیس اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر تفسیر مفسر اپنے مفسر سے ملکر مقولہ ہوا۔ قول مقولہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر مثالہ مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٧ وقد تکون الخ واؤ حرف عطف قد برائے تقلیل تکون فعل ناقص ہی ضمیر اس میں پوشیدہ اس کا اسم ب حرف جار معنی مضاف الاسم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ثابتۃ کے ہوکر خبر ہوئی تکون کی تکون فعل اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا (باقی بر صفحہ ٢٦)

(بقیہ ۲۹) نحو مضاف یضحکن فعل ضمیر ن اس میں بارز اس کا فاعل عن حرف جار کاف بمعنی مثل مضاف البرد موصوف المنہم صفت موصوف صفت سے مل کر مضاف الیہ ہوا کاف بمعنی مثل کا بمضاف مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق فعل یضحکن کے یضحکن فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

(متعلقہ صفحہ ہذا) ۱ھ واؤ مستانفہ مذ معطوف علیہ واؤ حرف عطف منذ معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتدا لام جار ابتدائیہ مصدر مضاف الغایۃ مضاف الیہ فی جار الزمان موصوف الماضی صفت موصوف صفت سے ملکر مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا ابتداء کا ابتداء مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے ملکر مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعملان شبہ فعل مقدر کے مستعملان اپنے متعلق سے

نحو يضحكن عن كالبرد المنهم ۱ھ ومذ ومنذ لابتداء الغاية في الزمان الماضي نحو ۲ھ ما رأيته مذ يوم الجمعة او منذ يوم الجمعة اي ابتداء عدم رؤيتي اياه كان يوم الجمعة الى الآن ۳ھ وقد تكونان بمعنى جميع

(ترجمہ) جسے وہ ہنستی ہے اولے جیسے سفید دانتوں سے ۔ اور نواں اور دسواں منذ ہے جو زمانہ ماضی میں مسافت کی ابتداء کے لئے آتے ہیں جیسے میں نے اس کو جمعہ کے دن سے نہیں دیکھا یا جمعہ کے دن سے یعنی اس کو میرے نہ دیکھنے کی ابتداء جمعہ کا دن ہے اور ابتک ہے اور کبھی دونوں پوری مدت بیان کرتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ملکر خبر ہوئی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

۲ھ نحو الخ نحو مضاف ما حرف نفی رأیت فعل ماضی با فاعل ہ ضمیر مفعول بہ مذ حرف جار یوم مضاف الجمعۃ مضاف الیہ مضاف و مضاف الیہ ملکر مجرور جار مجرور سے ملکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف منذ حرف جار یوم مضاف الجمعۃ مضاف الیہ مضاف و مضاف الیہ ملکر مجرور ۔ جار مجرور سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر متعلق ہوا ما رأیت فعل کا فعل اپنے فاعل و مفعول بلہ و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مفسر ہوا ۔ ای حرف تفسیر ابتداء مفسر مضاف عدم مضاف الیہ مضاف رؤیۃ مصدر مضاف ی ضمیر واحد متکلم جو کہ معنی مع فاعل لفظاً مضاف الیہ ایا ہ ضمیر واحد مذکر غائب کی منصوب منفصل مفعول بہ رؤیۃ مصدر مضاف اپنے فاعل و مضاف الیہ اور مفعول بہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا عدم مضاف کا عدم مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر پھر مضاف الیہ ہوا ابتداء مضاف کا ابتداء مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا ہوا کان فعل ناقص ضمیر ہو اس میں مستتر جو راجع ہے ابتدا کی طرف وہ اس کا اسم یوم مضاف الجمعۃ مضاف الیہ مضاف و مضاف الیہ ملکر خبر ہوئی کان کی الیٰ جار الآن مجرور جار مجرور ملکر متعلق ہوا کان فعل کے کان فعل ناقص اپنے اسم و خبر اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر ۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر تفسیر مفسر اپنے تفسیر سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا و خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۳ھ وقد تکونان الخ واؤ مستانفہ قد حرف تقلیل تکونان فعل ناقص (تثنیہ مونث غائب مضارع معروف) ہما ضمیر مستتر جو راجع ہے مذ اور منذ کی طرف وہ اس کا اسم ب جار معنی مضاف جمیع مضاف الیہ مضاف المدۃ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا معنی مضاف کا معنی مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعملتین کے مستعملتین اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی تکونان فعل ناقص کی فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۔

ل۱ نحو الخ نحو مضاف ما حرف نفی رایت فعل با فاعل ہ ضمیر مفعول بہ مذ جار یومین مجرور مذ جار مجرور سے ملکر معطوف علیہ او حرف عطف مذ
حرف جار یومین مجرور جار مجرور سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل با فاعل اپنے مفعول بہ اور متعلق سے
ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مفسر ای حرف تفسیر جمیع مضاف مدۃ مضاف الیہ مضاف انقطاع مضاف الیہ مضاف رویۃ مضاف الیہ مضاف ی ضمیر متکلم
مضاف الیہ (فاعل) ایاہ مفعول بہ رویت مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ (فاعل) اور مفعول بہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا انقطاع مضاف کا
انقطاع مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا مدۃ مضاف کا مدۃ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر پھر مضاف الیہ ہوا
جمیع مضاف کا جمیع مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا یومان خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر تفسیر مفسر اپنی تفسیر

المدة¹ نحو ما رأيته مذ يومين او

مذ يومين اى جميع مدة انقطاع

رؤيتى اياه يومان ورُبّ² للتقليل

ولها³ صدر الكلام ولا يكون مجرورها

الا نكرة موصوفة ولا⁴ يكون متعلقه

الا فعلا ماضيا نحو⁵ رب رجل كريم

(ترجمہ) جیسے میں نے اس کو دو دن سے یا دو دن سے یعنی پوری مدت اس کو میرے نہ دیکھنے کی، دو دن ہیں۔ اور گیارھواں رب ہے وہ شروع کلام میں آتا ہے اور وہ اس کا مجرور نکرہ موصوفہ ہوتا ہے کمی کے معنی دینے کیلئے آتا ہے اور نہیں ہوتا اس کا متعلق مگر فعل ماضی جیسے شریف لوگ کم ہیں

سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔
ل۲ ورُبّ الخ واؤ حرف استیناف رب مبتدا لام جار التقلیل مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق مستعمل مقدر کے ہوکر خبر ہوئی رب مبتدا کی۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔
ل۳ ولہا الخ واؤ عاطفہ لام جار ہا مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ثابت کے ہوکر خبر مقدم اور صدر مضاف الکلام مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر مبتدا مؤخر مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ل۴ ولا یکون الخ واؤ عاطفہ یا مستانفہ لایکون فعل ناقص مضارع منفی مجرور مضاف ہا ضمیر جو راجع ہے رب کی طرف مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم الا حرف استثنا نکرۃ موصوف موصوفۃ صیغہ اسم مفعول صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مستثنیٰ مفرغ ہوکر خبر ہوئی لایکون کی لایکون فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ یا مستانفہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لایکون فعل ناقص متعلق مضاف ہ ضمیر جو راجع ہے رب کی طرف مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم الا حرف استثنا فعلا موصوف ماضیا صفت موصوف صفت سے ملکر مستثنیٰ مفرغ ہوکر خبر ہوئی لایکون کی لایکون فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر جملہ معطوفہ ہوا۔ ل۵ نحو الخ نحو مضاف رب حرف جار رجل موصوف کریم صفت موصوف صفت سے ملکر مجرور جار سے ملکر متعلق مقدم ہوا لقیت مؤخر کے لقیت فعل با فاعل اپنے متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا مؤخر کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (فائدہ) ع۵ رُبّ اس حرف کو کئی طرح پڑھتے ہیں (۱) راء کو ضمہ اور باء کی تین حالتیں ہیں (۲) باء مشدد مفتوح رُبَّ باء مفتوح غیر مشدد رُبَ باء ساکن رُبْ (۲) راء کو فتحہ اور باء کی دو صورتیں باء کو مشدد اور مفتوح پڑھیں
رَبَّ۔ باء کو صرف فتحہ پڑھیں رَبَ۔ راء کو ضمہ اور باء مشدد کو فتحہ کیساتھ
تاء مفتوحہ آخر میں بڑھادیں جیسے رُبَّتَ۔ راء کو ضمہ با مفتوحہ مخففہ اس کے بعد تاء مفتوحہ جیسے رُبَتَ

سلہ وقد تدخل الخ واؤ مستانفہ قد حرف تقلیل تدخل فعل مضارع اس میں ضمیر ہی مستتر جو راجع ہے رب کی طرف وہ اس کا فاعل علی جار الضمیر وصوف المبہم صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا تدخل کے تدخل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لایکون فعل ناقص تمیز مضاف ہ ضمیر جو راجع ہے الضمیر المبہم کی طرف مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم ہوا لایکون کا۔ الاحرف استثناء نکرۃ موصوف موصوفۃ صفت موصوف صفت سے ملکر مستثنی مفرغ ہوکر خبر لایکون کی لایکون فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر جملہ معطوفہ ہوا

لقیت وقد[1] تدخل علی الضمیر
المبہم ولایکون تمیزہ الانکرۃ
موصوفۃ نحو[2] ربہ رجلا جوادا
لقیتہ وقد[3] یکون للتکثیر نحو[4]
رب مال صرفتہ والواو[5] للقسم
وھی[6] لاتدخل الاعلی الاسم الظاہر

(ترجمہ) جن سے میں نے ملاقات کی اور کبھی ضمیر مبہم پر داخل ہوتا ہے اور نہیں ہوتی اس کی تمیز مگر نکرہ موصوفہ جیسے بہت کم لوگ سخی ہیں جن میں سے میں نے ملاقات کی۔ اور کبھی کثرت کے معنی دینے کیلئے آتا ہے جیسے میں نے بہت سا مال خرچ کیا اور بارھواں واؤ ہے جو قسم کے لئے آتا ہے اور وہ داخل نہیں ہوتا مگر اسم ظاہر پر۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

سلہ نحو الخ نحو مضاف ربہ جارۃ ہ ضمیر ممیز رجلا موصوف جوادا صفت موصوف صفت سے ملکر تمیز ممیز اپنی تمیز سے ملکر مجرور ہوا جار کا رب جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا لقیت فعل کے لقیت فعل با فاعل اپنے مفعول اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

سلہ وقد یکون الخ واؤ عاطفہ قد برائے تقلیل یکون فعل ناقص ضمیر ہو مستتر اس کا اسم لام جار تکثیر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثابتا کے ہوکر خبر یکون کی یکون فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

سلہ نحو رب الخ نحو مضاف رب جار مال مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق مقدم صرفت فعل کے۔ صرفت فعل با فاعل ہ ضمیر اس کا مفعول فعل فاعل مفعول اور متعلق مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی۔ مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

سلہ والواؤ الخ واؤ عاطفہ یا مستانفہ الواو مبتدا لام جار القسم مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا مستعملۃ کے مستعملۃ اپنے متعلق سے ملکر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ مستانفہ ہوا

سلہ وہی الخ واؤ مستانفہ ہی (ضمیر جو راجع ہے الواؤ کی طرف) مبتدا لا تدخل فعل ضمیر ہی مستتر اس کا فاعل الا حرف استثناء علی جار الاسم موصوف الظاہر صفت موصوف وصفت ملکر مجرور ہوا جار کا
جار مجرور سے ملکر معطوف علیہ لا عاطفہ علی جار المضمر مجرور جار مجرور
سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر متعلق ہوا
لا تدخل فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق مل کر جملہ فعلیہ
ہوکر خبر ہوئی ہی مبتدا کی مبتدا اپنی اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ

لا على المضمر[1] نحو والله لأشربن اللبن وقد[2] تكون بمعنى رب نحو[3] وعالم يعمل بعلمه اى رب عالم يعمل بعلمه والتاء[4] للقسم وهي[5] لا تدخل الا على اسم الله تعالى[6] نحو تالله لأضربن زيدا

(ترجمہ) نہیں داخل ہوتا ہے ضمیر پر جیسے اللہ کی قسم ہیں دودھ ضرور پیونگا اور کبھی واؤ رب کے معنی میں آتا ہے جیسے ایسے عالم کم ہیں جو اپنے علم کے مطابق عمل کرتے ہیں یعنی ایسے عالم کم ہیں جو اپنے علم پر عمل کرتے ہیں۔ اور تیرھواں تا ہے جو قسم کے لئے مستعمل ہے اور وہ صرف اللہ کے نام پر داخل ہوتا ہے جیسے اللہ کی قسم میں زید کو ضرور مار دوں گا۔

[1] نحو الخ نحو مضاف واؤ حرف جر برائے قسم لفظ اللہ مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا اقسم فعل مقدر کے اقسم فعل با فاعل اپنے متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر قسم لاشربن فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ فعل با فاعل اللبن مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جواب قسم۔ قسم اپنے جواب قسم سے مل کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [2] وقد تکون الخ واؤ مستانفہ قد حرف تقلیل تکون فعل ناقص ضمیر ہی اس میں مستتر جو راجع ہے واؤ کی جانب وہ اس کا اسم ب جار معنی مضاف رب مضاف الیہ مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا مستعملۃ محذوف کے مستعملۃ اپنے متعلق سے ملکر خبر ہوئی تکون کی تکون فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا [3] نحو الخ نحو مضاف واؤ جار بمعنی رب موصوف یعمل فعل مضارع ضمیر ہو مستتر وہ اس کا فاعل ب جار علم مصدر مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ جو عالم کی طرف راجع ہے مضاف مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا جار کا جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل یعمل کا فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر صفت ہوئی موصوف کا موصوف صفت سے مل کر مجرور ہوا جار کا جار مجرور سے مل کر مفسر ای حرف تفسیر رب حرف جر عالم موصوف یعمل فعل مضارع ہو ضمیر مستتر وہ اس کا فاعل ب جار علم مضاف کا ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل یعمل کا یعمل فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر صفت ہوئی عالم موصوف کی موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور ہوا جار مجرور سے مل کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر متعلق ہوا الفیت فعل محذوف کا الفیت فعل با فاعل اپنے متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [4] قولہ والتاء الخ واؤ مستانفہ التاء مبتدا لام جار القسم مجرور جار مجرور ملکر مستعمل محذوف کے متعلق ہوکر خبر ہوئی [5] وہی الخ واؤ عاطفہ یا مستانفہ ہی مبتدا لا تدخل نفی فعل مضارع معروف ضمیر ہی اس میں مستتر وہ اس کا فاعل الا حرف استثناء علی حرف جار اسم مضاف لفظ اللہ ذو الحال تعالیٰ فعل ضمیر ہو اس میں مستتر وہ اس کا فاعل فعل فاعل سے ملکر حال ذو الحال حال سے ملکر مضاف الیہ اسم مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر مستثنیٰ مفرغ ہوکر متعلق ہوا لا تدخل فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر خبر ہوئی ہی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [6] نحو الخ نحو مضاف ت حرف جر قسم کیلئے لفظ اللہ مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا اقسم کے اقسم فعل با فاعل اپنے متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر قسم

(باقی برصفحہ آئندہ)

(بقیہ ص۲۹) لام امر بن صیغہ واحد مذکر و مونث متکلم بحث لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ ضمیر انا اس میں مستتر وہ اس کا فاعل زیدا مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم قسم اپنے جواب قسم سے مل کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (تشاہر یحیم) ع۵ الواو للقسم الخ واؤ کے قسمیہ آنے کی تین شرطیں ہیں۔ [1] واؤ قسمیہ ضمیر پر داخل نہیں ہوتا جیسے وکَ البتہ بار داخل ہوتا ہے جیسے باللہ۔ [2] واؤ قسمیہ سوال پر داخل نہیں ہوتا ہے جیسے واللہ اخبرنی۔ [3] واؤ کے قسمیہ آنے کی شرط یہ ہے کہ قسم کا فعل مذکور نہ ہو جیسے اقسم واللہ درست نہیں ہے (نوٹ) ضمیر مبہم۔ جب ضمیر کا مرجع متعین اور معلوم نہ ہو تو سوال ہوتا ہے کہ اس ضمیر کو کس طرف راجع کریں اس لئے مرجع متعین نہ ہونے کی وجہ سے اس ضمیر کو ضمیر مبہم کہتے ہیں (متعلقہ صفحہ ہذا)

اعلم[1] انه لابد للقسم من الجواب[2] فان كان جوابه جملة اسمية فان كانت مثبتة وجب ان تكون[3] مصدرة بان او لام الابتداء نحو[4] والله ان زيدا قائم والله لزيد قائم[5] وان كانت منفية كانت مصدرة

(ترجمہ) جان تو کہ قسم کیلئے جواب قسم کا ہونا ضروری ہے پس اگر اس کا جواب جملہ اسمیہ ہو تو اگر مثبت ہو تو واجب ہے کہ اس جملہ کو انّ یا لام ابتداء سے شروع کیا جائے جیسے اللہ کی قسم بیشک زید کھڑا ہے اور اللہ کی قسم البتہ زید کھڑا ہے اور اگر جملہ منفی ہو تو شروع ہوگا۔ ۔ ۔ ۔

[1] اعلم الخ اعلم صیغہ واحد مذکر حاضر بحث امر حاضر معروف فعل با فاعل اَن حرف مشبہ بالفعل ہ ضمیر شان منصوب متصل اس کا اسم لا نفی جنس بد نکرہ مفرد اس کا اسم لام حرف جار القسم مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق اول ہوا حاصل محذوف کا حاصل شبہ فعل اپنے دونوں متعلقوں سے ملکر لائے نفی جنس کی خبر ہوئی من جار الجواب مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثانی ہوا حاصل محذوف کے لائے نفی جنس اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی ان کی ان اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مفعول بہ ہوا اعلم کا اعلم فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا [2] فان الخ ف تفصیل ان حرف شرط کان فعل ناقص جواب مضاف ہ ضمیر مجرور متصل واحد مذکر غائب جو راجع ہے قسم کی جانب مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم ہوا کان کا جملۃ موصوف اسمیۃ صفت موصوف و صفت ملکر خبر ہوئی کان کی کان فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط ف حرف تفصیل ان حرف شرط کانت فعل ناقص ضمیر ہی مستتر جو راجع ہے جملہ اسمیہ کی طرف وہ اس کا اسم مثبتۃ خبر کانت فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر دوسری شرط وجب فعل ماضی ان مصدریہ تکون فعل ناقص ضمیر ہی اس میں مستتر جو راجع ہے مثبتۃ کی طرف وہ اس کا اسم مصدرۃ شبہ فعل اسم مفعول ضمیر ہی اس میں مستتر جو راجع ہے جملہ مثبتۃ کی طرف وہ اس کا نائب فاعل ب جار ان الف کسرہ کے ساتھ مخففہ ہو خواہ مثقلہ معطوف علیہ او حرف عطف لام مضاف الابتداء مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا مصدرۃ کے مصدرۃ شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر خبر ہوئی تکون کی تکون فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد فاعل ہوا فعل وجب کا وجب فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا ہوئی شرط ثانی کی شرط ثانی اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر پھر جزا ہوئی شرط اول کی۔ شرط اول اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا (تشاہر یحیم) حروف قسمیہ تین ہیں ب ت و۔ اور تا اسم ضمیر پر داخل نہیں ہو سکتی ہے پھر واؤ اللہ تعالیٰ کے جس قدر اعلام ہیں ان سب پر آسکتا ہے اور تا صرف لفظ اللہ پر آئے گی نیز فعل قسم ان کے ساتھ ذکر نہیں کیا جا سکتا بخلاف باء کے وہ سب سے عام ہے اسم ضمیر اور اسم ظاہر دونوں پر داخل ہوتا ہے پھر فعل قسم بھی اس کے ساتھ (باقی بر ص۳۱)

(بقیہ صفحہ ۳۰) ذکر کیا جا سکتا ہے ۳ نحو الخ نحو مضاف واؤ حرف جر برائے قسم لفظ اللہ مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل مقدر اقسم کے اقسم فعل با فاعل اپنے متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قسم انّ حرف مشبہ بفعل زیدًا اس کا اسم قائمٌ خبر ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم۔ قسم اپنے جواب قسم سے مل کر جملہ قسمیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ اول حرف عطف واؤ ثانی حرف جر برائے قسم لفظ اللہ مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق اقسم فعل مقدر کے ہو کر قسم ل حرف ابتدا برائے تاکید زید مبتدا قائمٌ خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم قسم اپنے جواب قسم سے مل کر جملہ قسمیہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۴ وان کانت الخ

بما ولا وان مثل[۱] واللہ ما زید قائما واللہ لا زید فی الدار ولا عمرو واللہ ان زید قائم وان کان[۲] جوابہ جملۃ فعلیۃ فان کانت مثبتۃ کانت مصدرۃ بالّلام وقد او باللام وحدہ مثل[۳] واللہ لقد قام زید وواللہ لافعلن کذا

(ترجمہ) ما، لا اور ان سے جیسے اللہ کی قسم زید قائم نہیں ہے اور اللہ کی قسم زید گھر میں نہیں ہے اور نہ عمرو۔ اور اللہ کی قسم بے شک زید قائم ہے اور اگر اس کا جواب جملہ فعلیہ ہو تو اگر وہ جملہ مثبتہ ہے تو اس کو لام اور قد یا تنہا لام سے شروع کیا جائے گا جیسے اللہ کی قسم تحقیق کہ زید کھڑا ہے اور اللہ کی قسم میں ایسا ضرور کروں گا - - - - - - -

واؤ حرف عطف یا مستانفہ ان حرف شرط کانت فعل ناقص ضمیر ہی اس میں مستتر وہ اس کا اسم جو راجع ہے جملہ اسمیہ کی طرف منفیۃ خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط کانت فعل ناقص ضمیر ہی اس میں مستتر جو راجع ہے منفیۃ کی طرف وہ اس کا اسم مصدرۃ صیغہ اسم مفعول ہی ضمیر مستتر اس کا نائب فاعل جو راجع ہے منفیۃ کی طرف ب جار ما معطوف علیہ واؤ عاطفہ لا معطوف معطوف علیہ واؤ حرف عطف ان معطوف لا معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر معطوف ہوا ما معطوف علیہ کا ما معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مصدرۃ کے مصدرۃ شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی کانت کی کانت فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ مستانفہ یا معطوفہ ہوا اور اس کا عطف جملہ گذشتہ فان کانت پر ہے۔

(متعلقہ صفحہ ہذا) ۱ مثل واللہ الخ مثل مضاف واؤ جارہ قسمیہ لفظ اللہ مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق اقسم کے ہو کر جملہ انشائیہ ہو کر قسم ما حرف نفی مشابہ بلیس (اس کا اسم مرفوع اور خبر منصوب ہوتی ہے) زید اس کا اسم قائمًا خبر ما مشابہ بلیس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جواب قسم کا قسم اپنے جواب قسم سے مل کر جملہ قسمیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ اول حرف عطف واؤ ثانی جار برائے قسم لفظ اللہ مجرور جار مجرور سے مل کر فعل مقدر اقسم کے متعلق ہوا اقسم فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم لا برائے نفی جنس (یہ اسم اور خبر کو چاہتا ہے) زید اس کا اسم فی حرف جار الدار مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق موجود کے ہو کر لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے ملکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لا نفی جنس عمرو اس کا اسم فی جار الدار مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق موجود کے ہو کر خبر لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جواب قسم قسم اپنے جواب قسم سے مل کر معطوف معطوف علیہ واؤ اول حرف عطف واؤ ثانی (بقیہ صفحہ ۳۲)

(بقیہ ص۳۱) حرف جار قسمیہ لفظ اللہ مجرور جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق اقسم کے ہوکر قسم ہوئی اِنْ نافیہ زید مبتدا قائم خبر مبتدا و خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب قسم۔ قسم اپنے جواب قسم سے ملکر جملہ قسمیہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر معطوف ہوا والله مازید الخ کا پھر یہ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا محذوف اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [2]
وان کان الخ واؤ عاطفہ یا مستانفہ ان حرف شرط کان فعل ناقص جواب مضاف کا ضمیر جو راجع ہے قسم کی طرف مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر اسم ہوا کان کا جملۃ موصوف فعلیۃ صفت موصوف صفت سے

وَاَنْ[1] كانت منفية فان كانت فعلاً ماضيا كانت مصدرة بما[2] مثل والله ما قام زيد وان كانت فعلاً مضارعا كانت مصدرة بما ولا ولن مثل[3] والله ما افعلن كذا او والله

(ترجمہ) اور اگر جملہ فعلیہ منفی ہو پس اگر یہ فعل ماضی ہے تو جملہ ما سے شروع کیا جائے گا جیسے اللہ کی قسم زید کھڑا نہیں ہوا۔ اور اگر یہ جملہ فعلیہ مضارع ہو تو ما ولا ولن سے شروع کیا جائے گا جیسے اللہ کی قسم میں ایسا ہرگز نہیں کروں گا۔ اور اللہ کی قسم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ملکر خبر ہوئی کان کی کان فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر شرط اوّل ف حرف تفصیل ان حرف شرط کانت فعل ناقص ضمیر ہی مستتر جو راجع ہے جملہ فعلیہ کی طرف وہ اس کا اسم مثبتۃ خبر کانت فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر دوسری شرط کانت فعل ناقص ہی ضمیر واحد مونث غائب اس میں مستتر جو راجع ہے مثبتۃ کی طرف وہ اس کا اسم مصدرۃ صیغہ اسم مفعول ہی ضمیر مستتر جو راجع ہے مثبتۃ کی طرف وہ اس کا نائب فاعل ب جار اللام معطوف علیہ واؤ عاطفہ قد معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور جار مجرور سے ملکر معطوف علیہ او حرف عطف ب جار اللام ذوالحال وحدہ مضاف ہ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر بتاویل منفردًا ہوکر حال ذوالحال سے مل کر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر متعلق ہوا مصدرۃ کا مصدرۃ شبہ فعل اپنے نائب فاعل ضمیر اور متعلق سے ملکر خبر ہوئی کانت کی کانت فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا ہوئی شرط ثانی کی شرط ثانی اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوکر یہ جزا ہوئی شرط اوّل کی پھر یہ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ مستانفہ یا معطوفہ ہوا [3] مثل الخ مثل مضاف والله واؤ قسمیہ حرف جار لفظ اللہ مجرور جار مجرور ملکر اقسم کے متعلق ہوکر قسم ہوئی لام حرف ابتداء برائے تاکید قد حرف تحقیق (جب ماضی پر داخل ہوتا ہے تو تحقیق کے معنی دیتا ہے) قام فعل زید فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جواب قسم ہوا قسم اپنے جواب قسم سے مل کر جملہ قسمیہ انشائیہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف واؤ قسمیہ حرف جار لفظ اللہ مجرور جار مجرور سے ملکر متعلق اقسم کے ہوکر قسم ہوئی لام حرف تاکید افعلن فعل با فاعل ک حرف جر ذا اسم اشارہ مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا افعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جواب قسم قسم اپنے جواب قسم سے مل کر (باقی برصفحہ آئندہ)

(بقیہ صفحہ ۳۳) جملہ قسمیہ انشائیہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (صفحہ ۲۶) ۱ وان کانت الخ واؤ عاطفہ یا مستانفہ ان حرف شرط کانت فعل ناقص ضمیر مرفوع متصل واحد مونث غائب اس میں مستتر وہ اس کا اسم منفیتہ خبر کانت فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط اول ف حرف تفصیل ان حرف شرط کانت فعل ناقص ضمیر ہی اس میں مستتر وہ اس کا اسم فعلا موصوف ماضیا صفت موصوف صفت سے ملکر خبر کانت اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر دوسری شرط کانت فعل ناقص

ضمیر واحد مونث غائب ہی اس میں مستتر جو راجع ہے جملہ کی طرف وہ اس کا اسم مصدرۃ صیغہ اسم مفعول شبہ فعل اس میں ضمیر ہی مستتر جو راجع ہے جملہ کی طرف وہ اس کا نائب فاعل ب جار ما مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا مصدرۃ کے مصدرۃ شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر خبر ہوئی کانت فعل ناقص کی کانت فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا ہوئی شرط دوم کی شرط دوم اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر جزا ہوئی پہلی شرط کی یہ شرط وجزا مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ مستانفہ یا معطوفہ ہوا ۲ مثل الخ مثل مضاف واؤ حرف جار قسمیہ لفظ اللہ مجرور جار مجرور ملکر متعلق اقسم مقدر کے ہو کر قسم ما نافیہ قام فعل ماضی زید اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم قسم اپنے جواب قسم سے ملکر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۳ وان کانت الخ واؤ عاطفہ یا مستانفہ ان حرف شرط کانت فعل ناقص ہی ضمیر واحد مونث غائب اس میں مستتر جو راجع ہے بجانب جملہ وہ اس کا اسم فعلا موصوف مضارعا صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر ہوئی کان کی کان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط کانت فعل ناقص ضمیر ہی اس میں مستتر وہ اس کا اسم مصدرۃ صیغہ اسم مفعول شبہ فعل ب جار ما معطوف علیہ واؤ حرف عطف لا معطوف معطوف علیہ واؤ حرف عطف لن معطوف لا معطوف علیہ اپنے معطوف لن سے ملکر معطوف ہوا ما معطوف علیہ کا ما معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا مصدرۃ شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے نائب فاعل ہی ضمیر اور متعلق سے ملکر خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ معطوفہ یا مستانفہ ہوا ۴ مثل الخ مثل مضاف واللہ بطریق سابق قسم ما افعلن فعل با فاعل ک جار ذا مجرور جار اپنے ۴۴

۴۴ الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (متعلقہ صفحہ ۴۴) ۱ یکون الخ واؤ عاطفہ یا مستانفہ قد حرف تقلیل یکون فعل ناقص جواب مضاف القسم مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم محذوف جار مجرور فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا مقدم ان حرف شرط کان فعل ناقص قبل مضاف القسم مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر خبر مقدم ۔ جملہ موصوف کی جار موصوف التی اسم موصول وقعت ... واحد مونث غائب بحث باقی آئندہ صفحہ ۴۴

۴۴ مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم اپنے جواب قسم سے مل کر جملہ قسمیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ اول حرف عطف واؤ ثانی حرف جار قسمیہ لفظ اللہ مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر اقسم مقدر کے متعلق ہو کر قسم لا افعلن فعل با فاعل کذا جار مجرور لا افعلن کے متعلق ہو کر جواب قسم، قسم جواب قسم سے مل کر معطوف معطوف علیہ واؤ حرف ... واللہ لا افعلن ترکیب مذکور معطوف علیہ اپنے معطوف سے کذا معطوف ہوا واللہ ما افعلن کذا مل کر معطوف علیہ اپنے معطوف یہ معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ۴۴ ۴۴

لا افعلن كذا او والله لن افعل كذا او قد[۱] يكون جواب القسم محذوفا ان كان قبل القسم جملة كالجملة التي وقعت جوابه مثل[۲] زيد عالم والله اي والله ان زيدا عالم او[۳] كان القسم واقعا بين اجزاء

(ترجمہ) میں ایسا کبھی نہیں کروں گا اور اللہ کی قسم میں ایسا ہرگز نہیں کروں گا اور کبھی قسم کا جواب محذوف ہوتا ہے۔ اگر قسم سے پہلے ایک جملہ ہو جو اس جملہ کی مانند ہو جو قسم کا جواب واقع ہے جیسے زید عالم ہے اللہ کی قسم یعنی اللہ کی قسم بیشک زید عالم ہے یا قسم مذکورہ جملہ کے اجزاء کے درمیان واقع ہو

ك ۱ (پہلا حصہ ص۳۳ میں ملاحظہ ہو) بحث اثبات فعل ماضی معروف ہی ضمیر اس میں مستتر (جو جملہ کی طرف راجع ہے) وہ اس کا فاعل جواب مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ (جو راجع ہے قسم کی طرف) مضاف مضاف الیہ سے ملکر مفعول بہ وقعت فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ ہوا موصول کا موصول اپنے صلہ سے ملکر صفت ہوئی موصوف کی موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق کائنۃ کے ہو کر صفت ہوئی جملۃ موصوف کی جملۃ موصوف اپنی صفت سے مل کر اسم مؤخر ہوا کان کا۔ کان فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط موخر ہوئی جزا مقدم کی شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا

ك ۲ مثل الخ مثل مضاف زید مبتدا عالم خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قائم مقام جواب قسم واؤ حرف جار قسمیہ لفظ اللہ مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق اقسم مقدر کے ہو کر قسم ہوئی جواب قسم محذوف کی کہ اس پر جملہ سابقہ دلالت کرتا ہے قائم مقام جواب قسم اور قسم اپنے جواب قسم سے مل کر جملہ قسمیہ انشائیہ ہو کر مفسر ای حرف تفسیر واؤ حرف جار قسمیہ لفظ اللہ مجرور جار مجرور سے مل کر اقسم محذوف کے متعلق ہو کر قسم ان حرف مشبہ بالفعل زیدا اس کا اسم عالم خبر ان اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جواب قسم قسم اپنے جواب قسم سے مل کر جملہ قسمیہ انشائیہ ہو کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر جملہ تفسیریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا محذوف اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ك ۳ او کان الخ او حرف عطف کان فعل ناقص القسم اس کا اسم واقعا شبہ فعل اسم فاعل ہو ضمیر اس میں مستتر وہ اس کا فاعل بین مضاف اجزاء مضاف الیہ مضاف الجملۃ موصوف المذکورۃ صفت موصوف اپنی صفت سے ملکر مضاف الیہ ہوا اجزاء مضاف کا اجزاء مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا بین مضاف کا بین مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر ظرف ہوا واقعا کا۔ واقعا شبہ فعل اپنے فاعل ضمیر اور قولہ ظرف سے ملکر خبر ہوئی کان کی کان فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر ان کان قبل القسم پر معطوف ہو کر یہ بھی جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

الجملة المذكورة مثل[١] زيد والله عالم اى والله ان زيدا عالم[٢] وحاشا وخلا وعدا كل واحد منها للاستثناء مثل[٣] جاءنى القوم حاشا زيد وخلا زيد وعدا زيد[٤] وقال بعضهم ان الاسم الواقع

(ترجمہ) جیسے اللہ کی قسم زید عالم یعنی اللہ کی قسم بیشک زید عالم ہے۔ چودھواں حاشا اور پندرھواں خلا اور سولھواں عدا ہے ان میں سے ہر ایک استثناء کے لئے مستعمل ہے جیسے قوم میرے پاس آئی سوائے زید کے اور سوا زید کے اور علاوہ زید کے۔ اور بعض نے کہا ہے بیشک اس کے بعد والا اسم مفعولیت کی بنا پر

(متعلقہ صفحہ ھذا) لہ مثل مضاف لم یضرب مراد لفظا مبتدا ب حرف جار معنی مضاف ما ضرب ماضی منفی مراد لفظا مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق کائن محذوف کے ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے ملکر۔ مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا الخ دوسری ترکیب لم یضرب ذو الحال بمعنی ما ضرب بترکیب بالا ظرف مستقر منصوب محلا حال۔ ذو الحال حال سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا۔ مضاف مضاف الیہ مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوا ٢ہ واؤ استینافیہ لما مبتدا مثل مضاف لم مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مستدرک منہ لکن حرف مشبہ بالفعل برائے استدراک ہا ضمیر جو راجع ہے لما کی طرف اس کا اسم مختصۃ شبہ فعل ضمیر ہی مستتر نائب فاعل بالاستغراق جار مجرور ملکر متعلق ہوا مختصۃ شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے نائب فاعل و متعلق سے ملکر خبر ہوئی لکن کی لکن اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر استدراک مستدرک منہ اپنے استدراک سے مل کر خبر ہوئی لما مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٣ہ مثل مضاف لما حرف جازم یضرب فعل مضارع معروف زید فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر مفسر ای حرف تفسیر ما ضرب فعل ماضی منفی زید فاعل فی جار شیء مجرور من جار الازمنۃ موصوف الماضیۃ صفت موصوف صفت سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا کائن شبہ فعل محذوف کے کائن اپنے متعلق سے مل کر صفت ہوئی شیء موصوف کی موصوف صفت سے ملکر مجرور ہوا جار کا۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل ما ضرب کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر مضاف الیہ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا مقدر مثالہ کی مبتدا و خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٤ہ واؤ استینافیہ لام مضاف الامر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا اول۔ واؤ زائدہ ہی مبتدا ثانی ل جار طلب مصدر مضاف الفعل مضاف الیہ اما حرف تردید عن جار الفاعل موصوف الغائب صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور (بقیہ بر صفحہ ۵۲)

(بقیہ صفحہ ۵۱) جار مجرور سے مل کر معطوف علیہ او حرف عطف عن المفعول الغائب بترکیب مذکور معطوف ومعطوف علیہ علی ہذا القیاس۔ او عن المفعول اور او عن المفعول المتکلم...... معطوف علیہ (عن الفاعل الغائب) اپنے تمام معطوفات سے مل کر متعلق ہوا الطلب مصدر کے۔ الطلب مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور ہوا جار کا جار مجرور سے مل کر متعلق ثابتۃ شبہ فعل مقدر کے ہو کر خبر ہوئی ہی مبتدا ثانی کی۔ ہی مبتدا اپنی خبر سے مل کر خبر ہوئی لام الامر مبتدا اول کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **۵۴** مثل مضاف لیضرب صیغہ امر واحد مذکر غائب ضمیر ہو مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا۔ مضاف ومضاف الیہ مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (تشریح) **۵۵** جمہور نحات کے نزدیک لما کا عمل یہ ہے کہ لم کی طرح یہ بھی مضارع کو ماضی کے معنی میں کر دیتا ہے لیکن حربلی اور دوسرے نحوی یہ کہتے ہیں کہ دونوں مضارع کو ماضی کے معنی میں کرتے ہیں مگر لم کے لئے تو مثال موجود اور نظیر موجود ہے لما کے لئے کوئی نظیر نہیں پائی جاتی۔ ایک تحقیق یہ بھی ہے کہ لما در اصل لم ہی ہے فرق یہ ہے کہ لما میں لم پر ما کا اضافہ کر دیا گیا ہے لما متوقع امر کی نفی پر دلالت کرتا ہے جس طرح قد ماضی میں داخل ہو کر ثبوت کی توقع پر دلالت کرتا ہے جیسے لما یرکب الامیر۔ لم اور لما میں ایک فرق یہ بھی ہے کہ حروف شرط پر لما داخل نہیں ہوتا جیسے ان لما یضرب زیدًا صحیح نہیں ہے اس کے برخلاف ان لم یضرب زیدًا صحیح ہے۔ **۵۶** لم اور لما دونوں فعل مضارع کے شروع میں آتے ہیں اور فعل مضارع کے آخر میں جزم کر دیتے ہیں اور فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب ان دونوں کا کام ایک ہی ہے تو بغیر کسی فرق کے ایک معنی وعمل کے پیدا کرنے کے لئے ان دونوں کو کیوں وضع کیا گیا۔ جواب یہ ہے کہ ان دونوں میں فرق ہے لم سے جس فعل کی نفی ہوتی ہے مطلب یہ ہوتا ہے کہ یہ فعل زمانۂ ماضی میں فاعل نے نہیں کیا ہو سکتا ہے کہ کبھی کیا ہو اور کبھی نہ کیا ہو جیسے لم یضرب زید عمرًا یعنی زید نے عمر کو زمانہ گذشتہ میں مارا نہیں۔ ہو سکتا ہے کہ کبھی مارا ہو اور ہو سکتا ہے کہ کبھی نہ مارا ہو۔ اور لما یضرب زید عمرًا کا مطلب یہ ہے کہ جب سے زید وعمر کا وجود دنیا میں آیا ہے اس وقت سے بکر او متکلم کے لما یضرب زید عمرًا کہنے کے وقت تک زید نے عمر کو زمانۂ گذشتہ میں نہیں۔ بعض قرائن کے ہوتے ہوئے فعل مجزوم بلما کو حذف کر سکتے ہیں جیسے شارفت المدینۃ ولما۔ اور لم کے فعل مجزوم کو نہیں حذف کر سکتے لم کے ذریعہ سے ہر فعل کی نفی کی جا سکتی ہے اور لما کے ذریعہ سے ایسے فعل کی نفی کی جاوے گی کہ جس فعل کے وجود کا سب کو انتظار ہو رہا ہو جیسے لما یرکب الامیر وفی ہذا المقام فوائد اخر فلیطالع فی شرح الجامی **۵۷** ایک ترکیب یہاں یہ بھی ہو سکتی ہے ثالث مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے مل کر مبتدا لام مضاف الامر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف ہی مبتدا ثابتۃ لطلب الفعل خبر (بقیہ بر صفحہ ۵۴)

مثل ۱ لیضرب او عن الفاعل المتکلم مثل ۲ لاضرب ولنضرب او عن المفعول الغائب ۳ مثل لیضرب او عن المفعول المخاطب ۴ مثل لتضرب ۵ او عن المفعول المتکلم مثل ۶ لاضرب ولنضرب ولا النهی

(ترجمہ) جیسے چاہئے کہ ایک مرد مارے یا فاعل متکلم سے جیسے چاہئے کہ میں ماروں یا ہم سب ماریں۔ یا مفعول غائب جیسے چاہئے کہ وہ ایک مرد مارا جائے۔ یا مفعول حاضر سے جیسے چاہئے کہ تو ایک مرد مارا جائے۔ یا مفعول متکلم سے جیسے چاہئے کہ میں مارا جاؤں یا چاہئے کہ ہم مارے جائیں اور

بقیہ: عن جار الفاعل موصوف الخ صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر معطوف معطوف علیہ او حرف عطف عن المفعول الخ۔

(متعلقہ صفحہ ۵۲) لے مثل مضاف لیضرب صیغہ امر واحد مذکر غائب ضمیر ہو مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۲ے مثل مضاف لاضرب امر صیغہ واحد متکلم انا اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لنضرب امر جمع متکلم نحن ضمیر مستتر اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۳ے مثل مضاف لیضرب امر

۵۳

صیغہ واحد نائب مجہول ہو ضمیر مستتر اس کا نائب فاعل۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۴ے مثل مضاف لتضرب امر حاضر مجہول ضمیر انت مستتر اس کا نائب فاعل۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر خبر ہو مثالہ مبتدا محذوف کی۔ مبتدا و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۵ے مثل مضاف لاضرب صیغہ امر مجہول واحد متکلم ضمیر مستتر انا اس کا نائب فاعل۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ۔ واؤ حرف عطف لنضرب امر مجہول ضمیر نحن مستتر اس کا نائب فاعل فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف

(بقیہ صفحہ ۲۲) خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لام الامر جزم (متعلقہ صفحہ نمبر ۵۳) لے مثل مضاف لاتضرب فعل نہی ضمیر انت پوشیدہ اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لاتضرب فعل نہی ضمیر انت مستتر اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ واؤ حرف عطف لا اضرب فعل نہی ضمیر انا مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ واؤ حرف عطف لانضرب فعل نہی ضمیر مستتر نحن اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے سب معطوفوں سے (بقیہ بر صفحہ نمبر ۵۵)

معطوف ہوا۔ الغائب معطوف علیہ اپنے معطوف الغائب معطوف علیہ جار اپنے مجرور سے مل کر مجرور ہوا جار کا۔ طلب [illegible] مل کر متعلق ہوا طلب مصدر کا متعلق مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر متعلق [illegible] مصدر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر [illegible] ہوا ثابتہ [illegible] اپنی نصب سے مل کر [illegible] مبتدا ثانی اپنی خبر سے مل کر خبر ہوئی مبتدا اول کی مبتدا اول اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [illegible] ترکیب [illegible] ۶ے امر اور [illegible] لا النہی [illegible]

علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۶ے واؤ مستانفہ لا مضاف النہی مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ واؤ زائدہ ہی ضمیر مونث مبتدا ثانی ضد مضاف لام مضاف الیہ مضاف الامر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر پھر مضاف الیہ ہوا ضد مضاف کا۔ ضد مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفسر ای حرف تفسیر آل جار طلب مصدر مضاف ترک مضاف الیہ مضاف الفعل مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر پھر مضاف الیہ ہوا طلب مضاف کا۔ اما حرف تردید عن جار الفاعل موصوف الغائب معطوف علیہ او حرف عطف المخاطب معطوف علیہ او حرف عطف المتکلم معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر صفہ

ـلـه (اگلی ترکیب گذشتہ صفحہ میں ملاحظہ ہو) مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا۔ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوا ـه اوبرائے تردید عن حرف جار المفعول موصوف الغائب معطوف علیہ او حرف عطف المخاطب معطوف او حرف عطف المتکلم معطوف۔ معطوف علیہ اپنے دونوں معطوفوں سے مل کر صفت ہوئی موصوف کی۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور ہوا جار کا۔ جار اپنے مجرور سے مل کر یہ بھی بواسطہ عطف کے متعلق ہوا طلب مصدر کے طلب مصدر اپنے متعلق سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثابت کے ہوکر خبر ہوئی ہی مبتدا کی۔ مبتدا و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ......

۵۴

(متعلقہ صفحہ ۵۵) ـلـه

واؤ عاطفہ یا مستانفہ ان مبتدا واؤ زائدہ ہی مبتدا ثانی تدخل فعل ضمیر ہی مستتر اس کا فاعل علی جار الجملتین مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا تدخل فعل کے۔ تدخل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر ہوئی ہی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر خبر ہوئی ان مبتدا اول کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ـه واؤ مستانفہ الجملۃ موصوف الاولیٰ صفت۔ موصوف صفت سے مل کر مبتدا تکون فعل ناقص ضمیر ہی مستتر اس کا اسم فعلیۃ خبر تکون فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر خبر ہوئی مبتدا کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف الثانیۃ مبتدا قد حرف تقلیل تکون فعل ناقص ہی

وهي ضد لام الامر اى لطلب ترك الفعل اما عن الفاعل الغائب او المخاطب او المتكلم مثل لا يضرب ولا تضرب ولا اضرب ولا نضرب او عن المفعول الغائب او المخاطب او المتكلم مثل لا يضرب ولا تضرب

(ترجمہ) اور لائے نہی اور یہ لام امر کی ضد ہے یعنی ترک فعل کی طلب کے لئے آتا ہے یا فاعل غائب سے یا حاضر سے یا متکلم سے جیسے وہ نہ مارے۔ اور تو مت مار اور میں نہ ماروں اور ہم نہ ماریں۔ یا مفعول غائب سے یا حاضر یا متکلم سے جیسے چاہئے کہ وہ نہ مارا جائے۔ تو نہ مارا جائے

ضمیر مستتر واحد مونث غائب اس کا اسم فعلیۃ خبر تکون فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف قد حرف تقلیل تکون فعل ناقص ضمیر مستتر ہی اس کا اسم اسمیۃ خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر الثانیۃ مبتدا اپنی خبر سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا (تشریح مطالب) ـه ان شرطیہ مستقبل کے معنی دیتا ہے لیکن کان اور اس کے دوسرے صیغوں پر داخل ہو تو اس وقت ماضی یا مستقبل کے معنی لئے جا سکتے ہیں جیسے ان کنت قلتہ فقد علمتہ میں ماضی کے معنی اور ان کنتم جنبا فاطهروا میں استقبال کے معنی مراد ہیں۔ مبرد نحوی کا قول ہے ان شرطیہ کان میں داخل ہوکر مستقبل کے معنی میں تبدیل نہیں کر سکتا۔ رضی کا بھی یہی قول ہے اور حاشیہ کشاف کی روشنی میں علامہ تفتازانی کی بھی یہی رائے معلوم ہوتی ہے۔ شرط و جزا دونوں کا حذف بوقت قرینہ شعریہ جائز ہے۔ کلام نثر اگر لا کے ساتھ منفی ہو تو شرط کا حذف جائز ہے۔

(١ اور ٢ صفحہ ٥٤ میں موجود ہے) ٣ واؤ عاطفہ یا استینافیہ نُضربُ مضارع مجہول الاولیٰ نائب فاعل شرطاً مفعول بہ فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف الثانیۃ نائب فاعل تسمّی فعل مجہول مقدر کا جزاء مفعول بہ۔ فعل مقدر مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ یا معطوفہ ہوا۔ اس صورت میں اس کا عطف جملہ ماقبل و الجملۃ الاولیٰ الخ پر ہے ٤ ف تفصیلیہ ان حرف شرط کان فعل ناقص الشرط معطوف علیہ واؤ حرف عطف الجزاء معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر معطوف علیہ او حرف عطف الشرط

ولا اضرب ولا نضرب وان وهي تدخل على الجملتين والجملة الاولى تكون فعلية والثانية قد تكون فعلية وقد تكون اسمية وتسمى الاولى شرطا والثانية جزاء فان كان الشرط والجزاء

(ترجمہ) اور میں نہ مارا جاؤں۔ ہم نہ مارے جائیں۔ اور اِن اور یہ دو جملوں پہ داخل ہوتا ہے۔ پہلا جملہ فعلیہ ہوتا ہے اور دوسرا جملہ کبھی فعلیہ اور کبھی اسمیہ ہوتا ہے۔ اور پہلا جملہ شرط اور دوسرا جزا نام رکھا جاتا ہے پس اگر شرط اور جزاء

ذوالحال وحد مضاف ۃ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر بتاویل منفرداً ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر اسم ہوا کان کا۔ فعلاً موصوف مضارعاً صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر ہوئی کان کی۔ کان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ ف جزائیہ تجزم فعل مضارع ۃ ضمیر مفعول بہ اِن فاعل علےٰ جار سبیل مضاف الوجوب مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا تجزم فعل کے۔ تجزم فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا ہوئی شرط کی۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا (تشریح مطالب) ٥ع وجوب اور جواز علمائے نحو و صرف کی اصطلاح میں ایک خاص معنی رکھتا ہے علمائے صرف و نحو کی اصطلاح میں قاعدہ جوازی وہ قاعدہ کہلایا جاتا ہے کہ لفظ کو چاہے اس قاعدہ پر عمل کر کے پڑھو چاہے نہ پڑھو لفظ بہر صورت غلط نہ ہوگا درست اور صحیح سمجھا جائے گا۔ اور قاعدہ وجوبی یہ ہے کہ لفظ کو اگر اس قاعدہ پر عمل کر کے پڑھا گیا تو لفظ درست اور صحیح سمجھا جائے گا اور اگر اس قاعدہ پر عمل کر کے لفظ کو نہ پڑھا گیا تو وہ لفظ یہ کہا جائے گا کہ اس کا تلفظ تم نے غلط کیا صحیح نہ کیا درست اور صحیح لفظ جب ہی سمجھا جائے گا کہ جب قاعدۂ وجوبی پر عمل کر کے لفظ پڑھا جاوے (متعلقہ صفحہ ٥٦) ١ مثل مضاف اِنْ حرف شرط تضرب فعل با فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط ہوا اضرب فعل ضمیر مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف اِن شرطیہ تضرب فعل ضمیر مستتر انت اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ ضربت فعل ضمیر مستتر انا فاعل (بقیہ بر صفحہ آئندہ)

او الشرط وحده فعلا مضارعا فتجزمه إن على سبيل الوجوب [١]

مثل ان تضرب اضرب وان تضرب ضربت وان تضرب فزيد ضارب [٢] وان كان الجزاء وحده فعلا مضارعا فتجزمه على سبيل الجواز [٣] نحو ان ضربت اضرب

(ترجمہ) یا حرف جزا فعل مضارع ہو تو اِن وجوباً اس کو جزم دیتا ہے جیسے اگر تو مارے گا تو میں ماروں گا اور اگر تو مارے گا تو میں مارونگا۔ اور اگر تو ماریگا تو زید مارنے والا ہے اور اگر حرف جزا فعل مضارع ہو تو اس کو جوازاً جزم دیتا ہے جیسے اگر تو مارے گا تو میں ماروں گا۔

١ (پہلا از صفحہ ٥٥ ملاحظہ ہو) فعل اپنے فاعل سے مل کر جزا ہوئی۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف ان حرف شرط تضرب فعل ضمیر انت مستتر اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ ف جزائیہ زید مبتدا ضارب خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر معطوف ہوا معطوف علیہ اول کا۔ معطوف علیہ اول اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا۔ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٢ واؤ عاطفہ اِن حرف شرط کان فعل ناقص الجزاء ذوالحال وحدہ مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر بتاویل منفرداً حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر اسم ہوا کان فعل ناقص کا فعلا موصوف مضارعا صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر۔ کان فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط۔ ف جزائیہ تجزم فعل اس میں ضمیر ہی مستتر جو راجع ہے اِن کی طرف وہ اس کا فاعل ہ ضمیر مفعول بہ علی جار سبیل مضاف الجواز مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ سے مجرور ہوا جار کا۔ جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ہوا تجزم فعل کا۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوکر معطوف ہوا اور اس کا معطوف علیہ فان کان الشرط والجزاء الخ ہے۔ واللہ اعلم ٣ نحو مضاف ان حرف شرط ضربت فعل ضمیر مستتر انت اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط اضرب فعل ضمیر انا مستتر فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (متعلقہ صفحہ ٥٥) ١ النوع موصوف السابع صفت۔ موصوف صفت سے مل کر مبتدا۔ اسماء موصوف تجزم فعل مضارع ضمیر مستتر ہی اس کا فاعل۔ الفعل موصوف المضارع صفت۔ موصوف صفت سے ملکر مفعول بہ حال مضاف کون مصدر مضاف ھا ضمیر جو راجع ہے اسماء کی طرف لفظاً مضاف الیہ معنیً اسم مشتملۃ۔ اسم فاعل شبہ فعل علی جار معنی مضاف لفظ اِن مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا مشتملۃ شبہ فعل کے۔ مشتملۃ شبہ فعل اپنے (بقیہ بر صفحہ آئندہ)

النوع السابع اسماء تجزم الفعل المضارع حال کونها مشتملة علیٰ معنیٰ ان وتدخل علی الفعلین ویکون الفعل الاول سببا للفعل الثانی ویسمّی الاول شرطا والثانی جزاء فان کان الفعلان مضارعین اوکان الاول

(ترجمہ) اور حروف عاملہ کی ساتویں قسم ایسے اسماء ہیں جو فعل مضارع کو جزم اس وقت دینے میں جبکہ یہ اِنْ پر مشتمل ہوں اور یہ دو فعلوں پر داخل ہوتے ہیں اور فعل اول فعل ثانی کے لئے سبب ہوتا ہے۔ اول کا نام شرط اور دوسرے کا نام جزاء رکھا جاتا ہے پس اگر دونوں فعل مضارع ہوں یا اوّل

لہ (اگلی جز گذشتہ صفحہ میں گذر گیا) فعل اپنے متعلق اور نائب فاعل ضمیر سے مل کر خبر ہوئی کون کی کون مصدر اپنے مضاف الیہ یعنی اسم و خبر سے مل کر مضاف الیہ ہوا حال مضاف کا حال مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ظرف ہوا تجزم فعل کا تجزم فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٢ے واؤ مستانفہ تدخل فعل مضارع ضمیر ہی واحد مونث غائب جو راجع ہے اسماء کی طرف اس کا فاعل علیٰ جار الفعلین مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا تدخل کے۔ تدخل فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر معطوف علیہ اول واؤ حرف عطف یکون فعل ناقص الفعل موصوف الاول صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر اسم ہوا یکون کا سببًا مصدر ل جار الفعل موصوف الثانی صفت۔ موصوف صفت سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا سببًا کے۔ سببا مصدر اپنے متعلق سے مل کر خبر یکون فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے ملکر معطوف علیہ ثانی واؤ حرف عطف یسمّی فعل مجہول الاوّل نائب فاعل شرطا مفعول بہ۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے مل کر معطوف علیہ ثالث۔ واؤ عاطفہ الثانی نائب فاعل فعل مجہول یسمّی محذوف کا جزاء مفعول بہ فعل مجہول محذوف اپنے نائب فاعل اور مفعول بہ سے مل کر معطوف ہوا یسمّی الخ معطوف علیہ ثالث کا معطوف علیہ ثالث اپنے معطوف سے مل کر معطوف ہوا یکون الخ معطوف علیہ ثانی کا ثانی معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر معطوف ہوا تدخل الخ معطوف علیہ اول کا پھر یہ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا ٣ے ف برائے تفصیل اِن حرف شرط کان فعل ناقص الفعلان اس کا اسم مضارعین خبر۔ کان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ او حرف عطف کان فعل ناقص الاول اس کا اسم مضارعا خبر دون مضاف الثانی مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ سے ملکر مفعول فیہ ہوا کان کا۔ فعل ناقص کان اپنے اسم و خبر اور ظرف یعنی مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر شرط ف جزائیہ الجزم مبتدا واجب اسم فاعل شبہ فعل فی جار المضارع مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا واجب کے واجب شبہ فعل اپنے نائب فاعل ضمیر مستتر اور متعلق سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء۔ شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا (تشریح مطالب) عہ ساتویں قسم وہ اسماء ہیں جو فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں۔ چونکہ ان اسماء کا عمل فعل مضارع کو جزم دینے کا ہے۔ اس لئے حروف جازمہ کے بعد ان کو یہاں ساتویں قسم میں ذکر کیا گیا ہے عہ فعل اوّل ثانی کے لئے سبب ہوتا ہے اوّل کو شرط اور دوسرے کو جزا کہتے ہیں۔ اختلاف۔ اس بارے میں نحویوں میں اختلاف ہے کہ اوّل و ثانی یعنی شرط و جزا میں عامل کون اور معمول کون ہے۔ ایک قول یہ کہ (بقیہ برصفحہ ۵۸)

(بقیہ صفحہ ۵۷) کہ حروف شرط دونوں میں عامل ہیں۔ جس طرح حروف مشبہ بفعل اسم وخبر دونوں میں عامل ہوتے ہیں۔ یہ سیرافی کا مذہب ہے دوسرا قول یہ ہے کہ اِن تو شرط میں عامل ہوا کرتا ہے پھر اِن اور شرط دونوں مل کر جزا پر عمل کرتے ہیں۔ مبرد اور خلیل نحوی یہی کہتے ہیں اور اخفش کا قول یہ ہے کہ اِن تو شرط کے اندر عامل ہے اور شرط جزاء میں عمل کرتی ہے۔ کوفیین کا مذہب یہ ہے کہ شرط تو حروف شرط کی وجہ جزم پاتی ہے اور جزاء مجاورت کی وجہ سے مجزوم ہوتی ہے۔ اور مازنی کا قول یہ ہے کہ شرط وجزا دونوں مبنی ہیں کیونکہ اسم میں نہیں آتے حرف فعل میں داخل ہوتے ہیں۔ یہی قول تقریباً پسندیدہ ہے (متعلقہ صفحہ ھذا) لـه واؤ مستانفہ ہی ضمیر مرفوع منفصل مبتدا تسعۃ اسم عدد ممیز مضاف اسماء مضاف الیہ تمیز ممیز مضاف اپنے مضاف الیہ تمیز سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لـه من معطوف الیہ اپنے معطوفات سے مل کر یا تو بدل ہے تسعۃ اسماء مبدل منہ کا۔ یا خبر ہے ہی مبتدا محذوف کی۔ یا ان میں سے ہر ایک خبر ہے علی الترتیب احدہا وثانیہا وغیرہ مبتدا ہائے محذوف کی لـه ف حرف تفصیل من مبتدا اول واؤ زائدہ ہو مبتدا ثانی لایستعمل مضارع مجہول ہو ضمیر مستتر اس کا نائب فاعل الا حرف استثناء فی جار ذوی مضاف العقول مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر استثناء مفرغ متعلق ہوا لایستعمل کے۔ لایستعمل فعل مجہول اپنے نائب فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا ثانی کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا اول کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لـه نحو مضاف من اسم موصول بمعنی ان شرطیہ یکرم فعل اس میں ضمیر ہو مستتر واحد مذکر غائب جو من کی طرف راجع ہے وہ

مضارعادون الثانی فالجزم واجب

فی المضارع وھی تسعۃ اسماء من

وما وای ومتی واینما وانی ومھما

وحیثما واذما فمن وھو لایستعمل

الا فی ذوی العقول نحو من یکرمنی

اکرمہ ای ان یکرمنی زید اکرمہ

(ترجمہ) مضارع ہو دوسرا نہ ہو تو فعل مضارع میں جزم واجب ہے اور وہ نو اسم ہیں۔ من۔ ما۔ ای۔ متی۔ اینما۔ انی۔ مہما۔ حیثما۔ اذما۔ پس من وہ نہیں استعمال کیا جاتا ہے لیکن ذوی العقول کے لئے جیسے جو شخص میرا اکرام کرے گا میں اس کا اکرام کروں گا یعنی اگر زید میرا اکرام کرے گا تو اس کا اکرام کروں گا۔

اس کا فاعل ن وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط اکرم صیغہ واحد متکلم فعل با فاعل ہ ضمیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر مفسر۔ ای حرف تفسیر ان شرطیہ یکرم فعل ن وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ زید فاعل فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ اکرمہ بترکیب مذکورہ جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف ان شرطیہ یکرم فعل ن وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ عمر فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ اکرم فعل با فاعل ہ ضمیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا۔ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا وخبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (تشریح مطالب) عہ فالجزم واجب چونکہ یہ اسماء فعل مضارع پر عمل کرتے ہیں کیونکہ وہ معرب ہے اور معرب میں عمل ظاہر ہوتا ہے جیسے اینما اسد علی الرحمن اس کے (بقیہ بر صفحہ

وان یکرمنی عمرو اکرمه[1] وما[2] وهو لا یستعمل الا فی غیر ذوی العقول غالبا[3] نحو ما تشتر اشتر ای ان تشتر الفرس اشتر الفرس وان تشتر الثوب اشتر الثوب وای[4] وهو لا یستعمل الا فی ذوی العقول

ترجمہ) اور اگر عمرو میرا اکرام کرے گا تو میں اس کا اکرام کروں گا۔ اور ما وہ زیادہ تر صرف غیر ذوی العقول میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے جو چیز تو خریدیگا میں خریدوں گا۔ اگر تو گھوڑا خریدیگا تو میں گھوڑا خریدوں گا۔ اور اگر تو کپڑا خریدیگا تو میں کپڑا خریدوں گا۔ اور ای یہ صرف ذوی العقول ہی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

(بقیہ ص۵۸) استعمال مختلف ہیں۔ موصوفہ ہوتا ہے جیسے یا ایہا الرجل اور صفت بھی واقع ہوتا ہے جیسے مررت برجل ای رجل وغیرہ۔

۱۵ مہما کی اصل میں اختلاف ہے بعض مہما کو فعل کے وزن پر غیر مرکب مانتے ہیں لہٰذا اس کی کتابت فعل کی طرح ہونی چاہئے۔ اور دوسرا قول یہ ہے کہ اگر فعل کے وزن پر ہوگا غیر منصرف ہوگا الف کی وجہ سے۔ اور اگر یہ الف تانیث کا ہے تو الف تانیث کی وجہ سے بھی غیر منصرف ہوگا۔ ایک قول یہ ہے کہ مہما اصل میں ما تھا اس کے آخر میں دوسرے ما کو شامل کر دیا گیا ہے لیکن اس صورت میں ما ما دو ہم جنس جمع ہونے جو کہ مکروہ ہے اس لئے اول ما کے الف کو ہا سے بدل دیا یہ قول خلیل کی طرف منسوب ہے اور قرین قیاس معلوم ہوتا ہے۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ مہ اسم اور ما شرطیہ سے مل کر بنا ہے وغیرہ۔

۱۶ اور یہ ترکیب بھی ہو سکتی ہے فاما من ف حرف تفصیل احدہا ترکیب انما مبتدا من خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف ہو مبتدا لا یستعمل الخ خبر

ص وہو لا یستعمل الخ ای صرف ذوی العقول میں استعمال کیا جاتا ہے مصنف کی اس رائے پر بعض لوگوں نے اعتراض کیا ہے وہ یہ کہ تخصیص ذوی العقول کی غلط ہے۔ کیونکہ ای تو غیر ذوی العقول میں بھی اسی طرح مستعمل ہے جس طرح ذوی العقول میں جیسے وایا ما تدعون فلہ الاسماء الحسنیٰ

(متعلقہ صفحہ ہٰذا) ۱ۓ واؤ مستانفہ ما مبتدا اول واؤ زائدہ ہو مبتدا ثانی لا یستعمل فعل مضارع مجہول ہو ضمیر واحد مذکر غائب اس کا نائب فاعل الا حرف استثناء فی جار غیر مضاف ذوی مضاف الیہ مضاف العقول مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا غیر مضاف کا غیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہو الا یستعمل فعل کے غالبا یا تو استعمالا محذوف کی صفت ہو کر مفعول مطلق ہے۔ یا بمعنی فی غالب الاستعمال ہو کر مفعول فیہ پس فعل مجہول اپنے فاعل اور متعلق اور مفعول مطلق یا مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا ثانی کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا اول کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

ٹے نحو مضاف ما شرطیہ تشتر صیغہ واحد مذکر حاضر ضمیر انت اس میں مستتر وہ اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ اشتر فعل مضارع صیغہ واحد متکلم ضمیر انا مستتر اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر مفسر۔ ای حرف تفسیر ان حرف شرط تشتر فعل ضمیر مستتر انت اس کا فاعل۔ الفرس مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ اشتر فعل با فاعل الفرس مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف ان شرطیہ تشتر فعل با فاعل الثوب مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ اشتر فعل با فاعل الثوب مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف (باقی بر ص۶۲)

(بقیہ ترکیب صفحہ ۵۹) سے مل کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر جملہ تفسیریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا مضاف مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی۔ مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **ے۶** واؤ مستانفہ ای اسم موصول مبتدا اول ذ زائدہ ہو ضمیر مرفوع منفصل مبتدا ثانی لا یستعمل فعل مضارع مجہول ضمیر ہو مستتر اس کا نائب فاعل الا حرف استثناء فی جار ذوی مضاف العقول مضاف الیہ۔ مضاف لپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور ہوا جار کا۔ جار لپنے مجرور سے مل کر مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوا لا یستعمل فعل مجہول کے فعل مجہول لپنے نائب فاعل ضمیر اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف تلزم فعل مضارع معروف ۃ ضمیر مفعول بہ الاضافۃ فاعل۔ فعل لپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر

معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر ہوئی مبتدا ثانی کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوئی مبتدا اول کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

وتلزمه الاضافة مثل[۱] ايهم يضربنى
اضربه اى ان يضربنى زيد
اضربه وان يضربنى عمرو
اضربه ومتى[۲] وهو للزمان مثل[۳]
متىٰ تذهب اذهب اى ان
تذهب اليوم اذهب اليوم

(ترجمہ) اور اس کو اضافت لازم ہے جیسے ان میں سے جو مجھ کو مارے گا میں اس کو ماروں گا یعنی اگر مجھ کو زید مارے گا تو میں اس کو ماروں گا۔ اور اگر عمرو مارے گا تو میں اس کو ماروں گا۔ اور متی اور وہ زمان اور وقت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جیسے جب تو جائے گا میں جاؤں گا یعنی اگر تو آج جائے گا تو میں آج جاؤں گا۔

(تشریح) وثانیہا ما وہو لا یستعمل **ے۱** مثل مضاف ای اسم شرط مضاف ہم ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف لپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا یضرب فعل مضارع معروف ضمیر ہو مستتر اس کا فاعل ن وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ فعل لپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط اضرب فعل با فاعل ۃ ضمیر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر مفسر ای حرف تفسیر ان حرف شرط یضرب فعل ن وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ زید فاعل فعل لپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط اضربہ بترکیب بالا جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف ان حرف شرط یضرب فعل مضارع معروف نَ وقایہ ی ضمیر واحد متکلم مفعول بہ عمرو فاعل۔ فعل فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط اضرب فعل با فاعل ۃ ضمیر مفعول فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط جزا سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا الخ **ے۲** واؤ مستانفہ متی مبتدا اول واؤ زائدہ ہو مبتدا ثانی ل جار الزمان مجرور جار مجرور سے ملکر مستقل شبہ فعل مقدر کے متعلق ہوکر خبر ہوئی مبتدا ثانی کی مبتدا ثانی اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر ہوئی مبتدا اول کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا **ے۳** مثل مضاف متی اسم ظرف بمعنی ان شرطیہ تذہب فعل فاعل سے مل کر شرط اذہب فعل فاعل سے مل کر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر مفسر ای حرف تفسیر ان شرطیہ تذہب فعل با فاعل الیوم مفعول فیہ فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط اذہب فعل با فاعل الیوم مفعول فیہ فعل لپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر معطوف علیہ (باقی بر ص ٦١)

(بقیہ ص۶۰) واؤ حرف عطف ان حرف شرط تذہب فعل با فاعل غداً مفعول فیہ فعل فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر شرط۔
اذہب فعل با فاعل غداً مفعول فیہ فعل فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جزا۔ شرط جزا سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ
اپنے معطوف سے مل کر تفسیر۔ مفسر اپنی تفسیر سے ملکر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا الخ (تشریح) ع۵ وثالثہا
ای وہولا یستعمل۔ ع۵ درابعہا منی رابعہا مبتدا منی خبر (متعلقہ صفحہ ھذا) ف۱ واؤ حرف
عطف اینما مبتدا اول واؤ زائدہ ہو مبتدا ثانی ل جار مکان مجرور۔ جار مجرور مل کر مستعمل کے متعلق ہو کر خبر ہوئی مبتدا ثانی کی۔
مبتدا ثانی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا اول کی۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ف۲ مثل مضاف

وان تذهب غداً اذهب غداً[۱]

واينما[۱] وهو للمكان مثل[۲] اينما تمش

امش اى ان تمش الى المسجد

امش الى المسجد وان تمش الى

السوق امش الى السوق و[۳]انّى[۴]

وهو ايضاً[۵] للمكان مثل[۶] انّى تكن اكن

(ترجمہ) اور اگر تو کل جائے گا تو میں کل جاؤں گا۔ اور اینما وہ مکان کے معنی دینے کے لئے مستعمل ہے جیسے جس جگہ تو چلے گا میں چلوں گا یعنی اگر تو مسجد کی طرف جائے گا تو میں مسجد کی طرف جاؤں گا اور اگر تو بازار کی طرف جائے گا تو میں بازار کی طرف جاؤں گا۔ اور انّیٰ وہ بھی مکان کے لئے مستعمل ہے جیسے جہاں تو ہوگا

اینما اسم ظرف بمعنی ان شرطیہ تمش فعل مضارع معروف صیغہ واحد مذکر حاضر اس میں انت ضمیر مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ امش فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر مستتر اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر مفسر ای حرف تفسیر ان حرف شرط تمش فعل انت ضمیر مستتر اس کا فاعل الیٰ حرف جار المسجد مجرور۔ جار مجرور سے ملکر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ امش فعل با فاعل الیٰ حرف جار المسجد مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط جزا سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف ان حرف شرط تمش فعل با فاعل الیٰ جار السوق مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل
فاعل و متعلق سے مل کر شرط۔ امش فعل با فاعل الیٰ حرف جار السوق مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ہوا فعل کے۔ فعل با فاعل
و متعلق سے مل کر جزا۔ شرط و جزا مل کر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف سے مل کر تفسیر۔ مفسر اپنی تفسیر سے مل کر مضاف الیہ ہوا
مثل مضاف کا۔ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا
ف۳ واؤ مستانفہ انی مبتدا اول واؤ زائدہ ہو مبتدا ثانی ل حرف جار المکان مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق مستعمل کے ہو کر خبر
مبتدا ثانی اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا اول کی۔ مبتدا اول اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ف۴ ایضا مفعول
مطلق ہے فعل محذوف اٰض کا (جو اہل عرب سے سن کر وجوباً حذف کیا جاتا ہے) آض فعل ضمیر ہو اس میں مستتر اس کا فاعل
فعل اپنے فاعل و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا ف۵ مثل مضاف انی اسم شرط تکن فعل با فاعل۔ فعل اپنے
فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اکن فعل اس میں انا مستتر وہ اس کا فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا (باقی بر ص۶۲)

(بقیہ صـ ٦١) شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر مفسر۔ ای حرف تفسیر ان شرطیہ تکن فعل انت ضمیر مستتر اس کا فاعل فی جار البلدۃ مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا تکن فعل کے تکن فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اکن فعل انا ضمیر مستتر اس کا فاعل فی البلدۃ اس کے متعلق فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واو حرف عطف ان شرطیہ تکن فعل انت ضمیر مستتر اس کا فاعل فی البادیۃ اس کے متعلق فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط اکن صیغہ واحد مذکر و مونث متکلم بحث اثبات فعل مضارع معروف ضمیر انا اس میں مستتر اس کا فاعل فی جار البلدۃ مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا اکن کے اکن فعل با فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط

اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر جملہ تفسیریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ای ان تکن فی البلدۃ اکن فی البلدۃ
وان تکن فی البادیۃ اکن فی البادیۃ
و(٥) مہما وھو للزمان مثل(٦) مہما تذھب
اذھب ای ان تذھب الیوم
اذھب الیوم وان تذھب غدًا
اذھب غدًا و(٧) حیثما وھو للمکان

(ترجمہ) یعنی اگر تو شہر میں ہوگا تو میں شہر میں ہوں گا اور اگر تو دیہات میں ہوگا تو میں دیہات میں ہوں گا۔ اور مہما وہ زمان کے لئے مستعمل ہوتا ہے جیسے جب تو جائے گا میں جاؤں گا یعنی اگر تو آج جائے گا تو میں آج جاؤں گا۔ اور اگر تو کل جائے گا تو میں کل جاؤں گا۔ اور حیثما اور وہ مکان کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

(متعلقہ صفحہ ہذا) ـ٥ واو مستانفہ مہما مبتدا، اول واو زائدہ ھو مبتدا ثانی للزمان جار مجرور سے مل کر مستقل محذوف کے متعلق ہو کر خبر۔ مبتدا ثانی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا اول کی مبتدا اول اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ مستانفہ ہوا (فائدہ) یہاں ایک ترکیب یہ بھی ہو سکتی ہے۔ ومنہا مہما۔ مہما مبتدا موخر اور منہا محذوف ثابت کے متعلق ہو کر خبر مقدم۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـ٦ مثل مضاف مہما اسم جازم شرط کے لئے تذھب فعل مضارع انت اس میں مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ اذھب فعل ضمیر انا مستتر اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر مفسر ای حرف تفسیر ان شرطیہ تذھب فعل با فاعل الیوم مفعول فیہ فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ اذھب فعل با فاعل الیوم مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر معطوف علیہ واو حرف عطف ان شرطیہ تذھب فعل با فاعل غدًا مفعول فیہ فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ اذھب غدًا بترکیب مذکور جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر جملہ تفسیریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ـ٧ واو استینافیہ حیثما مبتدا اول واو زائدہ ھو مبتدا ثانی ل جار المکان مجرور جار مجرور ملکر متعلق ثبت فعل کے ہو کر خبر ہوئی مبتدا ثانی ھو کی۔ مبتدا ثانی اپنی خبر سے ملکر خبر ہوئی مبتدا اول۔ حیثما مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

مثلُ حیثما تقعد اقعد ای ان تقعد فی القریۃ اقعد فی القریۃ وان تقعد فی البلدۃ اقعد فی البلدۃ واذ ما وھو یستعمل فی غیر ذوی العقول مثل اذ ما

(ترجمہ) جیسے جہاں تو بیٹھے گا میں بیٹھونگا یعنی اگر تو بستی میں بیٹھے گا میں بستی میں بیٹھوں گا اور اگر تو شہر میں بیٹھے گا تو میں شہر میں بیٹھوں گا۔ اور اذ ما وہ غیر ذوی العقول میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے

لہ مثل مضاف حیثما اسم جازم برائے شرط تقعد مضارع مجزوم ضمیر انت مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط اقعد فعل ضمیر انا مستتر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوکر مفسر ای حرف تفسیر ان شرطیہ تقعد فعل با فاعل فی جار القریۃ مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا تقعد فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ اقعد فعل اس میں انا ضمیر مستتر اس کا فاعل فی جار القریۃ مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا اقعد فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف ان حرف شرط تقعد فعل اس میں انت ضمیر مستتر اس کا فاعل۔ فی جار البلدۃ مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط اقعد فعل اس میں انا ضمیر مستتر فاعل فی جار۔ البلدۃ مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق اقعد فعل کے فعل با فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوکر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **لہ** واؤ استینافیہ اذ ما مبتدا اول واو زائدہ ھو ضمیر مرفوع منفصل مبتدا ثانی یستعمل فعل مجہول ضمیر مستتر ہو اس کا نائب فاعل فی جار غیر مضاف ذوی مضاف الیہ مضاف۔ العقول مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر پھر مضاف الیہ ہوا غیر مضاف کا۔ غیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل مجہول اپنے نائب فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہوئی مبتدا ثانی۔ مبتدا ثانی اپنی خبر سے مل کر خبر ہوئی مبتدا اول کی۔ مبتدا اول اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **لہ** مثل مضاف اذ ما اسم جازم برائے شرط تفعل فعل انت ضمیر مستتر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط۔ افعل فعل مضارع متکلم ضمیر مستتر انا اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر مفسر ای حرف تفسیر ان حرف شرط تفعل فعل با فاعل الخیاطۃ مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط۔ افعل فعل با فاعل الخیاطۃ مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ فعلیہ جزائیہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف ان حرف شرط تفعل فعل با فاعل الزراعۃ مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر شرط۔ افعل فعل با فاعل الزراعۃ مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوکر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ (تشریح)

عہ حیثما الخ کلمہ حیثما میں ابہام پایا جاتا ہے کیونکہ وہ ان کے معنی دیتا ہے جیسے کتاب میں مذکور مثال سے واضح ہے (باقی بر صفحہ ۶۵)

(بقیہ صفحہ ٦) ان کے معنی دینے کی وجہ سے یہ عمل جزم دینے کا بھی کرتا ہے اسی لئے اغربت الشمس الخ لکھنا درست نہیں ہے حیثما
اصل میں حیث تھا جس کے لئے اضافت لازم ہے مگر ما کے لاحق ہوجانے کی وجہ سے یہ مضاف الیہ کی طلب سے رُک گیا۔ ع۵
اذما یہ اذا سے بنا ہے ما کے لاحق ہونے کی وجہ سے الف کو گرا دیا گیا۔ اذما ہوگیا۔ چونکہ اذ ایں خود ہی شرط کے معنی پائے جاتے
ہیں اور مستقبل کے لئے وضع کیا گیا ہے لیکن ما کے لاحق ہوجانے کی وجہ سے مضارع پر داخل اگرچہ ہوجاتا ہے مگر جزم نہیں کرتا
اسی طرح اذ بھی جو ماضی کے لئے وضع کیا گیا ہے جزم نہیں دیتا اس قول کی بنا پر آذ مرکب نہیں ہے۔ سیرانی کا قول یہ ہے کہ سیبویہ
کے علاوہ کسی نحوی نے اذ ما کو ذکر بھی نہیں کیا ہے۔ مبرد کا قول یہ ہے کہ اذما اپنی اسمیت پر باقی رہتا ہے۔ ما سے وہ
اضافت کی طلب سے رک جاتا ہے اس
قول کی بنا پر اذ ما جزم دینے کے ساتھ
مستقبل کے معنی بھی دیتا ہے۔ ۱۲

تفعل افعل ای ان تفعل الخیاطۃ افعل الخیاطۃ وان تفعل الزراعۃ افعل الزراعۃ وان[ل] کان الفعل الثانی مضارعا دون الاول فالوجھان فی المضارع الجزم والرفع[ع] مثل اذما[ع] کتبت اکتب النوع

(ترجمہ) جو چیز تو کرے گا تو میں کروں گا یعنی اگر تو سلائی کریگا تو میں سلائی کرونگا
اور اگر تو کھیتی کریگا تو میں کھیتی کر دوں گا۔ اور اگر دوسرا فعل مضارع ہو اوّل نہ ہو تو
مضارع میں دونوں وجہ جائز ہیں پہلا جزم اور دوسرا رفع جیسے جو کچھ تو لکھیگا

(متعلقہ صفحہ ہذا) لہ واؤ
عاطفہ یا مستانفہ ان شرطیہ کان فعل ناقص
الفعل موصوف الثانی صفت موصوف صفت
سے مل کر اسم مضارعا خبر۔ دون مضاف
الاول مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ
سے مل کر ظرف ہوا کان فعل ناقص کا۔ کان
فعل ناقص اپنے اسم و خبر اور ظرف سے مل کر
جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط۔ ف حرف جزا۔
الوجھان مبدل منہ الجزم معطوف علیہ واؤ
حرف عطف الرفع معطوف۔ معطوف علیہ
اپنے معطوف سے مل کر مجموعہ معطوفین بدل الکل
مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مبتدا فی جار
المضارع مجرور۔ جار مجرور سے مل کر جائز ان
محذوف کے متعلق ہوکر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے
مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جزا شرط اپنی جزا سے
مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ مستانفہ یا معطوفہ ہوا۔

ع۵ مثل مضاف اذما اسم جازم مضارع برائے شرط کتبت فعل ماضی ضمیر ت بارز اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ
خبریہ ہوکر شرط۔ اکتب فعل با فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوکر مضاف الیہ
ہوا مثل مضاف کا۔ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ع۵
النوع موصوف الثامن صفت موصوف صفت سے مل کر مبتدا۔ اسماء موصوف تنصب صیغہ واحد مونث غائب بحث اثبات فعل
مضارع معروف ضمیر ہی اس میں مستتر جو راجع ہے اسماء کی طرف وہ اس کا فاعل الاسماء موصوف النکرات صفت موصوف اپنی صفت
سے مل کر مفعول بہ علی جار التمیز مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا تنصب فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر
جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (تشریح مطالب)
النکرات جمع مونث سالم ہے حالت نصبی اس کو کسرہ کے ساتھ ہوتی ہے۔ لہٰذا اس کے مفعول بہ ہونے کی شکل میں بھی کسرہ آیا ہے۔

له واؤ مستانفہ ہی مبتدا اربعۃ اسم عدد ممیز مضاف اسمار مضاف الیہ تمیز۔ اربعۃ ممیز مضاف اپنے مضاف الیہ تمیز سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا عله الاول مبتدا۔ لفظ مبتدا عشر معطوف علیہ او حرف عطف عشرون لفظا مرفوع باعراب حکائی و مجرور معنیً اپنے تمام معطوفات سے مل کر معطوف ہوا عشر معطوف علیہ کا عشر معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا لفظ مضاف کا۔ لفظ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا سله اذا اسم ظرف مضاف رکب فعل ماضی ضمیر ہو مستتر (جو راجع ہے لفظ عشر وغیرہ کی طرف) وہ اس کا نائب فاعل مع مضاف

احد معطوف علیہ او حرف عطف اثنین تسع تک اپنے تمام معطوفات سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا مع مضاف کا۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ۔ فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا اذا مضاف کا۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف ہذا کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (تشریح مطالب)

عه آٹھویں قسم ایسے اسمار ہیں جو اسم نکرہ کو نصب دیتے ہیں۔ وہ مبنی ہوتے ہیں اسمار عدد اس وجہ سے مبنی ہوتے ہیں کیونکہ وہ حروف کے معنی کو متضمن ہوتے ہیں۔ اس طرح کم استفہامیہ حروف کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے مبنی ہے اور کم خبریہ چونکہ استفہامیہ پر محمول واقع ہوتا ہے اس وجہ سے مبنی ہوتا ہے لله النکرات

الثامنُ[عه] اسماءٌ تنصبُ الاسماءَ النكراتِ على التمييزِ[له] وهي اربعةُ اسماءٍ الاوّلُ[عه] لفظُ[عيه] عشرٍ او عشرون او ثلثون او اربعون وخمسون او ستون او سبعون او ثمانون او تسعون اذا[عه] رُكِّبَ مع احدٍ او

(ترجمہ) عوامل کی آٹھواں قسم ایسے اسمار ہیں جو اسم نکرہ کو نصب دیتے ہیں تمیز ہونے کی بنا پر اور وہ چار اسم ہیں۔ پہلا لفظ عشر، عشرون یا ثلثون یا اربعون یا خمسون یا ستون یا سبعون یا ثمانون یا تسعون ہیں۔ جب یہ مرکب کئے جائیں احد،

جمع مونث سالم ہے حالت نصبی اسکی کسرہ کے ساتھ ہوتی ہے لہذا اس کے مفعول بہ ہونے کی شکل میں بھی کسرہ ہی آیا۔ اسم نکرہ وہ اسم ہے جو غیر متعین چیز پر دلالت کرے۔ نکرہ نون کو فتحہ کاف کو کسرہ اور رار کو فتحہ ہے۔ لفظ تمیز کی اصل تمییز تھی اول یار کی حرکت میم کو دیدی۔ پھر دو ساکن جمع ہونے کی وجہ سے ایک یار کو حذف کر دیا۔ تمیز کا ایک نام تبیین بھی ہے جس کے معنی بیان کرنے والے کے ہے۔ اسے تفسیر اور مفسر بھی کہتے ہیں عله چونکہ عشرون اور اس کے اخوات ثلثون اربعون وغیرہ اسمائے قیاسیہ میں سے ہیں ان پر اعراب کبھی واؤ نون کبھی یار نون کے ساتھ آتا ہے۔ اور احد اور اثنان کے ساتھ مرکب ہو یا نہ ہو ہر حالت میں قیاسی اعراب آتا ہے اس لئے اس موقع پر عشر کا مثال پہ اکتفا کرنا بہتر تھا عه جتنے اسمار عدد ہیں مقدار کی طرح یہ بھی مبہم ہوتے ہیں اس لئے ابہام دور کرنے کیلئے دوسرا اسم لایا جاتا ہے جو اس کے ابہام کو دور کر دے ابہام کو دور کرنیوالا اسم کبھی اضافت کی وجہ سے مجرور اور تمیز کی بنا پر منصوب ہوتا ہے مجرور کی دو قسمیں ہیں کبھی واحد ہوتا ہے کبھی جمع اور منصوب عدد عشر سے شروع ہو کر تسعۃ و تسعون تک ہوتے ہیں۔

اثنين او ثلث او اربع او خمس او ست او سبع او ثمان او تسع فان[۱] كان المميز مذكرا فطريق التركيب في لفظ احد واثنان مع عشر ان تقول احد عشر رجلا واثنا عشر[۲] رجلا بتذكير الجزأين وان[۳] كان

(ترجمہ) اثنین، ثلث، اربع، خمس، ست، سبع، ثمان، تسع کے ساتھ۔ پس اگر ممیز مذکر ہو تو ترکیب کا طریقہ اس تفصیل کے ساتھ ہے) کہ لفظ احد اور اثنان میں عشر کے ساتھ تم کہو احد عشر رجلا باعتبار مرد کے گیارہ ہیں اور باعتبار مرد ہونے کے بارہ ہیں دونوں جزؤں کو مذکر لاکر۔ اور اگر تمیز۔۔۔۔

[۱] ف حرف تفصیل ان شرطیہ کان فعل ناقص المیز اس کا اسم مذکرا خبر کان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط۔ ف حرف جزا طریق مضاف الترکیب مصدر فی جار لفظ مضاف احد معطوف علیہ وا ؤ حرف عطف اثنان معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور ہوا جار کا۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ترکیب مصدر کے مع مضاف عشر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوا ترکیب مصدر کا۔ ترکیب مصدر اپنے متعلق اور مفعول فیہ سے مل کر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ اَنْ ناصب مضارع تقول فعل مضارع معروف ضمیر انت اس میں مستتر اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر قول احد عشر مرکب بنائی مبنی بر فتحہ اسم عدد ممیز رجلا تمیز ممیز اپنی تمیز سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف اثنا عشر اسم عدد ممیز رجلا تمیز ممیز اپنی تمیز سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ذوالحال۔ ب جار تذکیر مصدر مضاف الجزأین مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر کائنا شبہ فعل کے متعلق ہو کر حال۔ ذوالحال حال سے مل کر مقولہ ہوا قول کا قول اپنے مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

[۳] واؤ حرف عطف ان شرطیہ کان فعل ناقص ضمیر ھو مستتر (جو راجع ہے تمیز کی طرف) وہ اس کا اسم مونثا خبر کان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط ف جزائیہ تقول فعل ضمیر انت فاعل فعل فاعل سے مل کر قول۔ احدی عشرۃ (مرکب بنائی جزاول مبنی بر سکون وجز ثانی مبنی بر فتحہ) اسم عدد ممیز امرأۃ تمیز ممیز اپنی تمیز سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف اثنتا عشرۃ مرکب بنائی اسم عدد ممیز امرأۃ تمیز ممیز اپنی تمیز سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ذوالحال۔ ب جار تانیث مضاف الجزأین مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق کائنا شبہ فعل مقدر کے ہو کر حال۔ ذوالحال حال سے مل کر مقولہ ہوا قول کا۔ قول اپنے مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا اور اس کا عطف فان کان الخ پورے جملہ پر ہے۔

[۲] (تشریح) اثنا عشر میں تمام نحوی جز اول کو معرب اور جز ثانی کو مبنی مانتے ہیں جیسے جاءنی اثنا عشر میں الف کے ساتھ ہے اور رأیت اثنی عشر میں یا کے ساتھ حذف نون میں اضافت کا مشابہ ہو گیا۔ اور مرکب اضافی مبنی ہونے کے منافی ہے لیکن بعض نحوی اثنا عشر کو دیگر اخوات کے مانند مبنی ہی قرار دیتے ہیں وہ ہذان الذین اور ہذان وہذین پر قیاس کرتے ہیں کہ جس طرح اختلاف کے باوجود یہ مبنی ہیں اثنا عشر بھی (باقی بر صفحہ ۶۷)

(بقیہ ص۶۶) اختلاف کے باوجود مبنی ہی رہے گا اور تمام اسماء عدد مبنی ہیں اثنا عشر کو اس سے مستثنیٰ نہیں کیا جا سکتا ۔
(متعلقہ صفحہ ہٰذا) لـہ واؤ عاطفہ طریق مضاف ترکیب مصدر مضاف الیہ مضاف غیر مضاف ہما ضمیر تثنیہ مضاف الیہ۔ غیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف ہوا ترکیب مصدر مضاف کا الیٰ حرف جار تسع مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا مصدر کے ۔مع مضاف عشر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوا مصدر کا۔ ترکیب مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ ومتعلق ومفعول فیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا طریق مضاف کا طریق مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ اَنْ نا صبہ مصدریہ

مؤنثا فتقول احدیٰ عشرة امرأة واثنتا عشرة امرأة بتانیث الجزأین وطریق ترکیب غیرهما الیٰ تسع مع عشر ان تقول فی المذکر ثلثة عشر رجلا واربعة عشر رجلا الیٰ تسعة عشر رجلا بتانیث

(ترجمہ) مونث ہو تو یوں کہو احدیٰ عشرۃ امرأۃ۔ گیارہ ہیں عورتوں کے اعتبار سے اور بارہ ہیں عورتوں کے اعتبار سے دونوں جزؤں کو مذکر لانے کے ساتھ اور دو عددوں کے علاوہ ترکیب کا طریقہ نو تک دس کے ساتھ یہ ہے کہ تو کہے مذکر میں ثلثۃ عشر رجلا (تیرہ ہیں مردوں کے اعتبار سے) اور اربعۃ عشر رجلا چودہ ہیں مردوں کے اعتبار سے تسعۃ عشر رجلا تک ۔

تقول فعل مضارع ضمیر مستتر انت اس کا فاعل فی جار المذکر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا ان تقول فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر قول۔ ثلثۃ عشر مرکب بنائی ممیز رجلاً منصوب تمیز ممیز اپنی تمیز سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف اربعۃ عشر مرکب بنائی ممیز۔ رجلاً تمیز۔ ممیز اپنی تمیز سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل مقولہ۔ الیٰ جار تسعۃ عشر اسم عدد ممیز۔ رجلاً تمیز۔ ممیز اپنی تمیز سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ان تقول فعل کے۔ قول اپنے مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر ذوالحال ب حرف جار تانیث مضاف الجزء موصوف الاول صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ ہوا مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف تذکیر مضاف الجزء موصوف الثانی صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ ہوا تذکیر مضاف کا۔ تذکیر مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر متعلق کائنًا کے ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (متعلقہ صفحہ ۶۷) لـہ واؤ حرف عطف فی جار المونث مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا اَلْقَوْلُ فعل محذوف کے۔ فعل محذوف اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر قول ثلث عشرۃ اسم عدد ممیز امرأۃ تمیز۔ ممیز اپنی تمیز سے مل کر* معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مقولہ الیٰ حرف جار تسع عشرۃ ممیز امرأۃ تمیز۔ ممیز اپنی تمیز سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا (باقی بر ص۶۸)

* معطوف علیہ واؤ حرف عطف اربع عشرۃ مرکب بنائی ممیز مرأۃ تمیز ممیز اپنے تمیز سے مل کر معطوف الخ ۔

الجزء الاول وتذكير الجزء الثانى وفى المونث ثلث عشرة امرأة واربع عشرة امرأة الى تسع عشرة امرأة بتذكير الجزء الاول وتانيث الجزء الثانى واما طريق التركيب فى الواحد والاثنين

(ترجمہ) جزاول کو مونث اور جزء ثانی کو مذکر لانے کے ساتھ اور مونث میں میں تو یوں کہے ثلث عشرة امرأة۔ تیرہ عورتیں اور اربع عشرة امرأة چودہ عورتیں۔ تسع عشرة امرأة۔ انیس عورتیں۔ تک جزء اول کو مذکر اور جزء ثانی کو مونث لاکر۔ بہرحال ترکیب کا طریقہ واحد اور اثنین میں

سلہ اگلی حصہ ص۶۷ میں ملاحظہ ہو) متعلق ہوا تقول فعل کے۔ قول اپنے مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر ذوالحال سب جار تذکیر مضاف الجزء موصوف الاول صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ ہوا مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف واؤ حرف عطف تانیث مضاف الجزء موصوف الثانی صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ ہوا تانیث مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر متعلق کائنا کے ہو کر حال۔ ذوالحال حال سے مل کر معطوف ہوا ان تقول الخ کے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر ہوئی طریق ترکیب الخ مبتدا کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا سلہ واؤ مستانفہ اما حرف شرط طریق مضاف الترکیب مصدر۔ فی حرف جر الواحد معطوف علیہ واؤ حرف عطف الاثنین معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا الترکیب مصدر کے الیٰ حرف جر تسع مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ثانی ہوا مصدر کا مع مضاف عشرون معطوف علیہ۔ واؤ حرف عطف اخوات مضاف ہ ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا مع مضاف کا مع مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ظرف ہوا الترکیب مصدر کا۔ الی حرف جر تسعین مجرور۔ جار مجرور سے مل کر یہ بھی متعلق ہوا اسی مصدر کا۔ الترکیب مصدر اپنے ظرف اور متعلقات سے مل کر مضاف الیہ ہوا طریق مضاف کا۔ طریق مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا قائم مقام شرط علیٰ جار سبیل مضاف العطف مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ثابت مقدر کے ہو کر خبر ہوئی جو قائم مقام جزا کے ہے مبتدا قائم مقام شرط اپنی خبر قائم جزا سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

(متعلقہ صفحہ ۱۷) سلہ ف حرف تفصیل ان حرف شرط کان فعل ناقص المميز اس کا اسم مذکرا خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ ف جزائیہ تقول فعل با فاعل۔ فی جار ترکیب مضاف الواحد معطوف علیہ واؤ حرف عطف الاثنین معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے ملکر معطوف علیہ لا حرف عطف فی جار غیر مضاف ہا ضمیر تثنیہ (باقی بر ص۶۹)

(متعلقہ صفحہ ہذا) **لہ** نحو مضاف صار فعل تام زید اس کا فاعل مِن جار بلد مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے الیٰ جار بلد مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثانی ہوا فعل کا فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **کہ** واو

وحينئذ تتعدى بالى[لہ] نحو صار زيد من بلد الى بلد[کہ] والثالث اصبح[کہ] والرابع اضحى والخامس امسى[کہ] فهذه[شہ] الثلثة لاقتران مضمون الجملة باوقاتها[عہ] التي هي الصباح والضحى والمساء

ترجمہ اور وہ الیٰ کے ساتھ متعدی ہوتا ہے جیسے زید ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف منتقل ہوا اور تیسرا اصبح اور چوتھا اضحٰی اور پانچواں امسٰی ہے پس یہ تینوں جملہ کے مضمون کو ان کے وقت کے ساتھ ملانے کے لئے آتے ہیں۔ صبح چاشت اور شام ہیں۔

مستانفہ الثالث مبتدا لفظ اصبح خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **کہ** واو مستانفہ الرابع مبتدا اضحٰی خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **کہ** واو مستانفہ الخامس مبتدا امسٰی خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **شہ** ف حرف تفریع ہذہ اسم اشارہ الثلثۃ مشار الیہ اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مبتدا لام جار اقتران مصدر مضاف مضمون مضاف الیہ مضاف الجملۃ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا اقتران مضاف کا ب جار اوقات مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف التی اسم موصول ہی مبتدا الصباح معطوف علیہ واو حرف عطف الضحٰی معطوف واو حرف عطف المساء معطوف معطوف علیہ اپنے معطوفوں سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صلہ ہوا موصول کا موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت ہوئی موصوف کی موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ ہوا مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا اقتران مصدر کے اقتران مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ثابتۃ مقدر کے ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(**تشریح مطالب**) **عہ** فہذہ الثلثۃ یعنی اصبح امسٰی اور اضحٰی یہ تینوں ناقصہ اور تامہ دونوں طرح استعمال کئے جاتے ہیں ناقصہ ہونے کی صورت میں دو معنی لئے جاتے ہیں (۱) صار کے معنی میں ہوتے ہیں یعنی مطلق زمانے کے معنی میں آتے ہیں اس کا اعتبار نہیں ہوتا کہ جن پر ان کی ترکیب دلالت کرتی ہے دوسرے کان فی الصبح اور کان فی الضحٰی وکان فی المساء کے معنی میں آتے ہیں اس صورت میں مضمون خبر اس زمانے پر دلالت کریگا جس زمانے پر ان افعال کی ہئیت دلالت کریگی لہٰذا اصبح امسٰی، اضحٰی میں ترکیبا ماضی کے زمانہ پایا جائے گا اور خبر کا مضمون یہ ہوگا کہ اصبح زیدٌ امیرا یعنی زید صبح کے وقت امیر ہوا یصبح زید قائما یعنی زید کا قیام زمانہ حال میں صبح کے وقت ثابت ہے یا زمانہ استقبال ثابت ہوگا **عہ** اصبح اور امسٰی اور اضحٰی میں دو معنی ہیں ایک معنی وہ ہیں کہ جو ان کے حروف اصلی سے سمجھ میں آتے ہیں جیسے کہ اصبح میں صبح ہے اور امسٰی میں (باقی برصفحہ)

(بقیہ ص ۸۶) مساء ہے اور اضحیٰ میں ضحیٰ ہے۔ اور ایک وہ معنی ہیں کہ ان سے ان کے فعل ہونے کی شکل میں سمجھ میں آتے ہیں یعنی زمانہ ماضی۔ تو یہ مادۂ حروف اصلی کے اعتبار سے جو معنی سمجھ میں آتے ہیں یعنی صبح اور شام اور چاشت ان ہی معنی پر دلالت کرتے ہیں زمانہ ماضی پر دلالت نہیں کرتے

(متعلقہ صفحہ ھٰذا) ۱ـہ نحو مضاف اصبح فعل ناقص زید اس کا اسم غنیا خبر۔ اصبح فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۲ـہ معنا مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل ہوا حصل کا فی جار وقت مضاف الصباح مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا حصل کے حصل فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی معناہ مبتدا کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۳ـہ واؤ عاطفہ نحو مضاف اضحیٰ فعل ناقص زید اس کا اسم حاکمًا خبر۔ اضحیٰ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۴ـہ معناہ ترکیب اما فی مبتدا حصل فعل حکومت مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر فاعل فی جار وقت مضاف الضحیٰ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا حصل کے حصل فعل اپنے فاعل و متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر ہوئی معناہ مبتدا کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۵ـہ واؤ عاطفہ امسیٰ فعل ناقص زید اس کا اسم قاریا خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف اپنے

[١] نحو اصبح زيد غنيا معناه [٢] حصل غناه في وقت الصباح [٣] ونحو اضحىٰ زيد حاكما معناه [٤] حصل حكومته في وقت الضحىٰ [٥] وامسىٰ زيد قاريا معناه [٦] حصل قراءته في وقت المساء [٧] وهٰذه الثلاثة

(ترجمہ) جیسے زید صبح کے وقت الدار ہوگیا۔ اس کے معنی اس کو مالداری صبح کے وقت حاصل ہوئی اور جیسے اضحیٰ زید حاکمًا اس کے معنی اس کو حکومت چاشت کے وقت حاصل ہوئی اور امسیٰ زید قاریًا اس کے معنی ہیں کہ اس کو قرات شام کے وقت حاصل ہوئی اور یہ تینوں

مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۶ـہ معنا مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ حصل فعل قرأۃ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل ہوا حصل فعل کا۔ فی جار وقت مضاف المساء مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا حصل فعل کے حصل فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۷ـہ واؤ استینافیہ ہٰذہ موصوف الثلٰثۃ صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا۔ قد حرف تقلیل تکون فعل ناقص ضمیر ہی مستتر اس کا اسم بـ جار معنیٰ مضاف لفظ مار مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثابتا مقدر کے ہو کر خبر ہوئی تکون کی۔ تکون فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا کی۔ مبتدا اپنے خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

قد تکون بمعنی صار[1] مثل اصبح الفقیر غنیا و امسی زید کاتبا واضحی المظلم منیرا[2] و قد تکون تامۃ[3] مثل اصبح زید بمعنی دخل زید فی الصباح و امسی عمرو ای دخل عمرو فی المساء واضحی

(ترجمہ) کبھی صار کے معنی میں آتے ہیں جیسے اصبح الفقیر غنیا۔ فقیر مالدار ہو گیا۔ اور امسی زید کاتبا۔ زید کاتب ہو گیا۔ اور اضحی المظلم منیرا یعنی تاریک چیز روشن ہو گئی۔ اور یہ تینوں کبھی تامہ ہوتے ہیں جیسے اصبح زید یعنی زید صبح کے وقت داخل ہوا اور امسی عمرو یعنی عمر شام کیوقت داخل ہوا۔

[1] مثل مضاف اصبح فعل ناقص الفقیر اس کا اسم غنیا خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف امسی فعل ناقص زید اسم کاتبا خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ معطوف واؤ حرف عطف اضحی فعل ناقص المظلم اسم منیرا خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر معطوف ہوا اصبح معطوف علیہ کا۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا۔ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [2] واؤ حرف عطف قد حرف تقلیل تکون فعل ناقص ضمیر ہی اس کا اسم تامۃ خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا [3] مثل مضاف اصبح فعل تام زید فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر ذو الحال۔ بمعنی جار معنی مضاف دخل فعل ماضی زید اس کا فاعل۔ فی جار الصباح مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا دخل کے دخل فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا معنی مضاف کا۔ معنی مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر منصوب محلا حال ذو الحال حال سے مل کر معطوف علیہ اول واؤ عاطفہ امسی فعل ماضی عمرو اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسر ای حرف تفسیر دخل فعل ماضی عمرو اس کا فاعل۔ فی جار المساء مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا دخل فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تفسیر۔ مفسر اپنی تفسیر سے مل کر معطوف علیہ ثانی واؤ عاطفہ اضحی فعل بکر اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسر ای حرف تفسیر دخل فعل ماضی بکر اس کا فاعل۔ فی جار الضحی مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا دخل کے دخل فعل اپنے فاعل و متعلق سے جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تفسیر۔ مفسر اپنی تفسیر سے مل کر معطوف ہوا معطوف علیہ ثانی کا۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر معطوف ہوا معطوف علیہ اول کا۔ معطوف علیہ اول اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا۔ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی۔ مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

[1] واو عاطفہ السادس مبتدا ظل خبر۔ مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واو عاطفہ السابع مبتدا بات خبر۔ مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر معطوف علیہ۔ واؤ عاطفہ ہما ضمیر تثنیہ مبتدا لام جار اقتران مصدر مضاف مضمون مضاف الیہ مضاف الجملۃ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا اقتران مصدر مضاف کا۔ بـ جار وقتی مضاف ہما مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ سے مل کر موصوف ہی مبتدا النہار معطوف علیہ واؤ حرف عطف اللیل معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر ہوئی ہی مبتدا کی۔ مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت ہوئی۔ موصوف صفت سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا اقتران مصدر کے۔ اقتران مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر متعلق ثابتان مقدر کے ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ معطوفہ ہوا [2] فظل الخ ف حرف تفصیل ظل مبتدا لام جار اقتران مصدر مضاف مضمون مضاف الیہ مضاف الجملۃ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا اقتران مصدر مضاف کا۔ بـ جار النہار مجرور جار مجرور مل کر متعلق ہوئے اقتران مصدر مضاف کا۔ مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر متعلق ثابت محذوف کے ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [3] واؤ عاطفہ بات مبتدا۔ لام جار اقتران مصدر مضاف مضمون مضاف الیہ مضاف الجملۃ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا اقتران مضاف کا۔ بـ جار اللیل مجرور جار مجرور مل کر متعلق ہوا اقتران مصدر کے۔ اقتران مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر متعلق ثابت مقدر کے ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [4] نحو مضاف ظل فعل ناقص زید اس کا اسم کاتبا خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسر ای حرف تفسیر حصل فعل ماضی کتابت مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل فی جار النہار مجرور۔ جار مجرور ملکر متعلق ہوا حصل کے حصل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ بات فعل ناقص زید اس کا اسم نائما خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسر ای حرف تفسیر حصل فعل ماضی نوم مصدر مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل (باقی بر صفحہ ۹۰)

بکر اى دخل بكر فى الضحى والسادس[1] ظل والسابع بات وهما لاقتران مضمون الجملة بوقتيهما هى النهار والليل فظل[2] لاقتران مضمون الجملة بالنهار وبات[3] لاقتران مضمون الجملة بالليل نحو[4] ظل زيد كاتبا اى حصل كتابته فى النهار وبات زيد

(ترجمہ) اور اضحی بکر یعنی بکر چاشت کے وقت داخل ہوا اور ان میں سے چھٹا ظل اور ساتواں بات ہے۔ اور یہ دونوں جملہ کے مضمون کو اپنے وقتوں کے ساتھ ملانے کے لئے آتے ہیں اور وہ نہار (دن) اور لیل (رات) ہیں پس ظل جملہ کے مضمون کو دن کے ساتھ اور بات جملہ کے مضمون کو رات کیساتھ ملانے کے لئے آتے ہیں جیسے ظل زید کاتبا یعنی اس کو کتابت دن میں حاصل ہوئی اور بات زید نائما۔

(بقیہ صــ۸۹) فی جار اللیل مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا حصل فعل کے حصل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (متعلقہ صفحہ ہذا) لـہ واو عاطفہ قد حرف تقلیل تکونان فعل ناقص مضارع تثنیہ ہا ضمیر مستتر اس کا اسم۔ ب جارہ معنی مضاف صار مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثابتتان شبہ فعل مقدر کے ہو کر خبر تکونان فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ٢ـہ مثل مضاف ظل فعل ناقص الصبی اس کا اسم بالغا خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واو حرف عطف بات فعل ناقص

نائما۔ ای حصل نومہ فی اللیل[۱] وقد

تکونان بمعنی صار[۲] مثل ظل الصبی

بالغا وبات الشاب شیخا[۳] والثامن

ما دام[۴] وھو لتوقیت شیئ بمدۃ ثبوت خبرھا

لاسمھا فلابد من ان یکون قبلھا جملۃ

فعلیۃ او اسمیۃ[۵] نحو اجلس ما دام زید

(ترجمہ) یعنی اس کو نیند رات کے وقت حاصل ہوئی۔ اور کبھی دونوں صار کے معنی میں آتے ہیں جیسے لڑکا بالغ ہوگیا اور جوان بوڑھا ہوگیا۔ اور ان میں سے آٹھواں ما دام ہے وہ اس کی خبر جو اسم کے لئے ثابت ہے اس کی مدت کے مقرر کرنے کیلئے آتا ہے لہٰذا اس سے پہلے ایک جملہ فعلیہ یا جملہ اسمیہ ہونا ضروری ہے جیسے اجلس ما دام زید جالسا یعنی تو اس وقت تک بیٹھ جب تک زید بیٹھا ہے۔

الشاب اس کا اسم شیخا خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی۔ مبتدا وخبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٣ـہ واو استینافیہ الثامن مبتدا ما دام خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ٤ـہ واو استینافیہ ہو مبتدا لام جار توقیت مصدر مضاف شیئ مضاف الیہ ب جار مدۃ مضاف ثبوت مصدر مضاف خبر مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا ثبوت مصدر کا لام جار اسم مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثبوت مصدر کا ثبوت مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مضاف الیہ ہوا مدۃ مضاف کا مدۃ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا توقیت مصدر کے توقیت مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف مستقر متعلق ثابت مقدر کے ہو کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر قائم مقام شرط۔ ف جزائیہ لائے نفی جنس بد اس کا اسم من جارہ ان ناصب مضارع مصدریہ یکون فعل ناقص قبل مضاف ہا ضمیر جو راجع ہے ما دام کی جانب مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوا ثابتا شبہ فعل مقدر کا ثابتا مفعول فیہ یعنی ظرف مقدم سے مل کر خبر مقدم جملۃ موصوف فعلیۃ معطوف علیہ واو حرف عطف اسمیۃ معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر اسم مؤخر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد کی ہو کر (بوجہ مصدریہ) مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق موجود شبہ فعل مقدر کے ہو کر خبر ہوئی لا کی۔ لائے نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزا۔ قائم مقام شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا ٥ـہ نحو مضاف اجلس فعل با فاعل ما دام فعل ناقص زید اس کا اسم جالسا خبر فعل ناقص اپنے

(باقی بر صــ۹۲)

(بقیہ ص ۹۰) اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مفعول فیہ ہوا اجلس کا اجلس فعل اپنے فاعل ومفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف علیہ واؤ عاطفہ زید مبتدا قائم شبہ فعل صیغہ اسم فاعل ضمیر ہو اس میں مستتر جو راجع ہے زید کی طرف وہ اس کا نائب فاعل مادام فعل ناقص عمرو اس کا اسم قائما خبر فعل ناقص مادام اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مفعول فیہ ہوا قائم شبہ فعل کا شبہ فعل اپنے نائب فاعل (ضمیر) اور مفعول فیہ سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (متعلقہ صفحہ ہذا)

له واؤ عاطفہ التاسع مبتدا مازال خبر مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

ك‍ه واؤ عاطفہ العاشر مبتدا مابرح خبر مبتدا وخبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۳ه واؤ عاطفہ الحادی عشر مبتدا ما انفک خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۴ه واؤ عاطفہ الثانی عشر مبتدا ماضی خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۵ه واؤ عاطفہ قد حرف تقلیل یقال فعل مضارع مجہول وما فتأ معطوف علیہ واؤ حرف عطف ما افتأ معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر نائب فاعل فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۱۶ه واؤ عاطفہ کل مضاف واحد اسم فاعل شبہ فعل من حرف جر ہذہ اسم اشارہ الافعال موصوف الاربعۃ صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مشار الیہ اسم اپنے مشار الیہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا احد شبہ فعل کے واحد شبہ فعل اپنے متعلق سے مل کر مضاف الیہ ہوا کل مضاف کا کل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا لام حرف جر دوام مضاف ثبوت مصدر مضاف خبر ہا ضمیر مضاف الیہ خبر مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا ثبوت

جالساً وزيد قائم مادام عمرو قائما والتاسع مازال والعاشر مابرح والحادي عشر ما انفك والثاني عشر ما فتئ وقد يقال مافتأ وما افتأ وكل واحد من هذه الافعال الاربعة لدوام ثبوت خبرها لاسمها مذ قبله ويلزمها النفي مثل مازال زيد عالماً و

(ترجمہ) اور زید قائم ہے جب تک عمرو کھڑا ہے اور نواں ان میں سے مازال ہے اور دسواں مابرح ہے اور گیارھواں ما انفک ہے اور بارھواں مافتی ہے اور اس کو مافتأ اور ما افتأ بھی کہا جاتا ہے اور ان چاروں فعلوں میں سے ہر ایک ہمیشہ ان کی خبر کے ان کے اسموں کے لئے ثابت ہونے کے واسطے ہے جبکہ اس کو قبول کیا ہے اور ان کو نفی لازم ہے جیسے زید ہمیشہ عالم ہے

مضاف کا لام جار اسم مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثبوت مصدر کے مذ برائے ظرف زمان مضاف قبل فعل ماضی ضمیر ہو اس میں مستتر جو راجع ہے اسم کی طرف وہ اس کا فاعل ہ ضمیر مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ ہوا مذ مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوا ثبوت مصدر مضاف کا ثبوت مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مضاف الیہ ہوا دوام مضاف کا۔ دوام مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر متعلق ثابت کے ہوکر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۱۷ه واؤ عاطفہ یا مستانفہ یلزم فعل ہا ضمیر مفعول بہ النفی فاعل فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ یا مستانفہ ہوا ۱۸ه مثل مضاف مازال فعل ناقص زید اس کا اسم عالما خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ واؤ حرف عطف مابرح فعل ناقص زید اس کا اسم (باقی بر ص ۹۲)

(بقیہ صہ ۹۱) صائما خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف واؤ حرف عطف ما فتئ فعل ناقص عمرو اسم فاضلا خبر فعل ناقص اپنے اسم خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف واؤ حرف عطف ما انفک فعل ناقص بکر اسم عاقلا خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مبتدا محذوف مثالہ کی مبتدا و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (متعلقہ صفحہ ھذا) لہ واؤ مستانفہ الثالث عشر مبتدا لیس خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۲ہ واؤ عاطفہ ہی ضمیر مرفوع منفصل مبتدا لام حرف جر نفی مصدر مضاف مضمون مضاف الجملۃ۔ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا نفی مضاف کا فی جارہ زمان مضاف الحال مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا نفی مصدر کے نفی مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق مستعمل مقدر کے ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف قال فعل ماضی بعض مضاف ہم مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل۔ فی جار کل مضاف زمان مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر ہوئی ہی مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۳ہ مثل مضاف لیس فعل ناقص زید اس کا اسم قائما خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۴ہ واؤ

ما برح زید صائما وما فتئ عمرو فاضلا و
ما انفك بكر عاقلا والثالث عشر ليس[1]
وهي[2] لنفي مضمون الجملة في زمان الحال و
قال[3] بعضهم في كل زمان مثل ليس زيد
قائما واعلم[4] ان تقديم اخبار هذه الافعال
على اسمائها جائز بابقاء عملها مثل[5] كان

(ترجمہ) اور زید ہمیشہ روزہ رکھنے والا ہے اور ہمیشہ فاضل ہے۔ اور ہمیشہ بکر عاقل ہے۔ اور تیرھواں لیس ہے اور وہ جملہ کے مضمون کی نفی کے لئے آتا ہے زمانہ حال میں اور بعض نے کہا ہے کہ ہر زمانے میں جیسے زید قائم نہیں ہے اور جان تو کہ ان افعال ناقصہ کی خبروں کی تقدیم ان کے اسموں پر جائز ہے ان کا عمل بھی باقی رہیگا

مستانفہ اعلم امر حاضر معروف فعل با فاعل انّ حرف مشبہ بفعل تقدیم مصدر مضاف اخبار مضاف ہذہ اسم اشارہ الافعال مشار الیہ اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا اخبار مضاف کا۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا تقدیم مضاف کا علیٰ جار۔ اسما مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا تقدیم مصدر کا تقدیم مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر اسم ہوا انّ کا جائز شبہ فعل ضمیر ہو مستتر جو راجع ہے تقدیم کی طرف وہ اس کا فاعل ب حرف جر ابقاء مضاف عمل مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا ابقاء مضاف کا۔ ابقاء مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا جائز شبہ فعل کے۔ جائز شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر ہوئی انّ کی۔ انّ حرف مشبہ بفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد مفعول بہ اعلم کا اعلم فعل اپنے فاعل و مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا ۵ہ مثل مضاف کان فعل ناقص قائما خبر مقدم زید اسم مؤخر فعل ناقص اپنے اسم مؤخر (باقی برصہ ۹۳)

(بقیہ صـ ۹۲) اور خبر مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا و خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (متعلقہ صفحہ ھذا) [١] وا استینافیہ علیٰ جار ہذا مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثابت مقدر کے ہو کر خبر مقدم القیاس مصدر فی جار البواقی مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا القیاس مصدر کے القیاس اپنے متعلق سے مل کر مبتدا مؤخر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ اور ایک ترکیب یہ بھی ہو سکتی ہے وقس علی القیاس فی البواقی [٢] وا عاطفہ ایضاً مفعول مطلق ہے فعل محذوف آض کا آض فعل ہو ضمیر واحد مذکر غائب اس میں مستتر وہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل و مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا [٣] تقدیم مصدر مضاف اخبار مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ

قائماً زيد وعلى[١] هذا القياس في البواقي[٢] وايضاً تقديم[٣] اخبارها على انفسها جائز سوى ليس والافعال التي كان في اوائلها ما مثل قائماً كان زيد وقال[٤] بعضهم تقديم الاخبار على هذه الافعال ايضاً جائز سوى ما دام[٥] اما تقديم اسمائها عليها فغير جائز لان اسمائها فاعلها

(ترجمہ) جیسے زید کھڑا ہے اسی طرح باقی کی مثالیں ہیں۔ اور نیز ان کے خبر کی تقدیم خود ان پر بھی جائز ہے علاوہ لیس کے اور ان افعال ناقصہ کے جن کے شروع میں ما ہے جیسے قائماً کان زید۔ کھڑا ہوا ہے زید اور بعض نے کہا ہے کہ ان کی خبروں کی تقدیم بھی خود ان پر جائز ہے۔ ما دام کے علاوہ۔ اور بہر حال ان کے اسموں کی تقدیم ان پر پس وہ جائز نہیں ہے اس لئے کہ ان کے اسم فاعل ہوا کرتے ہیں۔

ہوا تقدیم مضاف کا علیٰ حرف جر نفس مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا تقدیم مصدر کے تقدیم مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مبتدا جائز شبہ فعل سوٰی مضاف ما لیس معطوف علیہ وا حرف عطف الافعال موصوف التی اسم موصول کان فعل ناقص فی حرف جر اوائل مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثابتًا شبہ فعل مقدر کے شبہ فعل محذوف اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم ما اسم مؤخر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا موصول کا۔ موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا سوٰی مضاف کا۔ سوٰی مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ ہوا جائز اسم فاعل شبہ فعل کا جائز شبہ فعل اپنے مفعول فیہ سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا مثل مضاف قائماً خبر کان فعل ناقص زید اسم کان اپنے اسم و خبر مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مثالہ مبتدا محذوف کی۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [٤] وا حرف استیناف قال صیغہ واحد مذکر غائب بحث اثبات فعل ماضی معروف لبعض مضاف ہم ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر قول تقدیم مضاف الاخبار مضاف الیہ علیٰ جار ہذہ اسم اشارہ الافعال مشار الیہ۔ اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا تقدیم مصدر کے تقدیم مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مبتدا۔ ایضاً ترکیب مذکورہ آض ایضاً جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ۔ جائز اسم فاعل شبہ فعل سوٰی مضاف ما دام مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ (باقی بر صـ ۹۴)

(بقیہ صفحہ ۹۳) جائز شدہ فعل اپنے مفعول فیہ سے مل کر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مقولہ ہوا قول کا قول اپنے مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا
۵ اما حرف شرط تقدیم مضاف اسما مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا تقدیم مضاف کا علی جار ہا ضمیر مجرور
جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا تقدیم مصدر کے تقدیم مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مبتدا ہوا قائم مقام شرط کے ف جزائیہ غیر مضاف
جائز مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی قائم مقام جزا کے لام جار ان حرف مشبہ بالفعل اسما مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف
الیہ سے مل کر ان کا اسم فاعل مضاف ہا ضمیر مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر ان کی خبر ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ
واو حرف عطف فاعل مبتدا لا یجوز فعل منفی تقدیم مصدر مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف

مضاف الیہ مل کر فاعل علی جار الفعل مجرور
جار مجرور مل کر متعلق لا یجوز کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ معطوف سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر متعلق تقدیم مقدر کے ہو کر مبتدا قائم مقام شرط اپنی خبر قائم مقام جزا اور متعلق سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ شرطیہ جزائیہ ہوا (متعلقہ صفحہ ہذا) **۵**

والفاعل لا يجوز تقديمه على الفعل[1] واعلم ان حكم مشتقات هذه الافعال[2] كحكم هذه الافعال في العمل[3] النوع الحادي عشر افعال المقاربة[4] وانما سميت بهذا الاسم لانها تدل على المقاربة وهي ترفع الاسم الواحد[5] وهي اربعة

(ترجمہ) اور فاعل کی تقدیم فعل پر جائز نہیں ہے۔ اور جان تو کہ عمل کرنے میں ان کے مشتقات کا وہی حکم ہے جو ان افعال کا حکم ہے۔ عوامل کی تیرہ قسموں میں سے گیارھویں قسم افعال مقاربہ ہے ان کا نام مقاربہ اس لئے رکھا گیا ہے کیونکہ یہ قربت کے معنی پر دلالت کرتے ہیں اور یہ اسم واحد کو رفع دیتے ہیں اور یہ

۲ واو مستانفہ اعلم امر حاضر معروف فعل با فاعل ان حرف مشبہ بالفعل حکم مضاف مشتقات مضاف ھذہ اسم اشارہ الافعال مشار الیہ اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا مشتقات مضاف کا مشتقات مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا حکم مضاف کا حکم مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم ہوا ان کا۔ ک جار حکم مضاف ہذہ اسم اشارہ الافعال مشار الیہ اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا حکم مضاف کا فی جار العمل مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا حکم مقدر کے حکم مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثابت مقدر کے ثابت اپنے متعلق سے مل کر خبر ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد مفعول بہ ہوا اعلم کا اعلم فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا **۵** النوع موصوف الحادی عشر صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا افعال مضاف المقاربۃ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **۵** واو مستانفہ انما کلمۂ حصر سمیت فعل ماضی مجہول ہی اس میں مستتر جو راجع ہے افعال مقاربہ کی طرف وہ نائب فاعل ب جار ہذا اسم اشارہ الاسم مشار الیہ اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور مل کر متعلق ہوا سمیت کے لام جار ان حرف مشبہ بالفعل ہا ضمیر اس کا اسم تدل فعل مضارع معروف ضمیر ہی اس میں مستتر وہ اس کا فاعل جو راجع ہے افعال مقاربہ کی طرف علی جار المقاربۃ مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا تدل کے تدل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی ان کی۔ ان اپنے اسم و خبر سے مل کر بتاویل مفرد مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ثانی ہوا سمیت کے سمیت فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور دونوں (باقی بر صفحہ ۹۵)

(بقیہ صـ۹۴) متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ مستانفہ ہوا واؤ عطف حتی بتدا ترفع فعل ہی ضمیر اس کا فاعل الاسم موصوف الواحد صفت موصوف صفت سے مل کر مفعول فعل فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی ہی مبتدا کی۔ مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **سـ۵** واؤ مستانفہ ہی مبتدا اربعۃ خبر مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **(تشریح مطالب) عـ۹** یہ افعال ناقصہ جن قدر بھی ہیں ان سے ماضی ومضارع اور حرف کی تمام گردانیں گردانی جاسکتی ہیں سب ہی متصرف ہیں مگر لیس اور ما دام اور ما برح اور ماز ال وما فتی وما انفک کہ ان کا مصدر اور اسم فاعل عربی بول چال میں سنا نہیں گیا **عـ۵ افعال مقاربہ تین طرح کے ہیں**

(۱) افعال میں سے بعض اپنے اسم کے لئے خبر کے حاصل ہونیکی امید پر دلالت کرتے ہیں جیسے عسى الله ان يدخلني الجنة (۲) اور بعض ان میں سے اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ ان کے فاعل نے کام شروع کردیا ہے جیسے طفق زيد ان يخرج یعنی زید نے خروج شروع کردیا ہے۔ (۳) ان میں سے بعض اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ خبر کا حصول ان کے اسم یعنی فاعل کے لئے قریب ہے جیسے کاد زيد ان يخرج۔ زید نکلنے کے قریب ہے ان سب افعال کو مقاربہ کہنا محض بعض کے اعتبار سے ہے لہذا مصنف کے قول لانها تدل على المقاربة صرف بعض کے لحاظ سے ہے۔ سب کے لحاظ سے نہیں ہے یعنی مقاربت کے معنی ان افعال کے اندر لے جاتے ہیں خواہ بعض کے ضمن میں مقاربت کے معنی پائے جاتے ہیں **(متعلقہ صفحہ ہذا)** **لـہ** الاول مبتدا عسى خبر مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **کـہ** واؤ استینافیہ ہو ضمیر مرفوع منفصل جو راجع ہے عسى کی طرف مبتدا۔ فعل مصدر موصوف متصرف اسم فاعل تب جار دخول مضاف

الأول عسى وهو فعل متصرف بدخول تاء التانيث الساكنة فيه نحو عست وغير متصرف إذ لا يشتق منه مضارع واسما فاعل ومفعول وأمر ونهي مثلا وعمله على نوعين الأول أن يرفع الاسم وهو فاعله وينصب الخبر ويكون خبره

(ترجمہ) چار ہیں پہلا عسى ہے۔ اور وہ ایسا فعل ہے جس میں گردان ہوتی ہے کیونکہ اسمیں تاء تانیث ساکنہ داخل ہوتی ہے جیسے عَسَت اور دوسرے لحاظ سے یہ غیر متصرف ہے کیونکہ اس سے مضارع، اسم فاعل، اسم مفعول، امر نہی وغیرہ مشتق نہیں ہوتے اور ان کا عمل دو قسموں پر ہے۔ اوّل یہ اسم کو رفع کرتا ہے اور اس کا فاعل بھی ہوتا ہے اور خبر کو نصب دیتا ہے۔

تاء مضاف التانيث موصوف الساكنة صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ تاء مضاف کا مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ ہوا دخول مضاف کا فی جار ہا ضمیر مجرور جار مجرور مل کر متعلق ہوا دخول مصدر کے دخول مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا متصرف کے متصرف مصدر اپنے متعلق سے مل کر صفت موصوف صفت سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف غیر مضاف متصرف مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر خبر ہوئی ہو مبتدا کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **سـ۳** نحو مضاف عَسَتْ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا **سـ۴** اذ حرف تعلیل لا یشتق صیغہ واحد مذکر غائب بحث نفی فعل مضارع مجہول من جارہ ضمیر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے مضارع معطوف علیہ واؤ حرف عطف اسما مضاف فاعل معطوف علیہ واؤ حرف عطف مفعول معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ مضاف (باقی برصـ۹۷)

(بقیہ ص۹۵) اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف امر معطوف علیہ واؤ حرف عطف نہی معطوف۔ امر معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر معطوف ہوا اسما الخ معطوف علیہ کا یہ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر معطوف ہوا مضارع معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر نائب فاعل ہوا الاشتق فعل مجہول کا فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ تعلیلیہ ہوا ۵ۃ مثلاً مفعول مطلق ہی فعل محذوف خلث فعل با فاعل اپنے مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۶ۃ واو استینافیہ عل مضاف ۂ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا علیٰ جار نوعین مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثابت شبہ فعل مقدر کے ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۷ۃ الاول مبتدا

ان مصدریہ یرفع صیغہ واحد مذکر غائب بحث اثبات فعل مضارع معروف ضمیر مستتر ہو جو راجع ہے الاول کی طرف وہ اس کا فاعل الاسم ذوالحال وما وصالیہ ہو ضمیر مرفوع منفصل مبتدا انا عل مضاف ۂ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واو حرف عطف ینصب صیغہ واحد مذکر غائب بحث فعل مضارع معروف (منصوب بواسطہ عطف مدخول ان ہونے کے سبب سے) ضمیر ہو اس میں مستتر وہ اس کا فاعل الخبر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر بتاویل مفرد خبر ہوئی الاوّل مبتدا کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۸ۃ واؤ عاطفہ یکون

فعلا مضارعا مع ان[۱] وحینئذ یکون بمعنی قارب نحو[۲] عسیٰ زید ان یخرج فزید[۳] مرفوع بانه اسمه وفاعله وان یخرج منصوب فی موضع النصب بانه خبره بمعنی قارب زید الی الخروج

(ترجمہ) اور اس کی خبر فعل مضارع اَن کے ساتھ ہوتی ہے اور اس وقت یہ قارب کے معنی میں ہوتا ہے جیسے زید نکلنے کے قریب ہے پس اس مثال میں زید مرفوع ہے کیونکہ اس کا اسم اور فاعل ہے اور ان یخرج منصوب ہے کیونکہ موضع نصب میں ہے اور اس کی خبر ہے اور معنی میں قارب زید الی الخروج کے ہے یعنی زید نکلنے کے قریب ہے۔

فعل ناقص خبر مضاف ۂ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم ہوا یکون کا فعلاً موصوف مضارعا صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر مع مضاف لفظ اَن مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ فعل ناقص اپنے اسم و خبر اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا (تشریح) اسمان تھا۔ اضافت کی وجہ سے نون تثنیہ گر گیا۔

(متعلقہ صفحہ ہذا) ۱ۃ واو عاطفہ حین مضاف اذ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ظرف مقدم ہوا یکون کا یکون فعل ناقص ہو ضمیر واحد مذکر غائب اس کا اسم بَ جار معنی مضاف لفظ قارب مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثابتا کے ہو کر خبر یکون فعل ناقص اپنے اسم و خبر اور ظرف مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۲ۃ نحو مضاف عسیٰ فعل مقاربہ زیدٌ اس کا اسم ان یخرج صیغہ واحد مذکر غائب بحث اثبات فعل مضارع معروف ضمیر مستتر ہو اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر عسیٰ فعل مقاربہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مضاف الیہ نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۳ۃ ف حرف تفصیل زید مبتدا مرفوع شبہ فعل اسم مفعول ضمیر ہو مستتر اس کا نائب فاعل جو راجع ہے زید کی طرف (باقی بر ص۹۹)

(بقیہ صـ۹۶) تب جار ان حرف مشبہ بالفعل ۃ ضمیر اس کا اسم اسم مضاف ۃ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ واو حرف عطف فاعل مضاف ۃ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا مرفوع شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے نائب فاعل ضمیر اور متعلق سے مل کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر معطوف علیہ واو حرف عطف لفظ ان یخرج مبتدا فی جار موضع مضاف النصب مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا منصوب کے ہو کر متعلق ہوا ثابت شبہ فعل محذوف کے ب جار ان حرف مشبہ بالفعل ۃ ضمیر اس کا اسم خبر مضاف ۃ ضمیر ذوالحال تب جار معنی مضاف (۹۷) قارب فعل زید اس کا فاعل الخروج مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ معنی مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثابتا شبہ فعل مقدر کے ہو کر حال ذوالحال حال سے مل کر مضاف الیہ ہوا خبر مضاف کا خبر مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی ان کی ان حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثابت شبہ فعل کے ثابت شبہ فعل اپنے متعلق سے مل کر خبر ہوئی ان یخرج مبتدا کی مبتدا اپنی خبر سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ تفصیلیہ ہوا (آشرف البیجم)

عـــہ متاخرین کے نزدیک کان کی طرح عسٰی بھی اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور اگر اس کی خبر فعل مضارع ان کے ساتھ ہو تو وہ محلا منصوب ہوگی اس میں سیبویہ نحوی کا قول یہ ہے کہ فعل مضارع با ان کا خبر ہونا عسٰی کی جائز نہیں ہے اس لئے کہ جب عسٰی انشاء طمع کا فائدہ دیتا ہے تو اپنی اصل سے بدل گیا جس طرح ما احسن زیدا اپنی اصل سے بدل کر

ویجب[۱] ان یکون خبرہ مطابقا لاسمہ فی الافراد والتثنیۃ والجمع والتذکیر والتانیث نحو[۲] عسٰی زید ان یقوم وعسی الزیدان ان یقوما وعسی الزیدون ان یقوموا وعست ھند ان تقوم وعستا الھندان ان تقوما وعست الھندات ان یقمن

(ترجمہ) اور واجب ہے کہ اس کی خبر اپنے اسم کے مطابق ہو مفرد، تثنیہ، جمع مذکر اور مونث ہونے میں جیسے زید کھڑے ہونے کے قریب ہے اور دو زید کھڑے ہونے کے قریب ہیں اور بہت سے زید کھڑے ہونے کے قریب ہیں اور ہندہ کھڑی ہونے کے قریب ہے اور دو ہندہ کھڑے ہونے کے قریب ہیں اور بہت سی ہندائیں کھڑے ہونے کے قریب ہیں

ای شئی حسن ہو گئے ہیں اور جب اس سے انشاء تعجب کے معنی لئے گئے تو اپنی اصل سے بدل گیا کیونکہ عسٰی میں قریب ہونے کے معنی اصل وضع میں ہیں نہ استعمال میں اور کوفی اس مسئلہ میں کہتے ہیں کہ فعل مضارع ان کے ساتھ محل رفع میں ہے کیونکہ یہ از قسم بدل اشتمال ہے جیسے اس مثال میں کہ زیدون عسٰی ان یقوموا۔ یہاں یقوموا کا فاعل ضمیر ہے اور اس کا بدل زیدون ہے۔ اس مثال میں عسٰی کے معنی توقع کیلئے جا رہے ہیں جیسے عسٰی زید ان یقوم زید کے قیام کی امید ہے۔ اور جو لوگ بدل اشتمال کہتے ہیں اور ابہام کے بعد تفسیر واقع میں پائی جاتی ہے۔

(متعلقہ صفحہ ہذا) ۱؎ واو مستانفہ یجب فعل مضارع معروف ان یکون فعل خبر مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم ہوا ان یکون فعل ناقص کی مطابقا اسم فاعل شبہ فعل ضمیر ہو اس کا نائب فاعل لام جار اسم مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا شبہ فعل کے فی جار الافراد معطوف علیہ واو حرف عطف التثنیۃ معطوف اسی طرح التانیث تک تمام معطوفات ہیں معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق (باقی برصـ۹۸)

وهذا اي كون الخبر مطابقا للفاعل اذا كان الفاعل اسما ظاهرا امّا اذا كان مضمرا فليست المطابقة بينهما شرطا النوع الثاني من النوعين المذكورين ان يرفع الاسم وحده وذالك اذا

(ترجمہ) اور یہ یعنی خبر کان فاعل کے مطابق ہونا اس وقت ہے جبکہ اسم فاعل ظاہر ہو بہرحال جب فاعل ضمیر ہو تو دونوں کے درمیان مطابقت کی شرط نہیں ہے مذکورہ دو قسموں میں سے دوسری قسم یہ کہ افعال صرف اسم کو رفع دیں اور یہ واجب ہے

(بقیہ ص۹۶) ہوا مطابقا شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے نائب فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد فاعل ہوا یجب فعل کا یجب فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ۵ نحو مضاف عسیٰ فعل مقاربہ زید اس کا اسم ان یقوم خبر فعل مقاربہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف عسیٰ فعل مقاربہ الزیدان اس کا اسم ان یقوما خبر فعل مقاربہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف عسیٰ فعل مقاربہ الزیدون اس کا اسم ان یقوموا جملہ فعلیہ بتاویل مفرد خبر فعل مقاربہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر معطوف ہوا عسیٰ زید ان یقوم معطوف علیہ کا یہ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر پھر معطوف علیہ ہوا واؤ عاطفہ عست فعل مقاربہ ہند اس کا اسم ان تقوم بتاویل مصدر خبر فعل مقاربہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ اول واؤ عاطفہ عست فعل مقاربہ الہندان اس کا اسم ان تقوما بتاویل مصدر خبر فعل مقاربہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ معطوف واؤ عاطفہ عست فعل مقاربہ الہندات اس کا اسم انْ یقمن ان ناصبہ یقمن صیغہ جمع مؤنث غائب بحث اثبات فعل مضارع معروف اس میں ہُنّ ضمیر مستتر وہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مصدر کے معنی میں ہو کر خبر فعل مقاربہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر معطوف ہوا معطوف علیہ اول کا معطوف علیہ اول اپنے معطوف سے مل کر معطوف ہوا معطوف علیہ ثانی کا۔ یہ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا نحو مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی مبتدا محذوف اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (متعلقہ صفحہ ہٰذا) ۱ہ واو مستانفہ ہٰذا مفسر ای حرف تفسیر کون مصدر مضاف الخبر مضاف الیہ اسم مطابقا شبہ فعل اسم فاعل ضمیر ہو مستتر اس کا نائب فاعل لام جار الفاعل مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر۔ کون مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر جزا مقدم اذا ظرف زمان متضمن معنی شرط کان فعل ناقص الفاعل اس کا اسم اسما موصوف ظاہرا صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط مؤخر۔ شرط مؤخر اپنی جزا مقدم سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا ۲ہ اما حرف استدراک اذا ظرفیہ معنی میں شرط کے کان فعل ناقص ہو ضمیر مستتر اس کا اسم مضمرا خبر فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط ہوئی ف جزائیہ لیست فعل ناقص المطابقۃ مصدر بین مضاف ہما ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ظرف ہوا المطابقۃ کا۔ المطابقۃ مصدر اپنے ظرف سے مل کر اسم ہوا فعل ناقص کا شرطا خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا ۳ہ النوع موصوف الثانی صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر ذوالحال من جار النوعین موصوف المذکورین صفت موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور (باقی بر ص۹۹)

(بقیہ صــ۹۸) جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ثابتاً شبہ فعل مقدر کے ہو کر حال ذو الحال حال سے مل کر ان مصدریہ مبتدا یرفع فعل مضارع
معروف ضمیر ہو مستتر اس کا فاعل الا اسم ذو الحال وحدہ مضاف ہ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر بتاویل منفرداً ہو کر حال۔
ذو الحال حال سے مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد ہو کر خبر مبتدا اپنی خبر سے مل کر
جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ۔ سکہ واؤ مستانفہ ذالک مبتدا اذا اسم ظرف مضاف کان فعل ناقص اسم مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف
اپنے مضاف الیہ سے مل کر اسم ہوا کان کا ۔ فعلا موصوف مضارعا صفت ۔ موصوف صفت سے مل خبر مع مضاف ان مضاف
الیہ مضاف اور مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ ہوا کان کا ۔ کان فعل ناقص اپنے اسم و خبر اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ

خبریہ ہو کر مضاف الیہ ہوا اذا مضاف کا
اذا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر
ظرف مستقر مرفوع محلاً خبر مبتدا ذالک
مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

کان اسمہ عہ **فعلا مضارعا مع اَنْ**
فیکون لہ **الفعل المضارع مع اَنْ**
فی محل الرفع بانہٗ اسمہٗ و
یکون عسیٰ حینئذ بمعنیٰ قَرُبَ
مثل عہ **عسیٰ ان یخرج زید ای**

(ترجمہ) کہ ان کا اسم فعل مضارع ان کے ساتھ واقع ہو رہا ہو تو فعل مضارع مع ان کے محلاً مرفوع ہوگا کیونکہ وہ اسم ہے اور اس وقت عسیٰ قریب کے معنی میں ہوگا جیسے عسیٰ ان یخرج زید اس کے معنی قَرُبَ خروجہ کے ہیں

(متعلقہ صفحہ ہذا) لہ ف
جزائیہ یکون فعل ناقص الفعل موصوف
المضارع صفت موصوف اپنی صفت سے
مل کر اسم ہوا ۔ مع مضاف ان مضاف الیہ
مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ظرف ہوا
یکون فعل ناقص کا فی جار محل مضاف الرفع
مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر
مجرور ۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ثابتاً مقدر
کے ہو کر خبر ہوئی یکون فعل ناقص کی ب
جار ان حرف مشبہ بالفعل ہ ضمیر اس کا اسم
اسم مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے
مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی ان کا ان
اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر مجرور

جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل ناقص کا فعل ناقص اپنے اسم و خبر اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف
یکون فعل ناقص عسیٰ اس کا اسم حین مضاف اذ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ظرف ہوا یکون کا ب جار معنی مضاف لفظ
قَرُبَ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثابتاً مقدر کے ہو کر خبر ہوئی یکون کی یکون فعل ناقص
اپنے اسم و خبر اور ظرف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جزا ہوئی شرط محذوف اذا کان
کذالک کی شرط محذوف اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا عہ مثل مضاف عسیٰ فعل تامہ بمعنی اقرب ان مصدریہ یخرج
فعل زید فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر بتاویل مصدر فاعل ہوا عسیٰ کا عسیٰ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مفسر ای
حرف تفسیر قرب فعل ماضی خروج مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف ۔ یہ سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر
جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تفسیر مفسر اپنی تفسیر سے مل کر مضاف الیہ ہوا مثل مضاف کا مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی
مثالہ مبتدا محذوف کی ۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (**تشریح مطالب**) عہ اسمہ فعل مضارع مع ان
محلاً رفع ہے کیونکہ اس کا اسم ہے اور عسیٰ اس وقت قریب کے معنی میں ہوگا یہاں مصنف کو اسمہ کے بجائے فاعلہ کہنا زیادہ بہتر
تھا کیونکہ اسم بول کر فاعل وہاں مراد ہوتی ہے جہاں فعل خبر کا محتاج ہو مگر یہاں اس طرح کی احتیاج نہیں ہے (باقی بر صــ۱۰۰)

(بقیہ صـ۹۹) نیز ایسی جگہ عسٰی تامہ ہوتا ہے ابن مالک عسٰی کو ہمیشہ ناقصہ ہی مانتے ہیں اور یہاں ان اور اس کا صلہ دونوں دو جزو کے قائم مقام ہیں ان کا استدلال یہ آیت ہے احسب الناس ان یترکوا ان سے یترکوا کے دو مفعول کے قائم مقام ہے (متعلقہ صفحہ ھذا)

سلہ ف تفریعیہ لا یحتاج فعل مضارع معروف ہو ضمیر واحد مذکر غائب مستتر اس کا فاعل فی حرف جر ہٰذا اسم اشارہ الوجہ مشار الیہ اسم اشارہ اپنے مشار الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا لا یحتاج کے۔ الی جار الخبر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثانی ہوا لا یحتاج فعل کا ب جار خلاف مضاف الوجہ موصوف الاول صفت موصوف صفت سے مل کر مضاف الیہ۔ ل جار ان حرف مشبہ بالفعل ہٗ ضمیر اس کا اسم لا یتم فعل مضارع منفی معروف المقصود اسم مفعول شبہ فعل فی جار ہٗ ضمیر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا المقصود

شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے متعلق سے مل کر فاعل ہوا لا یتم فعل کا۔ ب جار دون مضاف الخبر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر پھر متعلق ہوا فعل کا۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی ان کی۔ ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر بتاویل مفرد مجرور ہوا جار کا جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا خلاف مصدر کے خلاف مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلق سے ملکر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثالث ہوا لا یحتاج فعل کا لا یحتاج فعل اپنے فاعل اور تینوں متعلقوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا سلہ ف تفریعیہ یکون فعل ناقص الاول اس کا اسم ناقصا خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف یکون فعل ناقص محذوف الثانی اس کا

قرب خروجه[له] فلا يحتاج في هذا الوجه الى الخبر بخلاف الوجه الاول لانه لا يتم المقصود فيه بدون الخبر[عه] يكون الاول ناقصا و[سه] الثاني تاما والثاني

(ترجمہ) یعنی اس کا نکلنا قریب ہے پس ایسی صورت میں عسٰی خبر کا محتاج نہیں ہوتا بخلاف پہلی صورت کے اس لئے کہ اس میں مقصود خبر کے بغیر پورا نہیں ہوتا لہٰذا پہلا ناقصہ اور دوسرا تامہ ہوگا اور افعال مقاربہ میں سے دوسرا

اسم تاما خبر فعل ناقص محذوف اپنے اسم وخبر سے مل کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

سلہ واؤ عاطفہ الثانی مبتدا لفظ کاد خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا (متعلقہ صفحہ ۱۰۱) سلہ واؤ مستانفہ ہو ضمیر مرفوع منفصل مبتدا یرفع صیغہ واحد مذکر غائب بحث اثبات فعل مضارع معروف ضمیر مستتر ہو جو راجع ہے طرف لفظ کاد کے اس کا فاعل الاسم مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ۔ واؤ حرف عطف ینصب فعل مضارع معروف ضمیر مستتر ہو اس کا فاعل الخبر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

سلہ واؤ مستانفہ خبر مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا فعلٌ موصوف مضارعٌ صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر پھر موصوف۔ ب جار غیر مضاف اَنْ مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر مرفوع محلا صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ك١ اور ك٢ ترکیب اگلی صفحہ میں موجود ہے وہاں ملاحظہ ہو) ك٣ واؤ حرف عطف یا استیناف قد حرف تقلیل یکون فعل ناقص ضمیر مستتر ہو اس کا اسم مع مضاف لفظ ان مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ظرف مستقر مرفوع محلاً خبر۔ تشبیہا مصدر لام جارہ ضمیر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ہوا مصدر کے۔ ب جار عسیٰ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثانی ہوا مصدر کا۔ مصدر اپنے دونوں متعلقوں سے مل کر مفعول لہٗ ہوا۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر اور مفعول لہٗ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا ك٤ مثل مضاف کاد فعل مقاربہ زید اس کا اسم۔ یجیٔ فعل مضارع معروف ضمیر ہو اس میں مستتر وہ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ فعل مقاربہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مضاف الیہ۔ مثل مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہٗ مبتدا محذوف کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا ك٥ ف تفریع زید مبتدا مرفوع اسم مفعول شبہ فعل ب جار ان حرف مشبہ بفعل ہٗ ضمیر اس کا اسم۔ اسم مضاف لفظ کاد مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر۔ ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا مرفوع شبہ فعل کے مرفوع شبہ فعل اپنے متعلق سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لفظ یجیٔ مبتدا فی جار محلاً مضاف النصب مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور

ع٥ ك١ كاد وهو يرفع الاسم وينصب الخبر وخبره ك٢ فعل مضارع بغير ان وقد ك٣ يكون مع ان تشبيها له بعسى ك٤ مثل كاد زيد يجيئ فزيد ك٥ مرفوع بانه اسم كاد ويجيئ في

(ترجمہ) کاد یہ وہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور اس کی خبر فعل مضارع اَن کے بغیر ہوتی ہے اور کبھی خبر اَن کے ساتھ بھی ہوتی ہے عسیٰ کے ساتھ مشابہ ہونے کی وجہ سے جیسے کاد زید یجیٔ یعنی قریب ہے کہ زید آئے پس زید مرفوع ہے اس بنا پر کہ وہ کاد کا اسم ہے اور یجیٔ

جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر متعلق کائنا محذوف کے۔ ب جار ان حرف مشبہ بفعل ہٗ ضمیر اس کا اسم۔ خبر مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی ان کی۔ ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مجرور۔ جار مجرور سے مل کر ظرف مستقر ہو کر متعلق ثانی ہوا کائن محذوف کا۔ کائن محذوف اپنے دونوں متعلقوں سے مل کر خبر ہوئی یجیٔ مبتدا کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ تفریعیہ ہوا (تشریح مطالب) ع٥ کاد اور نیز کاد کے مشتقات کے شروع میں اگر حرف نفی داخل ہو تو وہ حرف نفی نفی ہی کا کام کرے گا جس طرح کے اور دوسرے افعال کے شروع میں داخل ہو کر حرف نفی کا کام انجام دیا کرتا ہے۔ یہ مذہب جمہور نحاۃ کا ہے جیسے وما کادوا یفعلون۔ اور بعض نحویوں نے کہا کہ ماضی اور مضارع دونوں کے شروع میں فعل کاد میں حرف نفی کچھ کام نہیں کریگا۔ بلکہ فعل کاد مثبت ہی رہے گا۔ اور بعض نحویوں نے دونوں نحویوں کا درمیانی راستہ اختیار کیا ہے کہ ماضی میں مثبت ہی رہے گا فعل باوجود منفی ہونے کے۔ اور مضارع میں حرف نفی کام کرے گا۔

محل النصب بانه خبره معناه[١] قرب مجئ زيد[٢] وحكم باقي المشتقات من مصدره كحكم كاد مثل[٣] لم يكد زيد يجئ ولا يكاد زيد يجئ وان[٤] دخل على كاد حرف النفي ففيه خلاف

(ترجمہ) محل نصب میں ہے اس بناء پر کہ اس کی خبر ہے اس کے معنی ہیں زید کا آنا قریب ہے۔ اور باقی مشتقات جو اس کے مصدر کے ہوں گے کاد ہی کا حکم رکھتے ہیں جیسے لم یکد زید یجئ قریب نہیں ہے کہ زید آئے اور زید آنے کے قریب نہیں ہوتا ہے اور اگر کاد پر حرف نفی داخل ہو تو اس میں اختلاف ہے۔

[١] معنا مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا قرب فعل مجئ مضاف زید مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل ہوا قرب فعل کا قرب فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ہوئی معناہ مبتدا کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [٢] واؤ مستانفہ حکم مضاف باقی المشتقات صیغہ اسم مفعول شبہ فعل من جار مصدر مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا اسم مفعول شبہ فعل کے اسم مفعول اپنے متعلق سے مل کر مضاف الیہ ہوا باقی مضاف کا۔ باقی مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ ہوا حکم مضاف کا۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا۔ کَ جار حکم مضاف لفظ کاد مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا ثابت مقدر کے۔ ثابت اپنے متعلق سے مل کر خبر۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [٣] مثل مضاف لم یکد فعل مقاربہ بحث نفی جحد بلم در فعل مستقبل معروف زید اس کا اسم یجئ جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ فعل مقاربہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ حرف عطف لا یکاد فعل مقاربہ مضارع معروف منفی زید اس کا اسم یجئ فعل ضمیر ہو اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ فعل مقاربہ اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر ہوئی مثالہ مبتدا محذوف کی۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا [٤] واؤ مستانفہ اِن حرف شرط دخل صیغہ واحد مذکر غائب بحث اثبات فعل ماضی معروف علیٰ حرف جر لفظ کاد مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا دخل کے۔ حرف مضاف النفی مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل ہوا دخل فعل کا۔ دخل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط۔ ف جزائیہ فی جار ہٗ ضمیر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ہوا متحقق شبہ فعل مقدر کے شبہ فعل اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم ہوئی خلاف مبتدا موخر۔ مبتدا موخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا [١٠٢] (متعلقہ صفحہ ١٠٢)

[١] قال صیغہ واحد مذکر غائب بحث اثبات فعل ماضی معروف بعض مضاف ہم مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل ہوا۔ ان حرف مشبہ بفعل حرف مضاف النفی مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر نداً الحال فی جار ہٗ ضمیر مجرور جار مجرور سے مل کر متعلق ثابتاً شبہ فعل مقدر کے ہو کر حال مطلقاً حال ثانی (باقی بر صفحہ ١٠٣)

قالؔ بعضهم ان حرف النفي فيه مطلقا يفيد معنى النفي وقالؔ بعضهم انه لا يفيده بل الاثبات باقٍ على حاله وقالؔ بعضهم انه لا يفيد النفي في الماضي وفي المستقبل يفيده

(ترجمہ) بعض نے کہا کہ کاد میں حرف نفی مطلقا نفی کے معنی کا فائدہ دیتا ہے اور بعض نے کہا کہ کاد نفی کا فائدہ نہیں دیتا بلکہ باقی کو اپنے حال پر ثابت رکھنے کے لئے آتا ہے اور بعض نے کہا، ماضی میں نفی کا فائدہ نہیں دیتا ہے اور مستقبل میں دیتا ہے۔

